اکتیسواں باب - ی

(یا)

یادداشت - تذکرۃٌ -

یادگار - تذکار -

یادگار قدیم - عادیٌّ ج عادیات منسوب بہ قوم عاد - جس کی قدامت مشہور تھی -

(یت)

یتیم خانہ - دارالایتام -

(یخ)

یخنی - سلسۃٌ - یخنۃٌ - یخنیٌّ -

(ین)

ینگچری - انکشاری - ینگچری کے نام سے

سلاطین ترکی نے نومسلم عیسائیوں کی ایک فوج قائم کی تھی - ایک زمانہ میں اس فوج نے اتنا زور پکڑا کہ جس سلطان کو چاہتی معزول کردیتی اور جسے چاہتی تخت پر بٹھادیتی روز روز کی بغاوت اور بدامنی سے تنگ آکر سلطان محمود مصلح نے اس فوج کے کلی استیصال کے لئے قدم اٹھایا - قسطنطنیہ کے گلی کوچوں میں سلطانی عساکر اور اس فوج میں ہولناک جنگ ہوئی جس کا اختتام اس فوج کی کامل تباہی پر ہوا -

(یو)

یورا کسیلنسی - سعادتک -

یورپین - فرنج - فرنجہ - افرنج -

یور ہائینس - سموک -

یونانی - اغریقی (گریک سے)

یونانی قوم - اغریق ج اغارقہ -

(گریک کی تعریف ہے)

یونیورسٹی - جامعۃ - دارالفنون - اونی ورستہ -

اللغات والامثال

حصّہ دوم

ضربُ الامثال

ضربُ الامثال

بابُ الالف

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(ابل) لم أبعر ولم أهب	میں اپنے اونٹ کو نہ بیچوں گا اور نہ مفت دوں گا۔	غاصب سے کہا جاتا ہے جو خواہ مخواہ کسی کی چیز پر قبضہ کرنا چاہے۔
بادابلی) عودی الی مبارکک	میرے اونٹ اپنے باڑے میں لوٹ جا	اس شخص سے کہا جاتا ہے کہ جو مناسب فعل سے قطع تعلق کرتا ہے۔
(ابن) عشرین فحلٌ و ابن ثلاثین کھلٌ و ابن اربعین معتدلٌ و ابنُ خمسین مرتحلٌ	بیس سال کا سانڈ ہے تیس سال کا ادھیڑ ہے چالیس سال کا معتدل ہے اور پچاس سال کا مسافر ہے	عمر کے مختلف ادوار میں انسان کے حالات اور خیالات کا آئینہ
(اتی) علیہم ذواتی	آیا ان پر جو آیا (ذو بمعنی الذی)	جو دوسروں پر آئی سو ان پر آئی۔ (یعنی موت)
(ابن) آدم الیوم فی القصور وغداً فی القبور وبعد غدٍ فی النشور	فرزند آدم آج محلات میں کل قبروں میں اور پرسوں حشر میں۔	حیات انسانی کا مآل۔
(اتتک) بحائنٍ رجلاہ	اجل رسیدہ کو اس کے پاؤں تیرے پاس لے آئے۔	اپنے پاؤں سے موت کے منہ میں آیا۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اتتک) بخائنٍ رجلاہ	خائن کو اس کے پاؤں تیرے پاس لے آئے۔	جیسی کرنی ویسی بھرنی۔
(یاتیک) کلّ غدٍ بما فیہ	ہر روز آئندہ وہی تجھے پیش آئے گا کہ جو اس روز مقدر میں ہے	پیش آئے گا وہی جو کچھ کہ پیشانی میں ہے۔
و (یاتیک) بالاخبار من لم تزوّدِ۔	تجھے وہ خبر پہنچائے گا کہ جسے تو نے زادِ راہ نہیں دیا۔	یعنی بہت سی باتیں ہمیں بلا طلب معلوم ہو جاتی ہیں۔ طرفہ کا قول ہے
کلُّ (آتٍ) قریبٌ	ہر آنے والا قریب ہے۔	یعنی جس کا آنا ضروری ہو اسے قریب سمجھو۔
(خُذ) الامر بقوابلہ	شروع ہی سے ہر امر کا بندوبست رکھو	حفظ ما تقدم کا خیال رکھو۔
لا (تؤخّر) عمل الیوم لغد	آج کا کام کل پر مت ڈال۔	آج کا کام کل پر مت چھوڑ۔
(آخر) الداء الکیُّ۔	مرض کا آخری علاج داغ ہے	آخری حیلہ کے لئے یہ ضرب المثل ہے ؎
(آخ) الاکفاء وداھن الاعداء	دوستوں سے برادرانہ سلوک کر اور دشمنوں سے نرمی کر۔	با دوستاں تلطّف با دشمناں مدارا قریب قریب ایسے ہی موقعہ پر کہا جاتا ہے۔ خالص المومن و خالق الفاجر۔ ؎ با مسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام۔
(اخوک) ام الذئبُ	تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا	بھائی ہے یا بیری مطلب یہ کہ بیری۔
ان (اخا) الھیجاءِ من یسعٰی معکَ	لڑائی کا بھائی وہ ہے کہ جو تیرے ساتھ کوشاں ہو۔	بھائی وہ جو پڑی میں کام آئے۔
(الادب) مال واستعمالہ	ادب مال ہے اور اس کا استعمال	اصل تنے کمال کا استعمال ہے۔ ورنہ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
کمالٌ	کمال ہے۔	کمال بے آل ہے۔
نعم (المودِّبُ) الدھرُ	زمانہ اچھا ادب سکھانے والا ہے	اگر انسان خود درست نہیں ہوتا تو مجبوراً زمانہ کے ہاتھوں ہوتا ہے۔
(ماربۃ) لاحفاوۃٌ	حاجت ہے نہ کہ تعظیم	یعنی اسے آپ سے غرض ہے اس لئے آپ کی تعظیم کر رہا ہے۔
اذا (اراد) اللہ امراھیّأ اسبابہ۔	جب اللہ کسی کام کا ارادہ کرتا ہی تو اس کے اسباب مہیا کر دیتا ہی	خدا ہی مسبب الاسباب ہے۔
(بالارض) ولدتک امُّکَ	تیری ماں نے تجھے زمین پر جنا	ایک مغرور کو بطور تنبیہ کہا جاتا ہی
لا (اصل) لہ ولا فصلَ	نہ اس کی جڑ ہے اور نہ شاخ مولف المنجد نے لکھا ہے۔ الاصل الحسب و الفصل اللسان و النطق مطلب ایک ہی ہے۔	نہ گھر کا نہ در کا۔
(الاصیلُ) یعملُ باصلہٖ	شریف اپنی شرافت سے کام کرتا ہے اصیل اپنی اصلیت سے کام کرتا ہے	شریف شریف ہی ہوتا ہے۔
(آفۃ) المروءۃِ خلف الوعد	انسانیت کی آفت وعدہ خلافی ہی	ان امثال میں بتایا گیا ہے کہ کس عمدہ خلق کو کونسی عادت بدنما کرتی ہے۔
(آفۃ) الجود الاسراف	سخاوت کی آفت فضول خرچی ہے	
(آفۃ) الحدیث الکذب	گفتگو کی آفت جھوٹ ہے۔	
(آفۃ) العلم النسیان	علم کی آفت بھول ہے۔	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ما (اکلت) فهو للدیدان وما تکفنت فهو للتراب وما خلفت فهو للوراث وما تصدقت فهو لک۔	جو کچھ تو نے کھایا وہ کیڑوں کے لئے اور جو تو نے کفن پہنا وہ مٹی کے لئے اور جو تو نے پیچھے چھوڑا وہ وارثوں کے لئے اور جو تو نے خیرات کی وہ تیرے لئے۔	اپنے ہاتھ سے نیکی کرنے کی خوبی جتائی ہے۔
(اکل) علیہ الدھر وشرب	زمانہ نے اس پر کھایا اور پیا	وہ کھائے کھیلے ہیں۔ ایک بڑی عمر کے بوڑھے کے لئے کہا جاتا ہے
(اکلتم) تمری وعصیتم امری	تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری نافرمانی کی۔	نمک کھا کر حرام کیا۔
(آکُلُ) لحمی ولا ادعه لآکلٍ	میں اپنا گوشت کھاؤں گا مگر دوسرے کو نہ کھانے دوں گا۔	یعنی مجھے اپنوں سے عداوت ہے لیکن غیر کے مقابلہ میں وہ عزیز ہیں۔
(یاکُلُ) التمر وارجُمُ بالنوی	خود کھجوریں کھائے جاتا ہے اور مجھ پر گٹھلیاں برسائی جاتی ہیں۔	میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو تھو۔
(یاکلہ) بضرسٍ ویطؤہ بظلفٍ	دانت سے اسے کھاتا ہے اور سم سے اسے روندتا ہے	احسان کش کے لئے بولا جاتا ہے جس ہاتھ سے کھانا اسی کو کاٹنا۔
(یاکل) بضرسِ الذی لم یُخلق۔	اس دانت سے کھاتا ہے کہ جو نکلا ہی نہیں۔	اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جو بلا کئے اپنی تعریف چاہتا ہے۔
(اکلاً) وذماً۔	کھانا اور بُرا کہنا	جس ہانڈی میں کھانا اسی میں چھید کرنا
حتی (یؤلفُ) بین الضبِّ	یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی میں اتفاق	چونکہ مچھلی خشکی میں زندہ نہیں رہ سکتی

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
والنون۔	ہو جائے۔	اور گو وہ لب ساحل نہیں جاتی اس لئے امر محال کے لئے یہ ضرب المثل وضع کی گئی۔
(اللہ) غنیٌّ وکلّنا فقراء بابہ	اللہ غنی ہی اور ہم سب اس کے در کے فقیر ہیں۔	بندہ ہر حال میں اُسی کا محتاج ہی۔
(اُمُّ) الاخرسِ تعرِف بلغات الخرسان۔	گونگے کی ماں گونگوں کی زبان سمجھتی ہی۔ اس کے مقابلہ میں اردو مثل ہی: "گونگے کی سین گونگا جانے یا اُس کے گھر والے"۔	یہ اُس وقت بولا جاتا ہی جب دو شخص اشاروں میں باتیں کرتے ہیں اور تیسرا اُن کو نہیں سمجھتا۔
آلی (امہ) یلھف اللھفان	مصیبت زدہ اپنی ماں کو ہی پکارتا ہے۔	یہ فقرہ اس وقت بولا جاتا ہی کہ جب کسی سے اعانت چاہی جائے ایسے ہی موقعہ پر ہندوستان میں کہتے ہیں۔ آپ ہی مائی باپ ہیں۔
(الامر) یعرِضُ دونہ الامر	ایک امر کہ اس کے سامنے اور امر پیش آگیا۔	رکاوٹ پر رکاوٹ۔
(لامرٍ مّا)[1] جدَعَ قصیرٌ انفہ	کسی بات کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔	ایسے موقعہ پر کہا جاتا ہے کہ جب حصول مقصد کے لئے کسی مکروہ حیلہ سے کام لیا جائے۔

[1] اس ضرب المثل کا تعلق عرب کے اس تاریخی واقعہ سے ہے کہ بادشاہ ریّان غسانی کو مشرقی

شام کے بادشاہ جزیمہ ابرش نے عرصہ جنگ میں قتل کر دیا۔ مقتول بادشاہ کی بیٹی زباء نے اپنے باپ کا بدلہ لینا چاہا لیکن بجائے علانیہ جنگ کے اس نے اپنی بہن کے مشورہ سے مکرو خدع سے کام لیا اور جزیمہ کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ صنف نازک ہونے کے باعث امور سلطنت کی انجام دہی سے قاصر ہے اسے ضرورت ہے جزیمہ جیسے بہادر کی کہ جو اس کے والد کی سلطنت کو اپنی قلمرو میں شامل کرلے اور اسے اپنی زوجیت میں لے لے جزیمہ کو یہ پیغام بمقام "بقہ" ملا جسے سنتے ہی اس نے اپنے معتمدین سے مشورہ کیا سب نے رائے دی کہ پیغام منظور کیا جائے لیکن ایک شخص قصیر نامی نے اختلاف کرتے ہوئے کہا رأیٌ فاتٌ وعدوٌ حاضرٌ یعنی رائے ضعیف ہے اور دشمن آپہنچا۔ اے بادشاہ اگر دال میں کالا کالا نہیں ہے تو آپ کہلا بھیجئے کہ زباء خود ہی چلی آئے۔ لیکن جزیمہ پر زباء کا جادو چل چکا تھا جزیمہ کی صائب رائے بے اثر رہی اور جزیمہ اپنے بھانجے عمرو بن عدی کو نائب السلطنت بنا کر زباء کے دارالسلطنت کی طرف روانہ ہو گیا جب نصف مسافت طے ہو چکی تو جزیمہ نے قصیر سے دریافت کیا کہ اب کیا رائے ہے قصیر نے جواب دیا ببقۃ ترکت الرأی یعنی میں بقہ میں رائے چھوڑ آیا اتنے میں زباء کے ایلچی تحائف لیکر آپہنچے جزیمہ نے پھر پوچھا کہ قصیر اب کیا کہتے ہو۔ اس نے کہا کہ خطرہ کم بھی ہے اور زیادہ بھی ابھی زباء کے سوار دستے پہنچنے والے ہیں اگر وہ تیرے آگے آگے چلیں تو سمجھ لینا کہ عورت وفا کی پوری ہے اور اگر وہ تیرے دائیں اور بائیں طرف ہو کر تجھے محاصرہ میں لے لیں تو سمجھ لینا کہ فریب ہے اس حالت میں عصا (جزیمہ کے گھوڑے کا نام ہے) پر سوار ہوتے ہی فرار ہو جانے کی کوشش کرنا۔ ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ سوار آپہنچے اور اس بھرتی سے سر پر پہنچے کہ جزیمہ عصا پر سوار نہ ہو سکا۔ لیکن قصیر کو عصا پر سوار ہونے کا موقع مل گیا اور وہ ایڑ لگاتے ہی ہوا ہو گیا جزیمہ نے جو مڑ کر دیکھا تو بول اٹھا۔

ادیٰ حزماً علی متن العصا
ما ضلَّ من تجری بہ العصا

یعنی میں عصا کی پیٹھ پر دانشوری کو سوار دیکھتا ہوں جسے عصا لے اڑا وہ گم راہ نہیں ہو سکتا غروب آفتاب تک عصا نے کئی کئی منزلیں طے کر ڈالیں اور آخر بے دم ہو کر گر گیا اور مر گیا۔ جس جگہ اس نے جان دی اس جگہ برج العصا کے نام سے ایک برج بنایا گیا۔

جب جزیمہ زباء کے محل میں پہنچایا گیا اور دونو کا آمنا سامنا ہوا تو زباء برہنہ ہو گئی اور کہنے لگی یا جزیمۃ اداب عروس تری یعنی اے جزیمہ تو نے دلہن کی حالت دیکھی جزیمہ نے جواب دیا بلغ المدی وجف الثری وامر غدر اری یعنی آخری وقت آپہنچا عداوت ظاہر ہو چکی اور غداری سامنے آگئی۔ زباء کے حکم سے جزیمہ کو شراب پلا کر بدمست کر دیا گیا اور سونے کا ایک طشت لایا گیا جس میں جزیمہ کی دو نوشہ رگیں کھول دی گئیں اور اس طرح سے اسے ہلاک کر دیا گیا۔

ادھر قصیر نے عمرو بن عدی کو جزیمہ کی گرفتاری کی خبر دی اور اسے گرمایا کہ اپنے ماموں کا قصاص ضرور لے مگر جب عمرو نے زباء کی قوت سے اندیشہ کا اظہار کیا تو قصیر نے کامیابی کے لئے ایک عجیب و غریب حیلہ تراشا اور کہا کہ میری ناک کاٹ ڈالئے اور میری کمر توڑ دیجیے پھر سب کچھ ہو جائے گا عمرو نے ایسا ہی کیا۔ قصیر روتا چلا تا زباء کے دربار میں پہنچا اور عمرو کی بدسلوکی کی من گھڑت داستان سنائی۔ زباء نے اس کی توقیر کی اور اپنے محل میں اسے فروکش کیا۔

زباء سے نجومیوں نے کہا تھا کہ تیری موت عمرو بن عدی کے ہاتھ سے ہوگی اور تو خود ہی اپنی موت کا سامان مہیا کرے گی۔ اس پیشینگوئی سے خوف زدہ ہو کر زباء نے اپنے محل میں ایک سرنگ تیار کرائی تھی اور ایک چابک دست مصور کو بھیج کر عمرو کی ہر حالت کی تصویر اتروائی تھی جب قصیر کو اس امر کی تسلی ہو گئی کہ زباء کو اس پر کامل بھروسا ہو چکا تو ایک دن اس نے زباء سے کہا کہ عراق میں میری دولت بمقدار کثیر پڑی ہے اگر اجازت ہو تو جا کر لے آؤں اور سب کچھ آپ کے قدموں پر نچھاور کر دوں۔ زباء نے اجازت دے دی۔

قصیر عمرو بن عدی کے پاس پہنچا اور اس کی رائے سے عمرو نے ایک فوج گراں اس طرح

سے تیار کی کہ ہر اونٹ پر بند صندوقوں میں دو دو مسلح سوار بٹھائے گئے اور خود عمرو بھی ہمراہ ہولیا جب زباء کے پایہ تخت میں یہ قافلہ پہنچا تو قصیر نے پھرتی سے عمرو کو سرنگ کے راستہ سے محل میں داخل کر دیا اور مسلح جوانوں نے صندوقوں سے نکلتے ہی تلواریں کھینچ لیں اور قتل عام شروع کر دیا۔ جب زباء کے کان میں قتل و غارت کی خبر پہنچی تو وہ فرار ہونے کی غرض سے سرنگ کی طرف بھاگی لیکن وہاں عمرو کو کھڑا پایا۔ یہ دیکھ کر اس نے اپنی انگوٹھی سے ہیرے کی کنی نکال کر نگل لی اور کہنے لگی بیدی لا بید عمرو یعنی اپنے ہاتھ سے مرتی ہوں نہ کہ عمرو کے ہاتھ سے۔ اتنا کہنے پائی تھی کہ اس پر عمرو اور قصیر جھپٹے جب اس نے قصیر کو دیکھا تو اس کی زبان سے یہ فقرہ نکلا لامرٍ مّا جدع قصیرٌ انفہ زباء کو تو عمرو اور قصیر کی تلواروں نے فنا کر دیا لیکن اس کے اس فقرہ نے ضرب المثل بنکر اس کے نام کو بقائے دوام بخشی۔

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
یا حبّذا (الامارۃ) ولو علی الحجارہ۔	حکومت خوب چیز ہے خواہ پتھروں پر ہو۔	مطلب ظاہر ہے
(تأمّل) العیب عیبٌ	عیب میں (دیر تک) سوچ بچار کرنا خود عیب ہے	عیب کو فوراً چھوڑنا چاہیے۔
آمنُ من الارض	زمین سے زیادہ امانت دار	زمین کی خاصیت ہے کہ جو تخم اس میں بویا جائے وہ اپنی جنسی صورت میں پودا بن کر نکلتا ہے اور زمین اس کی نوعیت کو نہیں بدلتی اس لئے وہ امانت دار ہے۔
(الامانی) تعمی عیون البصائر	خواہشیں بصیرتوں کی آنکھوں کو اندھا	مطلب ظاہر ہے

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
	کر دیتی ہیں۔	
(الایناس) قبل الابساس	دوھنے سے پہلے مانوس کرنا چاہئے الباس ماخوذ ہے بس بس سے۔ بس بس اونٹنی کو دوہنے کے وقت کہا جاتا ہے تاکہ وہ خاموش رہے	یعنی مقصد براری کے لئے مانوس کرنا پر اثر طریقہ ہے
(الانس) بالله نورُ ساطعٌ والانس بالخلق غمّ واقعٌ	اللہ کے ساتھ انس پھیلنے والا نور ہے اور مخلوق کے ساتھ اُنس آ پڑنے والا غم ہے۔	جب اللہ ہی باعث نجات دین و دنیا ہے۔
(الانسان) عبد الاحسان	انسان احسان کا بندہ ہے	(مطلب ظاہر ہے)
(الانسان) بالتفکیر والله بالتدبیر	انسان سوچ بچار کرتا ہے اور اللہ انجام کو دیکھتا ہے۔	تدبیر کند بندہ تقدیر کند خندہ
(انفک) منک وان کان اذنَّ	تیری ناک تیری ہی ہے خواہ بہہ رہی ہے۔	بھلے ہیں یا بُرے آپ ہی کے ہیں
(الانام) فرائس الایام۔	مخلوق زمانہ کی شکار ہے	(مطلب ظاہر ہے)
من (تانّی) ادرک ما تمنّیٰ	جس نے ڈھیل (یعنی سوچ بچار سے کام لیا اس کی تمنا پوری ہوئی۔	دیر آید درست آید
وکلّ (اناء) بالذی فیه یترشحُ	اور ہر برتن سے وہی شے چھلکتی ہے جو اس میں ہوتی ہے۔	کوزہ ہمیں تراود کہ در اوست
(اہل) الدنیا کرکّاب	دنیا والے کشتی کے سواروں کے	جہاز عمر رواں پر سوار بیٹھے ہیں سوار خاک ہیں بے اختیار بیٹھے ہیں

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
سفینۃٌ تسیر بھم وھم نیامون۔	مثل ہیں کہ کشتی انہیں لئے جارہی ہے اور وہ سو رہے ہیں۔	
علیٰ اہلہا تجنی براقش	براقش نے اپنوں ہی سے کھوٹ کی۔	"اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے"۔ ایک قبیلہ پر دشمن نے شب خون مارا اور اس کے اکثر افراد کو تلوار کے گھاٹ اتار دیا کچھ بقیۃ السیف بھاگ نکلے۔ اس قبیلہ کی ایک کتیا براقش نامی بھی ساتھ ساتھ بھونکتی ہوئی بھاگ نکلی۔ رات کی تاریکی میں یہ مفرور لوگ بچ جاتے مگر براقش کے بھونکنے کی آواز سے دشمن نے ان کا کھوج لگا لیا اور ایک ایک کو قتل کر ڈالا اس وقت سے یہ ضرب المثل مشہور ہے۔
(اول) الغضبِ جنونٌ وآخرہ ندمٌ۔	غصہ کا آغاز جنون سے ہوتا ہے اور اس کا انجام پشیمانی پر ہوتا ہے	(مطلب ظاہر ہے)
(اول) الغیثِ قطرٌ	باران شدید سے پہلے بوندا باندی ہوتی ہے۔	یعنی معمولی چھیڑ چھاڑ سے بڑا تنازعہ پیدا ہوتا ہے یا ابتدا ہر شے کی حقیر اور ناقابل التفات ہوتی ہے۔

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(اول) الشجرۃ النواۃُ	درخت کی ابتدا گٹھلی سے ہوتی ہے	یعنی چھوٹے واقعہ سے بڑا واقعہ بنتا ہے۔

باب الباء

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(البُر) ابقٰی من الوشاء	کنواں لیجو سے زیادہ دیرپا ہے	سخی کی عمر دراز۔
(کالباحثِ) عن حتفه بظلفه۔	اپنے سم سے اپنی موت کریدنے والے کے مثل۔	ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو اپنی بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے۔
(کالباحثِ) عن المُدیۃِ	چھرے کے کریدنے والے کے مثل	ایضاً قصہ اس طرح سے ہے کہ کسی شکاری کو شکار مل گیا۔ چونکہ ذبح کرنے کے لئے اُس کے پاس چھری نہ تھی اس لئے وہ حیران تھا لیکن اس کی مشکل اس طرح سے حل ہوگئی کہ شکار نے اس کے پنجہ سے رہائی پانے کے لئے جد وجہد کے سلسلہ میں زمین پر پاؤں مارنے شروع کئے اس کی اس حرکت سے مٹی کے نیچے سے ایک

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
		چھری نکل آئی جسے فوراً شکاری نے اٹھالیا اور جانور کو ذبح کر ڈالا۔
(البخیل) عدو اللّٰہ ولو کان زاھداً۔	بخیل دشمن خدا ہے خواہ وہ زاہد ہو	بخیل ار بود زاہد بحر و بر بہشتی نباشد بحکم خبر
(ابخلُ) من مادرٍ	مادر سے زیادہ بخیل	قبیلہ بنی ہلال کا ایک شخص مادر نامی بخل میں مشہور تھا ایک بار اس نے اپنے اونٹ کو حوض میں سے پانی پلایا اور تھوڑا سا پانی جو باقی رہ گیا اسے اس قدر گدلا کر دیا کہ دوسرے جانوروں کے پینے کے قابل نہ رہا۔
(البادی) اظلمُ	ابتدا کرنے والا (برائی کا) زیادہ ظالم ہے۔	(مطلب ظاہر ہے)
(ابدیٰ) الصریح عن الرغوۃ	صاف چیز جھاگ کے نیچے سے نکل آئی۔	یعنی جو اصلیت چھپائی جاتی ہے وہ بالآخر ظاہر ہو کر رہتی ہے۔
(بالبرّ) یُستعبد الحرّ۔	احسان کے بدلہ میں شریف کو غلام بنایا جا سکتا ہے	(مطلب ظاہر ہے)
(برُدُ) غداۃٍ غرّ عبداً من ظمأٍ۔	سویرے کی سردی نے غلام کو پیاس سے بے ڈر کر دیا۔	ایسے موقعہ پر کہا جاتا ہے کہ جب کسی امر میں احتیاط نہ کی جائے۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		واقعہ اس طرح سے ہے کہ ایک غلام سویرے ہی سفر پر چلدیا اور یہ خیال کرکے کہ آج سردی ہے راہ میں پیاس نہیں لگے گی اس نے پانی ہمراہ نہیں لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شدت تشنگی کے باعث اس نے راہ میں تڑپ تڑپ کر جان دیدی۔
(ابرد) من عُضرسٍ	پالے سے زیادہ ٹھنڈا۔	سرد چیز کے لئے ضرب المثل۔
(برضٌ) من عِدٍّ	بے تھاہ پانی میں سے تھوڑا سا پانی۔	سمندر میں سے قطرہ۔ اس شخص سے کہا جاتا ہے کہ جو ایک بڑے ذخیرہ میں سے تھوڑی سی چیز دے۔
لا (تبرم) الامر حتّٰی تفکر فیہ	کسی امر میں سچا کام حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس میں غور سے کام نہ لیا جائے۔	(مطلب ظاہر ہے)
انّما ھو (کبرق) الخُلّب	وہ تو صرف ابر بے آب کی بجلی کے مثل ہے	وعدہ خلاف کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔
ما کلّ (بارقۃٍ) تجود بمائھا	ہر بجلی والا بادل پانی نہیں برساتا	جو گرجتا ہے برستا نہیں۔
(ابصر) من عقاب	عقاب سے زیادہ تیز نظر والا	دور سے بھانپنے والے کے لئے بولا

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
جاتا ہے۔ قدیم الایام میں قوم عاد کے دو قبیلے طسم اور جدیس سرزمین یمامہ	زرقاء الیمامہ سے زیادہ تیز نظر والا	ابصر من زرقاءِ الیمامہ

میں سکونت رکھتے تھے سیاسی اقتدار طسم کو حاصل تھا اور اسی قبیلہ کے ایک خاندان کے ہاتھ میں زمام حکومت رہتی تھی جس فتنہ سے اس ضرب المثل کا تعلق ہے اس کا آغاز شاہ عملوق کے ایک جابرانہ دستور سے ہوا۔

شاہ عملوق کے ایک حکمنامہ کی روسے جدیس کی ہر لڑکی پابند تھی کہ وہ اپنی شادی کے بعد کی رات بطور شب زفاف اس کے عشرت کدہ میں گزارا کرے عرصہ تک جدیس اس ذلت آمیز دستور کا خوگر رہا ایک دفعہ اس کے سردار کی بہن عفیرہ کی شادی ہوئی اور دستور کے مطابق اسے بھی عملوق کی ہوس پرستی کا شکار بننا پڑا مگر وہ اپنی عصمت وری کو برداشت نہ کرسکی اور کپڑے پھاڑتی ہوئی اور اس طرح سے چلاتی ہوئی اپنے قبیلہ میں پہنچی ؎

لا احدٌ اذلّ من جدیس

اھٰکذا یفعل بالعروس

یعنی جدیس سے بڑھ کر کوئی ذلیل نہیں کیا دلہن کے ساتھ ایسا کیا جاتا ہے!!!

اس نے اپنے شوہر کے یہاں جانے سے انکار کیا اور اسی قسم کے اشعار سے (جنھوں نے قبیلہ بھر میں اشتعال پیدا کردیا) آگ لگاتی ہوئی قبیلہ میں پھر گئی اور انتقام کی ترکیب یہ نکالی کہ شاہ عملوق اور اس کے قبیلہ کو دعوت طعام دی گئی۔ اکل و شرب کا سامان ایک ایسے میدان میں کیا گیا کہ جہاں ریت میں تلواریں چھپا دی گئی تھیں جب شاہ عملوق اپنے قبیلہ سمیت دسترخوان پر ٹوٹ پڑا تو بہادران جدیس تلواریں نکالتے ہی اس پر ٹوٹ پڑے اور اس کے اور طسم کے ایک ایک فرد کے ٹکڑے ٹکڑے اڑا دئے۔ لیکن ایک شخص رباح نامی بچ نکلا اور اس نے یمن کے بادشاہ حسان بن تبع کے ہاں پناہ لی اور مدد کی درخواست کی جو قبول کی گئی جب شاہ یمن اپنی فوجیں لیکر بڑھا تو رباح نے کہا کہ میری بہن زرقاء الیمامہ قبیلہ جدیس میں بیاہی ہوئی ہے اس کی نگاہ اس قدر تیز ہے کہ وہ سوار کو تین منزل کی مسافت سے دیکھ لیتی ہے۔

اس لئے ہر بہادر ایک ایک پیڑ اپنے ہاتھ میں تھام لے اور اپنے بدن کو پیڑ کے پیچھے رکھے۔ اس تجویز پر فوراً عمل ہوا۔ مگر زرقاء الیمامہ نے اپنے کوٹھے کی چھت سے دشمن کو دیکھ ہی لیا اور پکار کر کہنے لگی کہ درخت چلے آرہے ہیں اور ان کے پیچھے انسانوں کی بھیڑ ہے ان اشعار میں اس نے اپنا مطلب ظاہر کیا ؎

انی ارٰی شجراً من خلفها بشر
فکیف تجمع الاشجار والبشر

میں دیکھ رہی ہوں کہ ہر درخت کے پیچھے آدمی ہے بھلا درخت اور آدمی کا کیا میل ہی ؎

ثوروا باجمعکم فی وجه اولهم
فان ذٰلك منکم فاعلموا ظفر

سب کے سب یکبارہ دشمن کے اگلے حصہ پر جا پڑو اس طریقہ سے کامیابی یقینی ہے۔
مگر افسوس اس کی نصیحت کارگر نہ ہوئی کسی نے یقین نہ کیا اور آخر دشمن سر پر آپہنچا جس نے سب مردوں کو تہ تیغ کر دیا اور بچوں عورتوں کو لونڈی غلام بنا لیا۔ جب شاہ حسان کو زرقاء الیمامہ کی نصیحت کا پتہ چلا تو اس نے اسے طلب کیا اور اس کی آنکھیں نکلوا ڈالیں۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(ابصر) الناس من نظر الی عیوبه۔	سب لوگوں سے زیادہ بینا وہی ہے کہ جو اپنے عیوب کو دیکھے	(مطلب ظاہر ہے)
(البطنة) تأفن الفطنة	شکم پری عقل کو زائل کر دیتی ہی	اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہی کہ جس کی عقل میں امارت سے فتور آجائے۔
ما ابعد) ما فات وما اقرب ما یاتی۔	کس قدر دور ہے جو فوت ہو چکا اور کس قدر قریب ہی جو آرہا ہے	جو گیا سو گیا اور جو آنا ہے وہ گویا اب آیا۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(البعد) من النجم	ثریا سے زیادہ دور ستارے سے زیادہ دور	شے بعید کے لئے بولا جاتا ہے۔
ان (البغاث) بارضنا یستنسر	ضعیف پرندے ہماری سرزمین میں عقاب بن جاتے ہیں	یعنی ہم ایسے قوی ہیں کہ کمزور سے کمزور ہماری پناہ میں آکر اپنے کو قوی سمجھتے ہیں
(کمبتغی) الصید فی عریسة الاسد۔	شیر کی کچھار میں شکار طلب کرنے والے کے مثل	ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو امر محال کے لئے کوشاں ہو۔ یا وہ ایسی جگہ سے حاجت روائی چاہتا ہو کہ جہاں مطلقاً کسی قسم کی امید نہ ہو۔ چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں
(البقبقة) فی ذقن قلة	بک بک کا نتیجہ ہنسی ہے	شیخی بگھارنے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔
(البقل) شهر و شوك دهرا	مہینہ بھر کی ترکاری اور زمانہ بھر کا کانٹا	کوہ کندن کاہ براوردن
ما (استبقاك) من عرضك الاسد	جس نے تجھے شیر کے آگے ڈال دیا وہ تیری بقا نہیں چاہے گا	کھلا بدخواہ ہے
لا (یبقی) شیئ علی حاله	کوئی شے اپنے حال پر نہیں رہتی	بیک ساعت بیک لحظہ بیک دم دگرگوں می شود احوالِ عالم
(ابقی) من الدهر	زمانہ سے زیادہ باقی رہنے والا	نہایت دیرپا
(باکر) تسعد	سویرے اٹھ دیا سویرے کام کر برکت پائے گا۔	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ما (تبلّ) احدیٰ یدیہ الاخریٰ۔	اس کا ایک ہاتھ دوسرے کو تر نہیں کرتا (یعنی نہیں دیتا)	یعنی نہایت بخیل ہے
(بلغ) السیلُ الزُبیٰ	سیلاب پشتوں تک پہنچ گیا۔	پیمانہ لبریز ہو چکا۔
(بلغ) السکینُ العظمَ	چھری ہڈی تک پہنچ گئی	ایضاً
(ابلغ) من قُسٍّ	قس سے زیادہ بلیغ	قُس فصاحت و بلاغت میں اپنا نظیر نہیں رکھتا تھا۔ "اما بعد البینة علی من ادّعیٰ والیمین علی من انکر" وغیرہ جملے اسی کے اختراع کردہ ہیں۔
ان (البلاء) موکّلٌ بالمنطق	زبان کے ذریعہ سے بلا کو مسلط کیا جاتا ہے	یعنی زبان کی بے احتیاطی سے کام بگڑ جاتا ہے اور بلا آتی ہے
ان (البلاء) یطلُب بیوت من عشق باللہ	بلا عاشقان خدا کے گھروں کو تلاش کرتی ہے	اللہ والے مصیبت میں رہیں تو عجیب نہیں
رُبّ (ابن) عمٍّ لیس بابن عم	بہت سے چچا کے بیٹے چچا کے بیٹے نہیں ہوتے	یعنی فائدہ نہیں پہنچاتے
(بنتُ) صفًا تقول عن سماعٍ۔	صفا (ایک پہاڑ ہے) کی بیٹی جو بات سنتی ہے وہی کہہ دیتی ہے۔ "بنت صفا" کی بجائے "بنت الجبل" بھی کہا جاتا ہے	اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو خود کوئی رائے نہیں رکھتا ہو بلکہ ہر ایک کی ہاں میں ہاں ملا دیتا ہے

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
یعنی قوم میں پھوٹ پڑگئی اور قوم تباہ ہوگئی۔ خارپشت کا سر اُس کے غلاف سے نکالنے کے لئے لومڑی اس پر پیشاب کرتی ہی جسے خارپشت بارش سمجھتی ہی اور بھاگنے کی غرض سے سر باہر نکال دیتی ہے۔	لومڑیوں نے ان میں پیشاب کردیا	(بالت) بینھم الثعالب
	اگر الّو میں کوئی خوبی ہوتی تو اسے شکاری نہ چھوڑتا	لوکان فی (البومۃ) خیرٌ ماترکھا الصیّاد۔
ایک عورت سے کسی نے کچھ مانگا لیکن وہ تنگ دست تھی اس نے انکار کیا سائل نے کہا کہ تو بخل کرتی ہی عورت نے جواب دیا بیتی یبخل لا انا۔	میرا گھر بخل کرتا ہے نہ کہ میں	(بیتی) یبخل لا انا
بد دعا	اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی (خوشحالی) کو برباد کرے	(اباد) اللہ خضراءَھم
آج نقد کل اُدھار۔ نونقد نہ تیرہ اُدھار	آج کا انڈا کل کی مرغی سے بہتر ہی	(بیضۃ) الیوم خیر من دجاجۃ الغد
؎ نہ ہر کہ مو بتراشد قلندری داند نہ ہر کہ آئینہ دارد سکندری داند	ہر ایک سفید چیز چربی نہیں ہوتی اور ہر ایک سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی	ما کل (بیضاءَ) شحمۃٌ ولا کل سوداءَ تمرۃٌ
اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب پڑوسی کی	میں نے اپنا پڑوسی بیچا ہی نہ کہ گھر	(بعت) جاری ولم أبع

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
داری		بدسلوکی سے تنگ آکر کوئی شخص اپنا گھر چھوڑ کر چلا جائے یا دوسرے کی بدشگونی کے لئے اپنی ناک کٹوانا
لا (تبع) نقداً بدین	نقد کو قرض کے بدلے نہ بیچ	نقد را بنسیہ گزاشتن کا اخرد منداں نیست
ان (ابتلیتم) ببلیتین فاختاروا اھونہما	اگر تمہیں دو مصیبتوں میں مبتلا کیا جائے تو تم ان دونوں میں سے آسان کو اختیار کرلو	آسان پسندی کی ترغیب
کل (بیت) لا ید خلہ ضیفٌ لا ید خلہ الملائکہ	ہر وہ گھر کہ جس میں مہمان داخل نہیں ہوتا اُس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔	مہمان نوازی کی ترغیب
قد (بیّن) الصبحُ لذی العینین	صبح آنکھوں والے کے لئے ظاہر ہوگی	یعنی اہل بصیرت کے لئے حقیقت ظاہر ہوگئی
ان من (البیانِ) لسحراً	بعض بیان جادو ہے	پر اثر تقریر کے لئے کہا جاتا ہے

باب التاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
انا (تئق) وانت مئقٌ فکیف متفق	میں غصہ والا ہوں اور تو کم برداشت ہے پھر ہم میں کیونکر اتفاق رہ سکتا ہے	؎ اگر در ہر دو جانب جاہلانند اگر زنجیر باشد بگسلانند
(التاجر) الجبان لا یربح	کمزور دل سوداگر نہ فائدہ اُٹھاتا	؎ ہمت بلند دار کہ پیش خدا و خلق باشد بقدر ہمت تو اعتبار تو

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ولا يخسر	ہے نہ نقصان	
(اتباع) الشهوة مفتاح الندامة	شہوت کی تابعداری ندامت کی کنجی ہے	جذبات پر قابو رکھو
لا (تجارة) كالعمل الصالح	عمل نیک جیسی کوئی تجارت نہیں	ترغیب عمل نیک
(ترک) الذنب خير من استغفار۔	گناہ کا ترک استغفار سے بہتر ہے۔	ترغیب احتیاط
(ترک) ظبیٌ ظلّهٗ	ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا	اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جو امن و اماں کو خیرباد کہہ کر خطرہ مول لے لے
(ترکتهم) فی حیصٍ وبیصٍ	میں نے ان کو فراری اور مصیبت کی حالت میں پایا۔	ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو ایسی مصیبت میں گرفتار ہو کہ جس سے نہ نجات ملتی ہو اور نہ راہ فرار
ما (ترک) الاول للآخر شيئاً	پہلے نے دوسرے کے لئے کچھ نہ چھوڑا	لہذا دوسرا غریب مجبور تھا یا جو کچھ اس نے کیا اپنی ہی قوت بازو سے کیا
من (ترک) الشهوات عاش حرّاً	جس نے شہوتوں کو چھوڑا اس نے آزادانہ زندگی بسر کی	ترغیب قناعت و خود داری
لا (يترک) الظبي ظلّهٗ	ہرن اپنا سایہ نہیں چھوڑتا	اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو اپنے پسند خاطر کام یا مقام کو نہ چھوڑے
(اترکِ) الشرّ يترکک	تو شر کو چھوڑ دے وہ تجھ کو چھوڑ دے گا	بدی کو چھوڑ
(ترکُ) الانام يُعلي المقام	مخلوق کا ترک درجہ کو بلند کرتا ہے	ترغیب خود داری

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(ترکُ) الجواب علی الجاہل جواب	جاہل کو جواب نہ دینا جواب ہے،	جواب جاہلاں باشد خموشی
(ترکُ) ما لا یصلح اصلحُ	جو شے خوبی نہیں رکھتی اس کا چھوڑ دینا خوب تر ہے	ترغیب احتیاط
اذا (تمّ) العقل نقص الکلام	جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو گفتگو میں کمی آجاتی ہے	ترغیب کم گوئی
(اتمُّ) من قمر التمِ	بدر کامل سے زیادہ کامل	نہایت کامل۔
(التائب) من الذنب کمن لا ذنب له	گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی جیسا کہ گناہ نہ کرنے والا	ترغیب عفو و کرم (توبہ کے معنی ہیں گناہ سے ہمیشہ کے لئے دست بردار ہو جانا)
(تاج) المروءة التواضع	انسانیت کا تاج تواضع ہے (تواضع بمعنی انکسار)	ترغیب انکسار۔
(تاج) الملک عفافه و حصنه انصافه	بادشاہ کا تاج اس کی پاکبازی ہے اور اس کا قلعہ اس کا انصاف ہے	ترغیب عفاف و انصاف
(اتیه) من قوم موسٰی	قوم موسیٰ سے زیادہ حیران	اتیہ تیہ سے مشتق ہے۔ تیہ ایک طویل و عریض میدان تھا جس میں ۴۰ سال تک موسیٰ کی قوم حیران و سرگرداں پھر رہے

باب الثاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
اربعۃ لا (یثبت) معھا ملکٌ غش الوزیر وسوء التدبیر وخبث النیۃ وظلم الرعیۃ	چار چیزیں ہیں کہ ان کے ہوتے ہوئے سلطنت قائم نہیں رہ سکتی وزیر کی خیانت. بد تدبیری. بدنیتی اور رعیت پر ظلم	عمال کا دستور العمل
ماله (ثاغیۃٌ) ولا راغیۃٌ	نہ اس کے پاس بکری ہے اور نہ اونٹنی.	یعنی تہی دست ہے
(اثقلُ) من اُحُدٍ	احد سے زیادہ بھاری (احد ایک پہاڑ ہے مدینہ منورہ کے قریب)	نہایت بھاری بھرکم اور بُردبار.
(ثلثۃٌ) قلیلها کثیر المرض والنار والعداوۃ.	تین ہیں کہ جن کا قلیل کثیر ہے (۱) مرض (۲) آگ (۳) دشمنی	ان کو حقیر نہ سمجھنا چاہئے
لا (یثمر) الشوک العنب	کانٹے سے انگور پیدا نہیں ہوتا	ہرگز از شاخ بید بر نخوری یعنی بے مروت سے کبھی فائدہ نہیں پہونچ سکتا
(ثمرۃُ) الجبن لا ربح ولا خسرٌ.	بزدلی کا ثمرہ نہ نفع والا ہے اور نہ نقصان والا	بزدل کا عدم وجود برابر ہے
(ثمرۃ) العجلۃِ الندامۃُ	جلد بازی کا ثمرہ ندامت ہے	جلد بازی بُری ہے
لکل (ثوبٍ) لابسٌ	ہر کپڑے کا کوئی نہ کوئی پہننے والا ہے	چیز کبھی نہ کبھی کام آجاتی ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(الثور) یحمی انفہٗ بروقہ	بیل اپنی ناک (یعنی عزت) اپنے سینگ سے بچاتا ہے	یعنی عزت بچانے کے لئے طاقت کام آتی ہے

باب الجیم

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اجبن) من نعامۃ	شتر مرغ سے زیادہ بزدل	شتر مرغ بزدلی میں مشہور ہے
ان (الجبان) حتفہ من فوقہ	بزدل کی موت اس کے اوپر سے ہے	بزدل کے لئے کہا جاتا ہو کہ جسے بزدلی نہیں بچا سکتی جیسا کہ انگریزی میں کہا جاتا ہو (Coward dies before his death)
(الجحش) لما فاتک الاعیار	گدھے کا بچہ ہی سہی جبکہ تجھے گدھے نہیں ملتے۔ جحش بر بنائے مفعول منصوب ہے، اس سے پہلے اُطلُب مقدر ہے	یعنی اگر تمام مقصد حاصل نہیں ہوتا ہو تو تھوڑا سا ہی مقصد حاصل کر لینا چاہیے "چور نہیں تو چور کی لنگوٹی ہی سہی"۔
من (جدَّ) وجدَ	جس نے کوشش کی اس نے پالیا	ترغیب سعی
(جِدَّ) لامرئ یجدُّ لکَ	آدمی کے لئے خیر چاہ وہ تیرے لئے خیر چاہے گا۔	خیر خواہی عام کی ترغیب
(جدُّک) لا کدُّک	تیری کوشش کام آئے گی نہ کہ زاری۔	ترغیب سعی

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لا (جدیدَ) لمن لا خلقَ له	جس کے پاس پُرانا کپڑا نہیں اس کے پاس نیا نہیں	داشتہ آید بکار یعنی جو شخص کاروبار کے وقت بھی پرانے کپڑے نہیں پہنتا اس کے نئے کپڑے نئے نہیں رہ سکتے مقصد یہ ہی کہ کسی شے کو ضائع مت کرو
من (اجدبَ) انتجع	قحط زدہ کو چارہ کی تلاش کرنی پڑتی ہے	ضرورت کے وقت حقیر شے بھی قابل قدر ہو جاتی ہے
(جُدَحَ) جُوَیْنٌ من سویق غیرہ	جوین نے دوسرے کے ستو کو گھولا	مفت کرم داشتن ۔ حلوائی کی دوکان باوا جی کی فاتحہ ۔ بزاز کی گٹھری پہ جھینگر دلال یعنی دوسرے کے مال سے سخاوت ۔
بعض (الجدب) امرأ للهزیل	دبلے کے لئے بعض قحط خوشگوار ہوتا ہے	ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جس کا مزاج تمول کی وجہ سے بگڑ جائے اور وہ زیادتی پر اتر آئے
(جِذلُ) حُکاکٍ	خارش (کے رگڑنے) کی جڑ (جذل کہتے ہیں درخت کی جڑ کو)	ایک ایسے راہنما کو کہا جاتا ہے کہ جس کی رائے پر پبلک عمل کرتی ہو۔
کل (یجُرُّ) النار الی قرصه	ہر شخص آگ کو اپنی روٹی کے ٹکڑے کی طرف کھینچتا ہے	یعنی اپنی مطلب براری چاہتا ہی (اردو بسولے کا کاٹ کاٹنا)
(اجرأ) من ذی لُبدةٍ	ایال دار (شیر ببر) سے زیادہ دلیر	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اجرا) من ذباب	مکھی سے زیادہ دلیر	مکھی کی دلیری کا ثبوت یہ ہے کہ وہ جبار بادشاہوں کی ناک پر بیٹھنے سے نہیں ڈرتی۔
(کالجراد) لا یُبقی ولا یَذرُ	ٹڈی دل کی طرح سے نہ کچھ باقی رکھتا ہے اور نہ کچھ چھوڑتا ہے	ظالم اور حریص کے لئے بولا جاتا ہے
(جرعٌ) واوشالٌ	خوب سیراب ہو کر پینا اور پانی تھوڑا سا	جو شخص قلیل سرمایہ میں فضول خرچی کرے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے
(الجرعُ) اروی والرشیف انقعُ	غٹ غٹ پی جانے سے پیٹ بھر جاتا ہے اور آہستہ آہستہ پینے سے پیاس بجھتی ہے	ترغیب قناعت و توکل و آہستگی
لا (جُرم) بعد الندامة	پشیمانی کے بعد کوئی جرم نہیں	قصور پر نادم ہونا بہتر ہے
اذا (جریٰ) المذکّی حسرت عنه الحُمُرُ	جب اسپ کامل دوڑنے لگا تو گدھے اس سے پیچھے رہ گئے	پورا پورا ہے ادھورا ادھورا
(تجری) الریاح بما لا تشتهی السُفُنُ	ہوا کشتیوں کی خواہش کے خلاف چل پڑتی ہے (یعنی سمت مخالف کو چل پڑتی ہے)	؎ فرشتہ کہ وکیل است بر خزائن باد چہ غم خورد کہ بمیرد چراغِ بیوہ زنے
(الجزعُ) عند المصیبة مصیبةٌ اخریٰ	مصیبت کے وقت گھبرانا دوسری مصیبت ہے	لہٰذا خدا پر بھروسا رکھ کر گھبرانا نہ چاہیے
(جزاه) جزاءَ سِنِمّارٍ	اس نے اسے سنمار کا سا عوض دیا	سنمار روم کا ایک کاریگر معمار تھا جس نے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		شاہ نعمان کے لئے کوفہ کے قریب ایک لاجواب محل تیار کیا تھا نعمان نے یہ خیال کرکے کہ ایسا محل کسی دوسرے بادشاہ کے لئے تیار نہ ہو جائے سنمار کو محل سے نیچے گرا کر ہلاک کر دیا سلیس شاعر نے کہا ہے جزانی ابوالخنم علیٰ ذات بیننا جزاء سنمار دما کان اذنب
(جزیتہ) کیل الصاع بالصاع	میں نے اسے صاع کے بدلہ میں صاع ناپ کر دیا	اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب نیکی کے عوض میں نیکی کی جائے اور بدی کے عوض میں بدی کی جائے اردو مثل۔ "ٹھیرے ٹھیرے بدلا"
(جعجعۃً) ولا ادری طحناً	گھوں گھوں سن رہا ہوں مجھے آٹا تو دکھائی دیتا نہیں۔ جعجعۃ چکی کی آواز کو کہتے ہیں	وعدہ خلافی کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے "گرجتے ہیں مگر برستے نہیں"
(اجفیٰ) من الدھر	زمانہ سے زیادہ ظالم	نہایت ظالم
(جلد) الخنزیر لا یندابغ	سور کی کھال دباغت کو قبول نہیں کرتی	چکنے گھڑے پر پانی نہیں ٹھیرتا
تحت (جلد) الضأن قلب الاذؤب	بھیڑوں کی کھال کے نیچے بھیڑیوں کا دل	شاہ کے بھیس میں چور۔ بگلا بھگت

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(جلیس) المرءِ مثله (جلّی) محبًا نظرُہٗ	آدمی کا ہم صحبت ویسا ہی ہوتا ہے، اس کی نگاہ سے دوست کا پتہ صاف طور سے چل گیا	صحبت کا اثر ہوکر رہتا ہی۔ لہذا بہت سوچ سمجھ کر اختیار کرنی چاہیئے۔
لا (یُجمع) سیفان فی غمدٍ	ایک ہی میان میں دو تلواریں جمع نہیں کی جاسکتیں	مختلف الطبائع لوگ ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتے
ما (تجمع) بین الاروی والنعام	پہاڑی بکرے اور شترمرغ یکجا نہیں ہوسکتے	چونکہ پہاڑی بکرے اونچی چوٹیوں پر اور شترمرغ میدانوں میں رہتے ہیں اس لئے ان کا جمع ہونا ناممکن ہی (مطلب بشرح بالا)
(اجمعُ) من نملةٍ	چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا	یعنی حریص
من (اجمل) قیلهٗ سمع جمیلهٗ	جس نے مجمل طور سے بات کی اس نے اچھا سنا	ترغیب مختصر گوئی
ان (جانبٌ) اعیاک فالحق بجانب	اگر ایک طرف تجھے تھکا دے تو دوسری طرف توجہ کر	ایک کام سے تھک جاؤ یا نفع نہ دیکھو تو دوسرا اختیار کرو۔
(الجنسُ) یمیل الی الجنس	جنس جنس کی طرف مائل ہوتی ہی	کند ہم جنس با ہم جنس پرواز
انک لا (تجنی) من الشوک العنب	تو کانٹوں سے انگور نہیں چنے گا (ہرگز از شاخ بید بر نخوری)	یعنی ظلم وستم کرنے کے بعد نیک نامی کا امیدوار مت ہو۔ ہیمنت لبندست گر بشنوی که گر خار کاری سمن ندروی
(اجناؤہا) ابناؤھا	اس کے (یعنی مکان کے) مجرم	یمن کا ایک بادشاہ جنگ پر جاتے ہوئے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	اس کے بنانے والے ہیں	اپنی بیٹی کو نائب السلطنت بناتا گیا۔

جس نے اس کی غیر حاضری میں بعض امرائے سلطنت کے کہنے سے ایک مکان تعمیر کرایا۔ بادشاہ جب واپس آیا تو مکان کو دیکھ کر ناراض ہوا اور جن لوگوں کے مشورہ سے وہ بنا تھا انھیں حکم دیا کہ وہ اسے گرا دیں۔ یہ مثل غلط مشورہ دینے والوں کے لئے استعمال کی جاتی ہے یا ایسے گمراہ کن لوگوں کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے کہ جو کسی کو اپنی رائے سے تباہ کرڈالیں۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لولا الجہل الجاھل لم یُعرف لبُّ العاقل	اگر جاہل کی جہالت نہ ہوتی تو عاقل کی عقل کی شناخت نہ ہوتی۔	جہل اور جاہل کی مذمت
الجہل مطیّۃٌ من رکبہا ذلّ ومن صحبہا ضلّ	جہالت ایک سواری ہے کہ جو اس پر سوار ہوا ذلیل ہوا اور جو اس کے ساتھ رہا گم راہ ہوا	جہل اور جاہل کی مذمت
الجہل موت الاحیاء	جہالت زندوں کی موت ہے	جہل اور جاہل کی مذمت
الجاہل عدوٌّ لنفسہ فکیف یکون صدیقًا لغیرہ	جاہل اپنا ہی دشمن ہے پھر وہ کسی دوسرے کا دوست کیونکر ہو	جہل اور جاہل کی مذمت
اجہل من عقربٍ	بچھو سے زیادہ جاہل	بچھو کی جہالت اس لئے مشہور ہے کہ وہ ٹھوس چٹان پر بھی نیش مارتا ہے۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اجہل) الناس من یمنع البرّ ویطلب الشکرو یفعل الشرّ ویتوقع الخیر	جاہل ترین وہ شخص ہے کہ جو نیکی کو روکتا ہے اور شکریہ کا طالب ہوتا ہے برائی کرتا ہے اور خیر کا طالب ہوتا ہے	ایسا شخص جاہل بھی ہے اور احمق بھی
وعند (جہینۃ) الخبر الیقین	جہینہ کو یقینی طور سے خبر معلوم ہے	اس مثل کا تعلق اس واقعہ سے ہے کہ بنو غطفان میں سے ایک شخص حصین اور بنو جہینہ میں سے ایک شخص اخنس بن کعب

رہ زنی کے لئے نکلے یہ دونوں اس فن میں طاق تھے۔ راہ میں یہ دونو قبیلہ لخم کے ایک شخص سے ملاقی ہوئے جس نے انہیں کھانے میں شریک کیا کھانے سے فارغ ہو کر اخنس کسی ضرورت کے لئے کہیں چلا گیا جب وہ واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ لخمی کی لاش خون میں لتھڑی ہوئی پڑی ہے اس نے حصین سے کہا کہ جس شخص نے ہمیں شریک دسترخوان کیا اسے قتل کر دینا کیسی شرافت ہے حصین نے کہا کہ بھئی ہمارا کام تو یہی ہے اور اسی کے لئے ہم دربدر مارے پھر رہے ہیں۔ پھر یہ دونوں ادھر ادھر کی باتوں میں مشغول ہوگئے۔ حصین نے ارادہ کیا کہ وہ اخنس کو بھی کسی بات میں لگا کر دھوکہ سے قتل کر ڈالے مگر وہ سمجھ گیا اور چوکنا ہو گیا کچھ دیر کے بعد اخنس سے کہا کیوں بھئی تم پرندے سے فال نکال سکتے ہو۔ حصین نے کہا کہ ہاں ہاں پوچھو۔ اخنس نے پوچھا کہ یہ عقاب کیا کہتا ہے۔ حصین منہ اٹھا کر آسمان کی طرف تکنے لگا کہ اتنے ہی میں اخنس نے تلوار سے اس کے دو ٹکڑے کر دئے اور دونوں مقتولوں کا مال سمیٹ کر گھر کی طرف چلدیا۔ راہ میں اس نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ حصین کے متعلق دریافت کر رہی تھی۔ اخنس نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے اس نے کہا حصین کی بیوی صخرہ ہوں۔ یہ

سن کر اخنس نے یہ شعر پڑھا اور چل دیا ؎

تسائلُ عن حصینٍ کلّ رکبٍ
وعند جھینۃَ الخبرُ الیقینُ

تو ہر سوار سے حصین کی بابت دریافت کرتی ہے یقینی خبر تو جہینہ ہی کو معلوم ہے۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (جاد) ساد وجلَّ ومن بخل رذُل وذَلَّ	جس نے سخاوت کی وہ سردار اور بزرگ بنا اور جس نے بخل کیا وہ کمینہ اور ذلیل ہوا	سخاوت کی محمدت اور بخل کی مذمت
(اجود) من حاتمٍ	حاتم سے زیادہ سخی	نہایت سخی
ان (الجوادَ) قد یعثرُ	تیز رفتار گھوڑا کبھی پھسل بھی پڑتا ہے	یعنی ہوشمند زیرک سے کبھی غلطی بھی ہوجاتی ہے
لکل (جوادٍ) کبوۃ	ہر تیز رفتار گھوڑے کے ساتھ گرد و غبار ہے	مشکلات اور مصائب نیک کے لئے بھی ہوتے ہیں۔
(مجیر) ام عامرٍ ہذا (جزاء) مجیر ام عامرٍ	بجو کے پناہ دینے والے کے مثل یہ بجو کو پناہ دینے والے کی جزا ہے	کچھ لوگ شکار کے لئے نکلے راہ میں انہیں ایک بجو ملا جس کا انہوں نے تعاقب کیا وہ بھاگتا بھاگتا ایک بدو کے خیمہ میں

جا گھسا۔ بدو کو اس پر ترس آیا اور باہر ان لوگوں سے دریافت کرنے لگا کہ کیا بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بجو ہمارا شکار ہے اور ہمارا ہی ہانکا ہوا ہے۔ بدو کو غصہ آیا اور تلوار کھینچ کر کہنے لگا کہ خبردار میں جب تک دست بشمشیر ہوں تم اسے ہاتھ نہیں لگا سکتے۔ یہ سن کر وہ لوگ چلے گئے۔ بدو اندر آیا اور اس نے بجو کو کھلا پلا کر خوب تواضع کی۔ تھوڑی دیر کے بعد جب وہ سو گیا تو بجو نے

اس کی خاطر مدارات کا بدلہ یہ دیا کہ جھپٹ کر اس کا پیٹ پھاڑ دیا اور اس کا خون پینے لگا۔ اتنے ہی میں اس کا چچا زاد بھائی داخل ہوا اور یہ نظارہ دیکھتے ہی اس نے بجو کو قتل کر دیا اور کہنے لگا ؎

ومن یصنع المعروف فی غیر اهله
یلاقی الذی لاقی مجیر ام عامر

یعنی جو نا اہل پر احسان کرتا ہے وہ وہی پاتا ہے کہ جو بجو کو پناہ دینے والے نے بجو سے پایا ؎

نکوئی با بداں کردن چناں ست
کہ بد کردن بجائے نیک مرداں

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
یعنی گھر آباد کرنے سے پہلے پڑوسی کو دیکھو کہ کیسا ہے	پڑوسی پھر گھر	(الجار) ثم الدار
	قریب والے پڑوسی کی حفاظت کر تجھ پر دور والا غالب نہ آئے گا	(جارک) الادنی لا یعلک الاقصی
یعنی شریف زادی بھوک اور تنگی برداشت کرتی ہی مگر دوسرے بچوں کو دودھ پلا کر گزر اوقات کرنا گوارا نہیں کرتی ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو افلاس کی حالت میں بھی عزت نفس کا خیال رکھے اور کوئی ذلیل پیشہ اختیار نہ کرے	شریف عورت بھوکی رہتی ہے اور اپنے پستانوں سے دکما کر نہیں کھاتی	(تجوع) الحرة ولا تاکل بثدیها
کمینہ خصلت انسان کے بارے میں کہا	اپنے کتے کو بھوکا رکھ وہ تیری	(اجع) کلبک یتبعک

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	تابعداری کرے گا	جاتا ہے کہ وہ اسی وقت تک سیدھا رہتا ہے کہ جب تک اسے دبایا جائے۔
(اجوعُ) من ذئبٍ	بھیڑیئے سے زیادہ بھوکا	نہایت حریص
(اجوع) من کلبۃ حوملٍ	حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا	حومل ایک عورت کا نام ہے اس کی ایک کتیا تھی جسے وہ تمام رات پہرہ دینے کے لئے گھر میں رکھتی تھی اور دن کو کھلائے پلائے بغیر گھر سے باہر نکال دیتی تھی آخر کتیا نے بھوک سے تنگ آکر اپنی ہی دم کو کاٹ کھایا۔
من (جالَ) نالَ	جو گھوما اس نے پایا	ترغیب سعی
(جولۃ) الباطل ساعۃ وجولۃ الحق الی قیام الساعۃ	باطل کا دَور ایک گھڑی ہے اور حق کا دور قیامت تک ہے	کاٹھ کی ہنڈیا ایک بار چڑھتی ہے کاغذ کی ناؤ تھوڑی دور چلتی ہے۔
(جاءَ) بقرنی حمارٍ	وہ گدھے کے دونوں سینگ لایا	سفید جھوٹ
(جاءَ) بذات الرعد والصلیل	وہ گرج اور کڑک والے بادل لایا	شر عظیم پیدا کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے
اذا (جاءَ) اجل البعیر حام حوال البیر	جب اونٹ کی موت آتی ہے تو وہ کنوئے کے اردگرد گھومتا ہے	جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں
اذا (جاءَ) الحین حارت العین	جب موت آتی ہے تو آنکھ گھبرا	جب موت یا مصیبت آ ہی جاتی ہے تو

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	جاتی ہے	
اذا (جاءَ) القدر غشی البصر	جب قضاء و قدر آپہنچتی ہے تو آنکھ پر پردہ پڑ جاتا ہے	کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی اور کچھ نہیں سوجھتا۔
(جاؤا) قضّاً و قضیضاً	بڑے چھوٹے سب ہی آگئے	طنزاً ناخواندہ مہمانوں کے لئے
(جاءَ) القوم قضّھم و قضیضھم	قوم کے بڑے چھوٹے سب ہی آگئے	
(جیفۃٌ) لا تُعکّرُ بحراً	مردار سے سمندر گندا نہیں ہوتا	کمینوں کے ستانے سے شریف کی بے عزتی نہیں ہوتی

باب الحاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(حبّ) الدنیا راس کل خطیئۃٍ	دنیا کی محبت ہر گناہ کا سر ہے	
من (احبّ) شیئاً اکثر ذکرہٗ	جو شخص جس چیز کو پسند کرتا ہے اسی کا ذکر زیادہ کرتا ہے	
(حُبّک) الشیٔ یُعمی و یُصِمُّ	کسی چیز سے تیری محبت اندہا اور بہرا بنا دیتی ہے	حب مفرط کے متعلق مختلف تجربے اور اقوال حکمت
(حُبُّ) المال یفسد المآل	مال کی محبت انجام کو خراب کر دیتی ہے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لیس فی (الحبّ) مشورۃٌ	محبت کے بارے میں کوئی مشورہ نہیں	
(احبّ) شیئٍ الی الانسانِ ما منع	انسان کے نزدیک ممنوع شے زیادہ محبوب ہے	جیسا کہ ایک شاعر کا قول ہے رأیت النفس تکرہ ما لدیہا وتطلب کل ممتنع علیہا
لا (احبّ) دمی فی طست ذہبٍ	سونے کے طشت میں مجھے اپنا خون پسند نہیں	میں نے دیکھا کہ نفس اس چیز کو ناپسند کرتا ہے کہ جو اس کے پاس ہو اور اس چیز کو چاہتا ہے کہ جو اس کے لئے ممنوع قرار دی گئی
من (الحبّۃ) تنشأ الشجرۃ	دانہ ہی سے درخت پیدا ہوتا ہے	یعنی چھوٹے امور پر بڑے امور کا انحصار ہے
(حبلکِ) علی غاربکِ	تیری رسی تیرے کندھے پر	یعنی جدھر تیری مرضی چلا جا
رُبّ (حثیثٍ) مکیثٌ	بعض جلدی کرنے والا دیر کرنے والا ہوتا ہے	یعنی بعض اوقات انسان کسی کام میں جلدی کرتا ہے لیکن اس کی جلدی دیر کا سبب بن جاتی ہے
ما فی (الحجر) مبغیً	پتھر میں مطلب براری کی جگہ نہیں	جوئے شیر از سنگ راندن ابلہی است ایسے وقت کہا جاتا ہے کہ جب کسی جگہ سے خیر کی امید نہ ہو
(المحاجزۃ) قبل المناجزہ	جنگ سے باز رکھنا جنگ چھڑ جانے سے پہلے	یعنی شر کے دفعیہ کے لئے کوشش پہلے ہی سے کرنی چاہئے
ان (الحدید) بالحدید	لوہا لوہے سے ہی کاٹا جاتا ہے	لوہے کی کاٹ لوہا

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
"کہ آہن با آہن تواں کرد نرم"	فلح کے معنیٰ پھاڑنا	یُفلحُ
	بعض امور سے (دوسرے) امور پیدا ہو جاتے ہیں	و(یحدث) من بعض الامور امور
خرافہ ایک شخص تھا جسے مدت تک ایک جن نے اپنے ہمراہ رکھا عرصہ کے بعد جب وہ اپنی قوم میں واپس آیا تو وہ حیرت میں ڈال دینے والے مشاہدات کا ذکر کرنے لگا جنہیں سن کر لوگوں نے باور نہ کیا اس وقت سے ہر بے تکی بات کو حدیث خرافہ کہتے ہیں خرافہ کو ایسی شہرت ہوئی کہ تمام افسانہ نما قصوں کو خرافات کہا جانے لگا	خرافہ کی بات	(حدیثُ) خُرافةَ
فضول شیخی بگھارنے کے لئے کہا جاتا ہے۔	پیچھے سے ہانکنے والے کے مانند حالانکہ اس کے پاس اونٹ نہیں حدو۔ اونٹ کو پیچھے سے ہانکنا یا گیت گا کر اونٹ کو تیز چلانا۔	(کالحادی) ولیس له بعیر
	جنگ کے صدمہ سے خوف زیادہ سخت ہے	(الحذر) اشدُّ من الوقیعة
	خوف مقدور کو دور نہیں کر سکتا	انَّ (الحذر) لا یدفع

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
المقدور	مقدور سے مراد قسمت	
(الحذق) لا یزید فی الرزق	عقلمندی رزق میں زیادتی نہیں کرتی	اگر روزی بدانش درفزودے ؏ ز ناداں تنگ روزی تر نبودے کیمیا گر بغصہ مردہ و رنج ؏ ابلہ اندر خرابہ یافتہ گنج لعل گدڑی میں بھی لعل "
(الحر) حرو ان مسہ الضر والعبد عبد و ان مشی علی الدر	آزاد آزاد ہے خواہ وہ تکلیف میں ہو اور غلام غلام ہی خواہ موتیوں پر چلے	
(حرۃ) تحت قرۃ	گرمی ٹھنڈک کے نیچے	اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جو دل میں کینہ رکھے اور ظاہر میں دوستی
(احر) من النار	آگ سے زیادہ گرم	
(الحرب) خدعۃ	جنگ داؤ پیچ ہے	
(الحرب) غشوم	جنگ ظالم ہے	کیونکہ بعض اوقات جنگ میں بے گناہ مارا جاتا ہے اور مجرم بچ نکلتا ہے
(احرس) من کلب	کتے سے بڑھکر پاسبان	
(الحرص) مفتاح الذل	حرص ذلت کی کنجی ہے	
(الحریص) محروم	حریص محروم ہوتا ہے	
(احرص) من نملۃ	چیونٹی سے زیادہ حریص	
لیس (الحریص) بزائد فی رزقہ	حریص اپنے رزق میں بڑھ چڑھ کر نہیں ہوتا	
انہ (لیحرق) علی الارم	وہ تو مجھ پر دانت پیس رہا ہے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(الحرکة) برکة	حرکت برکت ہے	
(الحزم) سوء الظن بالناس	ہوشیاری لوگوں سے بدگمان رہنا ہے	
(یحسب) الممطور ان کلا ممطر	باران دیدہ گمان کرتا ہے کہ تمام باران دیدہ ہیں	ہر شخص دوسروں کو مثل اپنے خوش حال سمجھتا ہے "ہرے کی پھوٹی ہرا دیکھتی ہیں"
(حسبک) من شر سماعه	تجھے شر کی بابت سن لینا ہی کافی ہے	
(الحسد) داء لا یزول الا بهلاک الحاسد او بموت المحسود	حسد ایسا مرض ہے کہ جو حاسد کے ہلاک ہو جانے یا محسود کے مرجانے سے دور ہوتا ہے	حسد کی مذمت
(الحسد) مطیة التعب	حسد ماندگی کی سواری ہے	
(الحسد) یاکل الحسنات کما یاکل النار الحطب	حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے	
من (حسن) ظنه طاب عیشه	جس کا گمان نیک ہے اس کی زندگی اچھی ہے	
من (حسن) خلقه کثرت اخوانه	جس کا خلق اچھا ہوا اس کے دوست زیادہ ہوئے	
(حسن) الظن ورطة	حسن ظن بھنور ہے	
لکل (حسن) عائب	ہر خوب کے لئے عیب لگانے والا ہے	
(الحسنة) بین السیئتین	خوبی دو برائیوں کے درمیان ہے	سیئتین سے مراد افراط و تفریط ہے
من (استحسن) قبیحا فقد	جس نے برائی کو اچھا سمجھا اس	

ضرب المثل	معنی	محلِ استعمال
عمله	اسے کر ڈالا	
(الاحسان) قبل الاحسان فضلٌ وبعد الاحسان مکافاةٌ وبعد الاساءة جودٌ والاساءة قبل الاساءة ظلمٌ وبعد الاساءة مجازاةٌ وبعد الاحسان لومٌ	احسان احسان سے پہلے فضل ہے اور احسان کے بعد بدلہ ہے اور برائی کے بعد سخاوت ہے اور برائی برائی سے پہلے ظلم ہے اور بعد برائی کے بدلہ ہے اور احسان کے بعد ملامت ہے یعنی کمینہ پن ہے	نیکی کرنے اور بدی سے بچنے کی ترغیب
(الاحسان) یقطع اللسان	احسان زبان کو کاٹ دیتا ہے	
(احسن) ان اردت ان یحسن الیک	اگر تو چاہتا ہے کہ تجھ سے نیک سلوک کیا جائے تو تو بھی نیک سلوک کر۔	
(احشک) وتروثنی	میں تجھے خشک گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھے لید دیتا ہے	جس تھالی میں کھانا اسی میں چھید کرنا یا نیکی کا بدلہ بدی۔
(احشفاً) وسوء کیلةٍ	ردی کھجوریں اور برا پیمانہ	کریلا اور نیم چڑھا
(کحاطب) لیلٍ	رات میں لکڑی جمع کرنے والے کی مانند	جو شخص ردی اور اچھی چیزوں کو سمیٹتا جائے اور کچھ تمیز نہ کرے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے
من (حفر) حفرةً وقع	جس نے گڑھا کھودا وہ اسی	چاہ کندہ را چاہ در پیش

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
فیها	میں گر پڑا	
من (حفر) حفیراً لاخیه کان حتفه فیه	جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اسی میں ہوئی	ایضاً
(تحفظ) اخاك الا من نفسه	تو اپنے بھائی کی حفاظت کرتا ہے (دوسروں سے) مگر اس کے نفس سے نہیں	یعنی تو اپنے بھائی کو دوسروں سے بچا سکتا ہے لیکن جب وہ خود اپنی بربادی کا سامان پیدا کرے تو پھر اسے نہیں بچا سکتا۔
(حافظ) علی الصدیق ولو فی الحریق	اپنے مخلص کی نگہبانی کر خواہ آنچ میں کر	عہد و وفا کی پابندی کے لئے کہا جاتا ہے
(الحفیظة) تحلّل الاحقاد	حمایت کینوں کو دور کردیتی ہے	یعنی جب تم اپنے کسی قرابت دار پر ظلم ہوتا ہوا دیکھتے ہو تو فوراً تمہیں حمیت آجاتی ہے خواہ اس سے تمہیں عداوت ہو۔ اسی معنیٰ میں ہے عند الشدائد تذهب الاحقاد مصیبتوں کے وقت کینے دور ہو جاتے ہیں
(الحق) خیرُ ما یقال	حق خوب ہے جو بھی کہا جائے	
(الحق) مغضبةٌ	حق میں غصہ آتا ہے	
(الحق) ابلج والباطل لجلجٌ	حق روشن ہے اور باطل دھندلا ہے	
(احقد) من جملٍ	اونٹ سے زیادہ کینہ ور	کینہ شتر مشہور ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (حقر) حرم	جس نے حقیر جانا وہ محروم ہوگیا	
(احقر) من التراب	مٹی سے زیادہ حقیر	
ما (حکّ) جلدك مثل ظفرك	تیری جلد کو تیرے ناخن کی طرح سے کوئی نہیں کھجلاتا	یعنی اپنی حاجت روائی کے لئے دوسروں کی نسبت اپنے اوپر زیادہ اعتماد کر
اذا (حککتُ) قرحةً ادمیتها	جب میں نے زخم کو کھجلایا تو اسے خوں چکاں بنا دیا	اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب کسی بات کو اتنا کرید اجائے کہ اس کا نتیجہ خطرناک نکلے۔
(تحککتِ) العقرب بالافعی	بچھو نے سانپ سے چھیڑ چھاڑ کی	اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب ایک کمزور اپنے سے طاقتور سے چھیڑ چھاڑ کرنے لگے
(احلم) من لقمان	لقمان سے بڑھ کر حلیم	
(الحکمة) ضالة المومن	حکمت مومن کا گم شدہ مال ہے	یعنی مومن حکمت کی تلاش میں رہتا ہے
(الحکمة) تزید الشریف شرفاً	حکمت شریف کے مرتبہ کو بڑھاتی ہے	
(احکی) من قردٍ	بندر سے بڑھ کر نقال	
اذا (حلّتِ) المقادیر بطلت التدابیر	جب تقدیریں نازل ہوتی ہیں تدبیریں اکارت ہو جاتی ہیں	سما درچہ خیالیم و فلک درچہ خیال
(حلبَ) الدھر اشطرہ	اس نے زمانہ کو ہر طرح سے دوہا	زمانہ کا گرم سرد دیکھا
(حلبتھا) بالساعد الاشدِّ	میں نے اسے توانا بازو سے دوہا	اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو بزور بازو اپنا حق حاصل کرے
(حلوبةٌ) تثمل ولا تصرّح	دودھ والی اونٹنی جھاگ اٹھاتی	ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جو وعدہ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	ہی خالص دودھ نہیں دیتی	زیادہ کرے مگر الفاظ کم کرے
الحلم سجیۃٌ فاضلۃٌ	حلم فضیلت والی عادت ہے	
الحلیم مطیۃ الجھول	حلیم جہلا کی سواری ہے	یعنی حلیم جاہلوں کی بد زبانی کو برداشت کرتا ہے
لا تکن حلواً فتسترطَ ولا مُرّاً فتُعقی	نہ اتنا میٹھا بن کہ تجھے نگل لیا جائے اور نہ اتنا کڑوا کہ تو پھینک دیا جائے	نہ حلوا بن کہ چٹ کر جائیں بھوکے نہ کڑوا بن کہ جو چکھے سو تھوکے
احلیٰ من العسل	شہد سے زیادہ میٹھا	جیسا کہ جنگ جمل میں اعرج المعنی نے رجز پڑھتے ہوئے کہا الموت احلیٰ عندنا من العسل نحن بنی ضُبّۃَ اصحاب الجمل نحن بنو الموت اذا الموت نزل ننعیٰ ابن عفان باطراف الاسل رُدّوا علینا شیخنا ثم بجل موت ہمارے نزدیک شہد سے زیادہ میٹھی ہے، ہم جمل والے بنو ضبہ ہیں۔ جب موت نازل ہوتی ہے تو اس وقت ہم فرزندان موت (یعنی موت کے خاندان سے) بن جاتے ہیں ہم (عثمان رضی اللہ عنہ) ابن عفان کی

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
شہادت کی خبر تیروں کی نوک سے پہنچاتے ہیں ہمارا شیخ (یعنی حضرت عثمان رضؓ) ہمیں واپس دیدو پھر بس ہے۔		
یعنی ایسا کام کرو کہ تمہاری تعریف کی جائے اور تمہیں فائدہ پہنچے ایسا کام نہ کرو کہ تمہاری برائی بیان کی جائے اور تمہیں نقصان پہنچے۔	تعریف غنیمت ہے اور برائی تاوان (یا قرض) ہے	(الحمدُ) مغنمٌ والمذمّةُ مغرمٌ
جب شترمرغ کی مادہ خوراک کی تلاش میں نکلتی ہے تو دوسرے شترمرغ کے انڈوں کو پڑا دیکھ کر اپنے انڈے سمجھتی ہے اور ان پہ سیوا بیٹھ جاتی ہے اور اپنے انڈوں کو گم کر دیتی ہے	شترمرغ سے زیادہ بے وقوف	(احمق) من نعامة
شرنبث نامی ایک بے وقوف شخص نے میدان میں ایک جگہ چھوٹی سی بدلی کا سایہ دیکھا اور اس سایہ کو نشان قرار دیکر اس جگہ اس نے کچھ مال دفن کر دیا کچھ عرصہ کے بعد جب اپنا دفینہ نکالنے کے لئے آیا تو اس نے اپنی نشانی یعنی سایہ کو بہت تلاش کیا لیکن اب کیا ہوتا تھا جدھر بدلی گئی ادھر سایہ	شرنبث سے زیادہ بے وقوف	(احمق) من شرنبث

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		گیا۔ آخر خالی ہاتھ واپس لوٹا
(احمق) من ہبنّقہ	ہبنقہ سے زیادہ بے وقوف	ہبنقہ ایک چرواہا تھا وہ فربہ جانوروں کو

ہری ہری دوب پر چرنے چھوڑ دیتا اور لاغر جانوروں کو خشک میدان میں چھوڑ دیتا لوگ اس سے ایسا کرنے کی وجہ دریافت کرتے تو وہ جواب دیتا کہ جس جانور کو خدا نے موٹا کیا ہے اسے میں دبلا کیوں کروں اور جسے دبلا کیا ہے میں اسے موٹا کیوں کروں۔ اس خوف سے کہ وہ گم نہ ہو جائے وہ اپنے گلے میں کوڑیوں ہڈیوں اور ٹھیکریوں کا ہار ڈالے رہتا تھا۔ ایک رات کو جبکہ وہ سو رہا تھا اس کے بھائی نے اس کے گلے سے ہار نکال کر اپنے گلے میں ڈال لیا۔ صبح کو جب اس نے اپنا ہار اپنے بھائی کے گلے میں دیکھا تو پوچھنے لگا۔ بھائی تم تو میں ہوں اور میں کون ہوں۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(احمقُ) من ماضغِ الماء	پانی کے چبانے والے سے زیادہ بیوقوف	
من (حمّلَ) مالا یطیق عجزَ	جس نے طاقت سے بڑھ کر بوجھ اُٹھایا وہ عاجز آگیا	
لا (یحمّلُ) اللّٰہ نفساً غیر طاقتہا	اللہ کسی نفس پر اس کی طاقت سے زیادہ بار نہیں ڈالتا	
انّما (یحمّلُ) الکلُّ علی اہل الفضل	اصحاب خیر ہی پر عاجزوں کا بار ڈالا جا سکتا ہے۔ کلّ کے معنی ضعیف۔ یتیم	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	یا وہ جس کے نہ والدین ہوں ورنہ اولاد	
یا (حامل) اذکر حلّاً	اے لادنے والے (یا اٹھانے والے) کھولنے کو یاد رکھ	یہ کچھ لوگوں نے سفر میں جاتے ہوئے اسباب اس زور سے باندھا کہ اگلی منزل پر بمشکل کھل سکا اگلے دن جب دوبارہ وہ اسباب باندھنے لگے تو ایک عقلمند نے یہ فقرہ کہا اس وقت سے یہ ضرب المثل دوراندیشی کا سبق دینے کے لئے استعمال ہوتی ہے
(احمل) من الارض	زمین سے زیادہ اٹھانے والا	
(احمیٰ) فجاش مرجلہ	وہ غضبناک ہوا کہ اس کی ہنڈیا کھولنے لگی	
(الحمیۃ) راس کل دواءٍ	پرہیز ہر دوا کا سر ہے	
(احمی) حوابیہ نقیق الضفدع	اس کے حوضوں کی حفاظت مینڈک کی ٹرٹر کرتی ہے	تھوتھا چنا باجے گھنا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جسے طاقت حاصل نہ ہو مگر شیخی بگھارتا ہو۔
رُبّ (حامٍ) لانفہ وھو جادعہ	یعنی اپنی ناک کو بچانے والا اس کا توڑنے والا ہوتا ہے	یعنی بعض شخص اپنی عزت کو بچانے کی غرض سے کوئی ایسی حرکت کر بیٹھتا ہے کہ جس سے عزت بجائے محفوظ رہنے کے تباہ ہو جاتی ہے
(احمیٰ) من انف الاسد	شیر کی ناک سے زیادہ باحمیت	
(احمیٰ) من مجیر الجراد	ٹڈیوں کے پناہ دینے والے سے زیادہ باحمیت	ایک شخص مدلج نامی کے پاس کچھ لوگ آئے اور کہنے لگے کہ تمہاری زمین میں

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
ٹڈیاں اتر پڑی ہیں۔ ہم انہیں پکڑنے کے لئے تم سے اجازت چاہتے ہیں۔ یہ سن کر مدلج گھوڑے پر سوار ہو گیا اور نیزہ ہلا کر کہنے لگا کہ خبردار وہ میری پناہ میں ہیں جو انہیں ہاتھ لگائے گا اس کی خیر نہیں		
ایک بیوہ نے اپنے بچہ سے شفقت رکھنے کے باعث فیصلہ کیا کہ وہ دوسری شادی نہ کرے گی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی وہ اپنے ہاتھوں کو مہندی بھی لگائے رہتی تھی کہ جو سہاگ کی نشانی ہے اس ضرب المثل کا اطلاق ایسے شخص پر ہوتا ہے جس کا فعل دوسروں کو دھوکا میں رکھے۔	شفقت کرنے والی رنگنے والی	(حانیۃٌ) مُختضِبۃٌ
ضرورت ایجاد کی ماں ہے	حاجت حیلہ تراشتی ہے	(الحاجۃُ) تفتق الحیلۃَ
اس ضرب المثل اور مندرجہ ذیل ضرب المثل کا محل استعمال ایک ہے	امید کے آگے موت حائل ہو گئی	(حال) الاجل دون الامل
نعمان بن منذر بادشاہ عراق نے ایک دن کو انعام و اکرام کے لئے مخصوص کر	غم (یا غصہ) شعر کے آگے حائل ہو گیا۔	(حال) الجریض دون القریض

رکھا تھا اور ایک دن کو قتل کے لئے یعنی جو شخص پہلے دن اس سے ملتا انعام حاصل کرتا اور جو شخص دوسرے دن ملتا اسے قتل کر دیا جاتا اتفاقاً اس کا ایک درباری شاعر عبید اس سے

خونی دن ملاقی ہوا۔ نعمان نے کہا کہ بہتر تو یہ تھا کہ تو کسی دوسرے دن آتا لیکن خیر جو ہوا سو ہوا۔ اب اپنی جان کے سوا جو چاہتا ہے مانگ اس نے کہا کہ جان سے بڑھ کر کوئی شے مجھے محبوب نہیں۔ نعمان نے جان بخشی سے انکار کیا اور حکم دیا کہ وہ قتل ہونے سے پہلے کوئی شعر سنائے لیکن اس نے عذر کرتے ہوئے کہا حال الجریض دون القریض - یہ ضرب المثل اس وقت استعمال کی جاتی ہے کہ جب مقصد بے موقعہ حاصل ہو یا جب کسی کو کوئی امر مانع پیش آجائے

نعمان بن منذر کی یہ خونی رسم اس طرح سے اختتام پذیر ہوئی کہ قبیلہ طے میں سے ایک شخص حنظلہ اس سے خونی دن ملنے آیا - وہ حنظلہ کا ممنون احسان رہ چکا تھا جب اس نے حنظلہ کو دیکھا تو گھبرا کر بولا کہ ہائے حنظلہ تم آج کیوں آگئے تمہیں نہیں معلوم کہ آج کا دن قتل کے لئے مخصوص ہے اب اپنے قتل کی بشارت سن لو۔ حنظلہ نے کہا کہ بہتر مگر مجھے ایک سال کی مہلت دیجئے تاکہ میں اپنے کنبہ کی پرورش کا بندوبست کر سکوں۔ نعمان نے پوچھا کہ تمہارا ضامن کون ہوگا۔ حنظلہ نے حاضرین مجلس کی طرف دیکھ کر ایک شخص شریک بن عمرو کو اپنا ضامن ہو جانے کے لئے ان اشعار سے آمادہ کیا:

یا شریک یا ابن عمرو — یا اخا من لا اخا له
یا اخا کل مصاب — وحیا من لا حیا له
ان شیبان قبیل — اکرم اللہ رجاله

اے شریک اے عمرو کے بیٹے اے اس کے بھائی کہ جس کا کوئی بھائی نہیں اے ہر مصیبت زدہ کے بھائی اور اس کی حیا کہ جس کے لئے حیا نہیں۔ بوڑھا اپنے واپس آنے کا کفیل ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے آدمیوں کو آبرو دی ہے۔

یہ اشعار سن کر شریک کی حمیت نے جوش مارا اور آگے بڑھ کر وہ للکار کر کہنے لگا اس کا خون میرا خون ہے اور اس کا ہاتھ میرے ہاتھ میں ہے۔ میں سال بھر کے لئے اس کا ضامن ہوتا ہوں۔ یہ سن کر بادشاہ نعمان نے حنظلہ کو ایک سال کی مہلت دی اور

پانچسو اونٹ انعام دیکر رخصت کیا۔ جب سال بھر ختم ہونے کو آیا اور آخری دن آپہنچا تو شام تک حنظلہ کا انتظار کیا گیا۔ لیکن جب وہ نہ آیا تو شریک کو قتل کرنے کا بادشاہ نے حکم دیا۔ جب جلاد ہاتھ میں تلوار تول چکا تھا تو ایک طرف سے آواز آئی کہ ٹھیرو ٹھیرو۔ بادشاہ نے جو نظر اُٹھائی تو دیکھا کہ حنظلہ گھوڑے پر سوار کفن پہنے ہوئے اور عطر لگائے ہوئے سرپٹ دوڑا آرہا ہے۔ بادشاہ نے کہا کہ تجھے کس چیز نے یہاں آنے پر مجبور کیا اس نے کہا کہ وفا نے بادشاہ نے پوچھا کہ وفا پر کس چیز نے آمادہ کیا اس نے جواب دیا کہ میرے مذہب نے بادشاہ نے دریافت کیا کہ کون سے مذہب نے اس نے جواب دیا عیسائیت نے۔ یہ سن کر بادشاہ نے مسیحی مذہب اختیار کیا اور دونوں کی جان بخشی کر کے اس خونی رسم سے ہمیشہ کے لئے توبہ کی۔

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
ان (حالت) القوس فسهمي صائب	اگر چہ کمان جھک گئی تب د لگی، میرا تیر تو نشانہ پر لگنے والا ہی	یعنی اگر دولتمندی ختم ہو چکی ہے تو شرافت وانسانیت تو باقی ہے وہ تو نہیں گئی۔
(الحاوی) لا ینجو من الحیّات	جھاڑ پھونک کرنے والا سانپوں سے محفوظ نہیں رہتا حاوی اسے کہتے ہیں کہ جو سانپ کے ڈسے ہوئے پر جھاڑ پھونک کرے	تیرنے والا ہی ڈوبتا ہے
حیلةُ من لا حیلة له الصبر	جس کے پاس کوئی حیلہ نہیں اس کا حیلہ صبر ہے	
ما (حیلة) الرامی اذا	قدر انداز کا حیلہ کیا ہے جبکہ چلہ	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
انقطع الوتر	ہی ٹوٹ جائے	
اذا (حان) القضاء ضاق الفضاء	جب قضا آپہنچتی ہے تو (زمین کی) فراخی تنگ ہو جاتی ہے	
لا (تحمی) البیض وتقتل الفراخ	تو انڈوں کو باقی نہیں رکھتا اور چوزوں کو مار ڈالتا ہے	یعنی چھوٹوں کی حفاظت نہیں کرتا اور بڑوں کو ضائع کئے جاتا ہے
(احیا) من فتاۃٍ	نوجوان عورت سے زیادہ باحیا	
(احیا) من مُخَدَّرَۃٍ	پردہ دار عورت سے زیادہ باحیا	
(احیا) من ضبٍّ	گوہ (بچھ کھپرا) سے زیادہ عمروالا	
(الحیاء) یمنع الرزق	شرم رزق کو روکتی ہے	
(الحیاء) من الایمان	شرم ایمان سے ہے	
اذا لم (تستحی) فاصنع ما شئتَ	جب تجھے شرم نہ آئے تو جو دل میں آئے کر گزر۔	
(الحیاۃُ) کظل الجدران	زندگی دیواروں کے سایہ کی مانند ہے۔	

باب الخاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
اما (خبّت) واما برکت	یا تیزی سے دوڑی اور یا از زمین سے چپک کر بیٹھ گئی	مُردہ یا تو بولتا نہیں اور اگر بولتا ہے تو کفن پھاڑ کر۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(تُخبر) عن مجهوله مرآته	اس کے نامعلوم کا پتہ اس کے آئینہ سے چلتا ہے	جو شخص مجمع الاضداد ہو اس کے لئے کہا جاتا ہے یعنی اس کے ظاہر سے اس کے باطن کا پتہ چلتا ہے
(تُخبرک) ادنی الارض عن اقصاها	زمین کا قریبی حصہ اس کے بعیدی حصہ کی بابت تجھے خبر دیتا ہے	
لیس (الخبر) کالمعاینه	خبر مشاہدہ جیسی نہیں	شنیدہ کے بود مانند دیدہ
علی (الخبیر) سقطت	تو واقف کار شخص پر گرا ہے یعنی پہونچا ہے یعنی اس سے ملا ہے	
(اخبط) من حاطبِ لیلٍ	رات میں (لکڑیاں) جمع کرنے والے سے زیادہ گمراہ	فضول بکواس کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے
(اختل) من ذئبٍ	بھیڑیئے سے زیادہ فریبی ختله ختلاً وختلاناً، خاتله مخاتلةً } خدعه خاتلَ الصیادُ یعنی شکاری دبے پاؤں شکار کی طرف چلا	
من (خدم) الرجال خُدِم	جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی	ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد
(خذه) بالموت حتی یرضیٰ بالحمیٰ	اسے موت سے پکڑ تاکہ بخار کے لئے رضامند ہو جائے	بمرگش بگیر تا بتپ راضی شود

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(الخاذلُ) اخو القاتل	ساتھ چھوڑنے والا قاتل کا بھائی ہے	رفاقت کی ترغیب
قد (یخرجُ) من الصدف غیر الدرّ	سیپ سے کبھی موتی کی بجائے دوسری شے نکل پڑتی ہے	یعنی شریفوں کے ہاں رذیل بھی پیدا ہو جاتے ہیں
(اخرسُ) عاقل خیرٌ من ناطقٍ جاھلٍ	گونگا عقلمند بہتر ہے بولنے والے جاہل سے۔	
لا (یخرجُ) النفس من الامل حتّیٰ تدخلُ فی الاجل	نفس (یا روح) امید سے نہیں نکلتا یہاں تک کہ موت میں داخل ہوتا ہے۔	یعنی مرتے دم تک انسان اور امید کا چولی دامن کا ساتھ رہتا ہے
دونہ (خرطُ) القتاد	اس کے سامنے قتاد سے (چھلکا) اتارنا ہے خَرَطَ الورق خرطًا اس نے ہاتھ سے ملکر پتہ درخت سے اتارا قتاد ایک کانٹے دار درخت ہوتا ہی جسے پنجابی میں جنڈ کہتے ہیں یا اسی قسم کا کوئی دوسرا درخت ہوتا ہی جتنا چھیلے جاؤ اندر سے کانٹے نکلتے آتے ہیں۔	ایسے امر کے لئے کہا جاتا ہے کہ جس کے آگے مشکلات حائل ہوں۔
(خرقاء) ذات نیقةٍ	نادان عورت آراستہ پیراستہ	جو کوئی باوجود جہل مرکب ہونے کے ہمہ دانی

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
کا دعویٰ کرے اس کے لئے کہا جاتا ہے		
یعنی خود تو احمق ہی مگر دوسروں کو عیب لگاتی ہے	نادان عیب لگانے والی	(خرقاء) عیابۃٌ
یعنی دشمن سے محفوظ رہنے کے لئے طاقت کو جمع رکھنا چاہیئے۔	جو بھیڑئیے سے ڈرا اس نے کتا تیار کیا	من (خشی) الذئب اعدّ کلباً
یعنی جس چیز کا ظاہر اچھا ہو اور باطن خراب اس سے بچو	گندگی کی سبزی سے پرہیز کرو	ایّاکم و (خضراء) الدِمَن
	خطا جلد باز کا توشہ ہے	(الخطا) زاد العجول
جو شخص اکثر غلطی کرتا ہو مگر کبھی غلطی سے زچ نکلے اس کے لئے ایسا کہا جاتا ہے ؎	خطا کاروں کے پاس نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہوتا ہی	مع (الخواطی) سهمٌ صائب
گاه باشد کودک ناداں + بغلط بر ہدف زند تیرے	جو حسینہ کو پیغام شادی دے	من (خطب) الحسناء
گہ شود کز حکیم روشن رائے + برنیاید درست تدبیرے	وہ اس کا مہر ادا کرے	یعطی مهرها
سحبان وائل بہترین مقرر تھا	سحبان وائل سے زیادہ مقرر	(اخطبُ) من سحبان وائل
؎ تواں در بلاغت بسحبان رسید	اپنے کھانے میں تخفیف کر اپنے	(خفّف) طعامك تأمن
نہ در کنہ بیچوں سبحان رسید	مرض سے امن میں رہے گا	سقامك
	چڑیا سے ہلکی نیند والا	(اخفُّ) حلماً من عصفور
؎ کہیں خاک اڑانے سے چھپتا ہے چاند	اور کیا لوگوں کی نظر سے چاند پوشیدہ ہے	وہل (یخفی) علی الناس القمر
ہرنج و مرنجان طبیعت والے کے لئے کہا	اس کے پاس نہ سرکہ ہی اور نہ	ماعنده (خلٌّ) ولا خمر

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
جاتا ہو زمانہ جاہلیت میں اہل عرب شراب سے مراد خیر لیتے تھے اور سرکہ سے مراد شر	شراب	
طاعت میں تار ہو نہ جی وانگیں کی لاگ دوزخ میں ڈالدو کوئی لے کر بہشت کو	اخلاص یہ ہو کہ خلوص کے ساتھ تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے نہ ثواب کے لالچ سے اور نہ اس کے عذاب کے خوف سے۔	(الاخلاص) ان تعبداللہ بخلوصہ لا رغبۃً من ثوابہ ولا رھبۃ من عقابہ
	مفلسی چوری پر آمادہ کرتی ہے	(الخلۃ) تدعوالی السلّۃ
جال والے اور قادر انداز جب آپس میں مل کر شکار کے لئے جاتے ہیں تو کم کامیاب ہوتے ہیں کیونکہ دونوں کا طریق شکار الگ الگ ہے	جال پھیلانے والا اور تیر انداز مل جل گئے	(اختلط) الحابلُ بالنابلِ
	اپنے نفس کی مخالفت کر آرام پائیگا	(خالف) نفسکَ تُسترح
	اپنی خواہش کی مخالفت کر ہدایت پائے گا	(خالف) ھواکَ ترشد
عرقوب عمالقہ میں سے ایک شخص تھا ایک بار اس کے بھائی نے اس سے سوال کیا عرقوب نے کھجور کے ایک درخت کی طرف	عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف کرنے والا	(اخلفُ) من عُرقوبٍ

اشارہ کر کے کہا کہ جب اس کے شگوفے نکل آئیں تو وہ سب تمہارے ہیں۔ کچھ مدت کے بعد جب شگوفے نکل آئے تو وہ آیا اور وہ وعدہ یاد دلایا۔ عرقوب نے کہا شگوفوں کا کیا کروگے ذرا

انھیں پھل بننے دو۔ کچھ عرصہ کے بعد پھل کی شکل اختیار کرنے پر وہ آیا تو عرقوب کہنے لگا کہ ابھی پھل کچے ہیں انھیں کیا کروگے ذرا رنگ پکڑنے دو۔ آخر رنگ پکڑنے پر وہ آیا تو عرقوب کہنے لگا کہ ان میں رس پیدا ہونے دو جب پھلوں میں رس پیدا ہو گیا اور وہ پھل توڑنے کے لئے آیا تو عرقوب کہنے لگا ان پھلوں کو اچھی طرح سے پکنے دو۔ جب پھل خوب پک چکے تو ایک شب کو عرقوب نے تمام پھلوں کو توڑ لیا۔ اس دن سے عرقوب کی وعدہ خلافی مشہور ہے۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اخلفُ) من نار الحباحب	جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف	جگنو کی روشنی سے مسافر کو دھوکہ ہوتا ہو کہ یہاں کسی نے دیا جلا رکھا ہے
(خلق) اللہ للحرب رجالاً	اللہ تعالیٰ نے جنگ کے لئے مردوں کو پیدا کیا	
(خلا) لک الجو فبیضی واصفری	تیرے لئے میدان خالی ہے بس انڈے دے اور چہچہا	ایک شخص نے دن بھر پرندوں کے پکڑنے کی کوشش کی مگر جال میں ایک پرندہ نہ آیا جب تھک کر وہ گھر کو واپس ہوا تو غول کے غول پرندوں کے اتر آئے تب اس نے یہ کہا۔
لا (یخلو) المرءُ من ودودٍ یمدح وعدوٍّ یقدح	انسان کا کوئی نہ کوئی تعریف کرنے والا دوست اور اس میں عیب نکالنے والا کوئی نہ کوئی دشمن ہوتا ہے	یہ ضرب المثل انگریزی کے اس مقولہ کے ہم معنیٰ ہے *man can not please everybody*
(خلّ) من قلّ خیرہ لک	جس میں خیر کم ہو اسے چھوڑ دے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
فی الناس غیرہ	لوگوں میں اس کی بجائے کوئی دوسرا تجھے مل جائے گا	
من لا یخاف احداً لا یخافہ احد	جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا	یعنی جسے ذی مرتبہ لوگوں کا پاس نہیں کسی کو اس کا پاس نہیں چوں فرقِ مراتب نہ کنی زندیقی
من خان ھانَ	جس نے خیانت کی وہ ذلیل ہوا	
یا رُبّما خان النصیح المؤتمن	اے بسا اوقات ناصح امانت دار بھی خیانت کرتا ہے	ہم عصروں کی بے وفائی کے بارے میں کہا جاتا ہے
خیرُ الامورِ اوساطُھا	بہتر امور وہ ہیں کہ جن میں اعتدال ہو	
خیرُ الامورِ ما اسعدک فی دارَیک	بہتر امر وہ ہے کہ جو تجھے تیرے دونوں گھروں (دنیا و عقبیٰ) میں خوش بخت بنا دے	
خیر سلاح المرء ما وقاہ	انسان کا اچھا ہتیار وہ ہے کہ جو اسے بچائے۔	
خیر الاصحاب من دلّک علی الخیر	بہتر ساتھی وہ ہے کہ جو تجھے نیکی سے آگاہ کرے	
خیر العفو ما کان عند القدرۃ	بہتر عفو وہ ہے کہ جو قدرت کی حالت میں کیا جائے	
خیر الغنی القنوع	بہترین تمول قناعت ہے	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	بہترین کلام وہ ہی کہ جو مختصر اور جتلانے والا ہو	(خیر) الکلام ماقلّ ودلّ
	بہتر مال وہ ہے کہ جس سے آبرو بچائی جائے	(خیر) المال ماوقی بہ العرض
	بہتر مال وہ ہی کہ جو نفع دے	(خیر) المال مانفع
	بہترین بخشش عقل ہی اور بدترین مصیبت جہالت ہی	(خیر) المواهب العقل و شرّ المصائب الجهل
	بہتر آدمی وہ ہی کہ جو لوگوں کی بہتری سن کر خوش ہو	(خیر) الناس من فرح للناس بالخیر
	بہتر نصیحت وہ ہی کہ جو (گناہوں سے) روکے	(خیر) الوعظ ماردع
	نیکی باقی رہتی ہی خواہ اس پر زمانہ گزر جائے	(الخیر) ابقی وان طال الزمان بہ
	اس خواہش میں کوئی خوبی نہیں کہ جو تجھے لپیٹ میں جھونک دے	لا (خیر) فی ارب القاك فی لهب
	بے اعتدالی میں کوئی خوبی نہیں اور نہ خوبی میں کوئی بے اعتدالی ہی	لا (خیر) فی السرف ولا سرف فی الخیر
یعنی گھوڑا اچھی اور بری سوار کی شناخت کر لیتا ہی	گھوڑا اپنے سواروں کو خوب جانتا ہی	(الخیل) اعلم بفرسانها
	مرغ سے زیادہ اکڑ کر چلنے والا	(اخیلُ) من دیكٍ

باب الدّال

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
ایسے موقعہ پر کہا جاتا ہی کہ جب کوئی شخص نیکی کرتے کرتے فوراً رخ بدل لے اور بدی کرنا شروع کر دے	اس کی خوبصورتی گئی اور اس کی بدصورتی آئی	(ادبر) غریرہ واقبل هریرہٗ
لہذا اس پر دھیان کرنی چاہئے	تدبیر نصف معیشت ہے	(التدبیر) نصف المعیشۃِ
یعنی چمڑا تو بگڑ چکا اس میں کیڑے پڑ چکے اب رنگنے سے کیا ہوگا۔ پھر پچھتائے کا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت	رنگنے والی کی مثل اور چمڑا بگڑ چکا	(کدابغۃٍ) وقد حلم الادیم
یعنی دو مخلص دوستوں میں ناچاقی پیدا مت کر	لاٹھی اور اس کے چھلکے کی درمیان داخل مت ہو	لا(تدخلن) بین العصا ولحائہا
	مفاسد کا بند کر دینا بہتر ہی نعمتوں کے حصول سے	(درءُ) المفاسد اولیٰ من جلب النِعم
اے زر تو خدا نہ ولیکن بخدا ستار عیوب وقاضی الحاجاتی (نعوذ باللہ)	درہم مرہم ہیں	(الدراہم) مراھمٌ
	درہم روح رواں ہیں	(الدراہم) ارواحٌ تسیل
یعنی عظیم الشان کام کے لئے اسی شخص کو بلایا جاتا ہے کہ جو اس کا اہل ہو۔	امر عظیم کے لئے اس کا بھائی ہی بلایا جاتا ہے	لا(یدعیٰ) للجلّی الا اخوھا
زر دیدہ مرد سپاہی را تا سر بدہد گر زر نہ دہی	نیزہ مارنے کے لئے اسے بلا کہ	(ادعُ) الی طعانک من

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
تدعوہ الی جفانِك	جسے تو کونڈے کی طرف بلاتا ہو	سر نہ نہد در عالم - یعنی جس پر تو احسان کرتا رہا ہو اس سے امداد طلب کرے یا احسان کرتا کہ تیری امداد کی جائے
(ادقّ) من الکحل	سرمہ سے زیادہ باریک	
(ادق) من حد السیف	تلوار کی دھار سے زیادہ باریک	
(الدال) علی الخیر کفاعلہ	نیکی بتلانے والا اس کے کرنے والے کی مثل ہے	
(دلیل) عقل المرءِ فعلہ ودلیل علمہ قولہ	انسان کی عقل کی دلیل اس کا فعل ہو اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے	
لیس (الدلو) الا بالرِّشاء	ڈول رسی ہی کے ساتھ ہے	مقصد یہ ہو کہ انسان کو اپنے اقارب ہی کے وجود سے قوت و عصبیت حاصل رہتی ہے
(مَدّ) لجنبك قبل النوم مضطجعاً	سونے سے پہلے اپنے پہلو کے لئے بستر کو نرم کرلے	یعنی مصیبت کے آنے سے پہلے اپنے کو تیار رکھ۔
(دمعُ) البکاء من الفرح باردٌ ودمع الحزن حارٌّ	خوشی سے رونے کا آنسو ٹھنڈا ہوتا ہے اور غم کا آنسو گرم ہوتا ہی	
(دمعۃٌ) من عوراءَ غنیمۃٌ باردۃٌ	کانی کا ایک آنسو ٹھنڈی غنیمت ہے	یعنی بخیل سے اگر تھوڑی سی شے مل جائے تو وہ بھی غنیمت ہے۔
کلّ (دنیّ) دونہ دنیٌّ	ہر قریب کے سامنے قریب ہے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اوْنیٰ) من حبل الورید	رگ گردن سے زیادہ قریب	
(الدنیا) کبیت نسجتہ العنکبوت	دنیا ایسے گھر کے مثل ہی جسے مکڑی نے بنا ہو	
(الدنیا) بالوسائل لا بالفضائل	دنیا وسائل کے ساتھ ہی فضائل کے ساتھ نہیں	
(الدنیا) عسلٌ مشوبٌ بسمٍّ وفرحٌ موصولٌ بغمّ	دنیا زہر آمیز شہد ہی اور غم آمیز خوشی ہے	
(الدنیا) سجنٌ للمومن و جنةٌ للکافر	دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہی اور کافر کے لئے بہشت ہی	
(الدنیا) دارُ ممرٍّ لا دارُ مقرٍّ	دنیا گزر جانے کا گھر ہے نہ کہ ٹھیرنے کا گھر	
(الدہر) یومان یومٌ لک ویومٌ علیک	زمانہ دو دن ہے ایک دن تیرے موافق اور ایک تیرے خلاف	کہ آئین جہاں گاہے چنیں گاہے چناں باشد بیک ساعت بیک لحظہ بیک دم دگرگوں می شود احوال عالم
(الدہر) افصح المؤدّبین	زمانہ ادب سکھلانے والوں میں سب سے بہتر ہے	
(الدّہر) طعمان حلوٌ ومرٌّ	زمانہ کے دو مزے ہیں میٹھا اور کڑوا	
لکلّ دہرٍ رجالٌ	ہر زمانہ کے لئے لوگ ہیں	
ما الدہر الّا ہکذا فاصبر لہٗ	زمانہ تو ایسا ہی ہی پس صبر کر	با ہمیں مردماں بباید ساخت چہ تواں کرد مردماں ایں اند
(یَدہُنُ) من قارورةٍ	خالی شیشی سے تیل نکالتا ہے	ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
فارغةٍ		
لکلِّ (داءٍ) دواءٌ	ہر مرض کے لئے دوا ہے	
بینہم (داء) الضرائر	ان کے مابین سوکنوں کی بیماری ہے	یعنی سوکنوں کی سی عداوت ہے
(دواء) الدھر الصبر علیہ	زمانہ کی دوا مصیبت پر صبر کرنا ہے	
انّ (دواء) الشّقِّ ان تحوصه	پھٹے ہوئے کی دوا یہ ہے کہ تو اسے سی دے	
نعم (الدواء) الازمُ	بہتر دوا فاقہ ہے	
کما (تَدین) تُدان	تو جیسی جزا دیگا ویسی جزا پائے گا	جیسی کرنی ویسی بھرنی
(الدین) النصیحةُ	مذہب نصیحت ہے	نصیحت بمعنی خیر خواہی
(الدین) یبسم الکرام	مذہب شریفوں کی علامت (یا حسن) ہے	

باب الذال

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(ذئبٌ) استنعج	بھیڑیا بکری بن گیا	مجبوراً بوجہ اپنے ضعف یا دوسروں کی قوت کے
من لم یکن (ذئباً) اکلته الذئاب	جو بھیڑیا نہیں بنتا اسے بھیڑیے کھا جاتے ہیں	
ما (الذباب) وما مرقته	کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا	کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ادّخار الرجال اَولیٰ من ادّخار المال	انسانوں کا جمع رکھنا مال کے جمع رکھنے سے بہتر ہے	
ایاکم و ذکر الناس فانّه داءٌ وعلیکم بذکر الله فانّه شفاءٌ	بچو لوگوں کے ذکر سے وہ مرض ہے تمہیں ذکر الٰہی کرنا لازم ہے وہ شفا ہے	
اذکر مع کلِ نعمة زوالها	ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو یاد رکھ	
کن ذکوراً اذا کنت کذوباً	یاد رکھنے والا بن جبکہ تو جھوٹا ہو	یہ کیوں؟ اس لئے کہ "دروغ گورا حافظہ نباشد"
ذلّ من لا سیف له	جس کے پاس تلوار نہیں وہ ذلیل ہوا	جس کی لاٹھی اس کی بھینس Might is right
لقد ذلّ من بالت علیه الثعالبُ	جس پر لومڑیاں پیشاب کریں وہ ذلیل ہوا	ایک شخص ایک بت کی پوجا کیا کرتا تھا ایک روز اس نے بت پر لومڑی کو پیشاب کرتے دیکھ لیا تب وہ کہنے لگا۔ أربٌّ یبول الثعلبان برأسه لقد ذلّ من بالت علیه الثعالبُ کیا وہ رب ہو سکتا ہے کہ جس کے سر پر لومڑی پیشاب کردے جس پر لومڑیاں پیشاب کردیں وہ ذلیل ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ما (ذلّ) ذو حقٍّ ولو اتّفق العالم علیه ولا عزّ ذو باطلٍ ولو طلع القمر فی جنبیه	اہل حق ذلیل نہیں ہوا اگرچہ دنیا اس کے خلاف متفق ہوگئی اور اہل باطل نہیں عزت دار بنا اگرچہ اس کے دو پہلوؤں میں چاند طلوع ہوا	
(اذلّ) من وتدٍ	کھونٹے سے زیادہ ذلیل	کیونکہ کھونٹے کو ہر وقت ٹھوکا جاتا ہے
(اذلّ) من النعل	جوتے سے زیادہ ذلیل	
(اذلّ) الناسِ معتذرٌ الی لئیم	سب سے بڑھ کر ذلیل وہ ہے کہ جو کمینہ کے سامنے عذر پیش کرے	
ان (الذلیل) من ذلّ فی سلطانه	ذلیل وہ ہے کہ جو قدرت رکھتے ہوئے ذلیل ہو جائے	
لا (ذنب) لی قد قلتُ للقوم استقوا	میرا قصور نہیں میں نے قوم سے کہہ دیا تھا کہ سیراب ہو جا	
ما (ذنبی) یداک اوکتا وفوک نفخ	میرا قصور نہیں تیرے ہاتھوں نے باندھا اور تیرے منہ نے پھونک ماری	کچھ لوگوں کے سامنے چلتے چلتے ایک خلیج آگئی انھوں نے اسے پار کرنے کے لئے اپنے مشکیزوں میں پھونک بھری ایک شخص نے کم پھونک بھری اور مشکیزہ کی ڈوری کو بھی مضبوطی سے نہیں باندھا جب وہ خلیج کے درمیان میں پہنچا تو ڈور کھل گئی اور

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		پھونکس نکلنے لگی اس نے اپنی مدد کے لئے ایک شخص کو پکارا جس نے متذکرہ فوق فقرہ بول کر عذر پیش کیا اور اسے ڈوبنے دیا
(ذہب) الحمار یطلب قرنین فعاد مصلوم الاذنین	گدہا گیا سینگ مانگنے آیا کان کٹوا کر	گئے تھے نماز بخشوانے الٹے روزے گلے پڑے
کل ذات (ذیل) تختال	ہر دامن والی اکڑ کر چلتی ہے	خدا جب حسن دیتا ہے نزاکت آہی جاتی ہے عرب میں ایسے کپڑے پہننا کہ جن کے دامن زمین کو چھوتے ہوں امارت کی نشانی ہے

باب الراء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(راس) الحکمۃ مخافۃ اللہ	حکمت کا سر اللہ تعالیٰ کا ڈر ہے	
(راس) الدین صحۃ الیقین	دین کا سر یقین کی صحت ہے	
کل (راس) بہ صداع	ہر سر کے لئے درد ہے	
کان علیٰ (رؤسہم) الطیر	گویا کہ ان کے سر پر پرندے ہیں	بردبار اور حلیم و باادب کے لئے کہا جاتا ہے
(رائی) الکوکب ظہرا	اس نے ظہر کے وقت ستارہ کو دیکھا	دن میں تارے نظر آنے لگے یعنی مصیبت زدہ ہونے کے باعث اس قدر حیرانی و پریشان ہے ۔ خورشید قیامت کو بھی تارے نظر آئے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(رأہ) الصادر والوارد	اسے نکلنے والے اور آنے والے نے دیکھا	یعنی ہر کس و ناکس نے دیکھا شہرت مراد ہے
(یریٰ) الشاہد مالا یریٰ الغائب	حاضر دیکھتا ہے کہ جسے غائب نہیں دیکھتا	
سوف (تریٰ) اذا تجلّی الغبار افرسٌ تحتک ام حمار	تجھے غبار کے صاف ہونے پر معلوم ہو جائے گا کہ تیرے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا	کسی ہٹ دھرم شخص کو فعل بد کے انجام سے ڈرانے کے لئے یا اس کے دوست نما دشمنوں سے آگاہ کرنے کے لئے کہا جاتا ہے
(رایُ) شیخٍ خیرٌ من مشہدِ غلامٍ	بوڑھے کی رائے لڑکے کے مشاہدہ سے بہتر ہے	
لا (رایَ) لمن لا یُطاع	جس کی اطاعت نہیں کی جاتی اس کی کوئی رائے نہیں	اس کے دو معنی ہیں (۱) جس کی فرماں پذیری منظور نہیں ہوتی اس کی رائے کو وقعت نہیں دی جاتی (۲) جو رائے ناقابل عمل ہو اُسے کوئی وقعت نہ دینی چاہئے
انّ (الرای) لیس بالتظنّی	گمان کر لینے سے رائے قائم نہیں ہوتی	یعنی محض خیال پر رائے کا دار و مدار نہ ہونا چاہیے
(رُبّما) کان الدواءُ داءً	بعض اوقات دوا بیماری ہو جاتی ہے	بوجہ اپنی مضرت یا عادت کے
(ربّما) کان الداءُ دواءً	بعض اوقات درد ہی دوا ہو جاتا ہے	مشکل وجہ آسانی ہو جاتی ہے
(ربّک) وصاحبک لا	اپنے رب اور اپنے دوست پر افترا	یعنی محسن اور رفیق پر

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
تکذب علیہما	نہ باندھ	
انّ (الرثیئۃ) تفثأ الغضب	میٹھی چھاچھ (لسّی - پنجابی) غضب کو ٹھنڈا کرتی ہے	ایک شخص غصہ اور بھوک کی حالت میں کسی کا مہمان ہوا اس کی تواضع میٹھی چھاچھ سے کی گئی جس کے پیتے ہی اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔
(رجع) بخفّی حنینٍ	حنین کے موزے لیکر لوٹا	حنین ایک موچی کا نام ہے - ایک بار اس کے پاس ایک بدو آیا اور جوتا خریدنا چاہا

لیکن قیمت پر تکرار ہوگئی اور بدو چلا گیا۔ حنین کو بدو کی گفتگو پر غصہ آیا اور بدلہ لینے کی غرض سے بدو کے راستہ پر پہنچا اور یہ حرکت کی کہ ایک جوتا راستہ میں گرا دیا اور دوسرا جوتا زیادہ فاصلہ پر گرا دیا اور خود چھپ کر بیٹھ گیا تھوڑی کے بعد جب بدو آیا تو اس نے ایک جوتا دیکھ کر کہا کہ ایک کا کیا کروں گا لیکن آگے بڑھ کر جب دوسرا پڑا دیکھا تو پہلے جوتے کو حاصل کرنے کی غرض سے اپنی سانڈنی سے اتر پڑا اور ایک درخت سے اسے باندھ کر واپس لوٹا حنین نے جب میدان خالی دیکھا تو فوراً اپنی کمین گاہ سے نکلا اور سانڈنی کھولے اڑا۔ جب بدو اپنے گھر پہنچا تو لوگ پوچھنے لگے کہ کیا لیکر آیا اس نے جواب دیا بخفّی حنین۔ یعنی حنین کے جوتوں کا جوڑا۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
حتّٰی (یرجع) الدّرُ فی الضرع	یہاں تک کہ دودھ تھن میں واپس چلا جائے	نا ممکن کے لئے کہا جاتا ہے
(الرجال) اربعۃٌ	انسان چار قسم کے ہوتے ہیں	قسم اوّل۔ وہ شخص کہ جو واقف ہو اور جانتا ہو کہ وہ واقف ہے ایسا شخص عالم اور قابل

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		اطاعت ہی۔ قسم دویم۔ وہ شخص کہ جو واقف ہونے کے باوجود نہیں جانتا کہ وہ واقف ہی ایسا شخص بے خبر ہی اسے آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ قسم سویم۔ وہ شخص کہ جو واقف نہیں اور جانتا ہی کہ وہ واقف نہیں ایسا شخص طالب ہدایت ہی اسے راستہ دکھلانا چاہئے۔ قسم چہارم۔ وہ شخص کہ جو واقف نہیں اور دعویٰ ہمہ دانی کرتا ہی ایسا شخص جاہل اور قابل سرزنش ہے ؎ آنکس کہ بداند و بداند کہ نداند اسپ طرب خویش با فلاک جہاند وآنکس کہ نداند و بداند کہ نداند آں ہم خرک لنگ بمنزل برساند وآنکس کہ نداند و بداند کہ بداند درجہل مرکب ابدالدہر بماند
ہل (یرتجیٰ) مطرٌ بغیر سحابِ	کیا بادل کے بغیر بارش کی امید کی امید کی جاسکتی ہے	
لا (ترج) خیر من لا یرجو	جو تیری خیر کا امیدوار نہیں تو	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	اس کی خیر کا امیدوار مت ہو	خیرك
	جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا	من لا (یرحَم) لا یُرحم
	اپنے زیر دست پر رحم کر تجھ پر زبردست رحم کرے گا	(ارحم) من دونك یرحمك من فوقكَ
	جدھر سے پتھر آیا اُدھر ہی اسے لوٹا دے	(رُدّ) الحجر من حیث جاءَكَ
کما قال الشاعر حَسَنٌ قول نعم من بعد لا و قبیحٌ قول لا بعد نعم نہیں کے بعد ہاں کہنا اچھا ہے اور ہاں کے بعد نہیں کہنا بُرا ہے	ہاں کے بعد نہیں کہنا بُرا ہے	بُئس (الردُّ) لا بعد نَعَم
	رزق تقسیم کیا گیا ہے۔ حریص محروم ہے۔ بخیل کو برا کہا جاتا ہے۔ حاسد غمگین رہتا ہے	(الرزق) مقسومٌ الحریص محرومٌ البخیل مذمومٌ الحسود مغمومٌ
یعنی وعدہ ہی وعدہ ہے ایفا نہیں	بلبلانا ہے اور دودھ کی دھار نہیں	(رَزَمَةٌ) ولا دِرَّةٌ
	درہم جیسا کوئی پیغامبر نہیں	لا (رسولَ) کالدرھم
	رشوت دینے والا اور رشوت لینے والا دونوں آگ میں	(الراشی) والمرتشی کلاھما فی النار
یعنی خیریت سے واپسی ہی کو غنیمت خیال کرتا ہوں خیر سے بدھو گھر کو آئے	میں غنیمت میں سے واپسی ہی پر رضامند ہو گیا	(رضیتُ) من الغنیمة بالایاب
نفس کی اطاعت غیر ہر دل عزیز بناتی ہے	جو اپنے نفس سے راضی ہوا اس نے	من (رضیَ) عن نفسه

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	ناراض ہونے والوں کی کثرت ہوئی	کثر الساخط علیه
	جب تو اپنے بھائی کو سخت مجبور کرکے رضامند کرے تو وہ تیرا بھائی نہیں	اذا (ترضّیت) اخاک فلا اخاک
یعنی اپنے طریق کار سے سب لوگوں کا خوش کرنا ناممکن ہی لہذا اپنی رائے کو محکم کرنا چاہیے اور پھر کام کرتے ہوئے سب کی پرواہ نہیں کرنی چاہیے	لوگوں کی رضامندی ایسی غایت ہے کہ جو مل نہیں سکتی	(رضا) الناس غایةٌ لا تُدرَکُ
	شریف کی طرف رغبت تجھے یگانہ بناتی ہی اور اس سے تجھے قریب کرتی ہی تیرے اور اس کے درمیان سے حشمت کے پردے اٹھاتی ہی۔ اور کمینہ کی طرف رغبت تجھے اس سے دور کرتی ہی اور تجھے اس کی آنکھوں میں چھوٹا بناتی ہے	(الرغبة) الی الکریم تُخلطُکَ وتقرّبُکَ منه وترفع سجوفَ الحشمة بینکَ وبینه والرغبةُ الی اللئیم تباعدُکَ منه وتصغرکَ فی عینیه
	جھاگ کے نیچے صاف ہے	تحت (الرغوةِ) الصریح
نہ حلوی بن کہ چٹ کر جائیں بھوکے نہ کڑوا بن کہ جو چکھے سو تھوکے	نہ ایسا تر بن کہ تجھے نچوڑ لیا جائے اور نہ ایسا خشک کہ تجھے توڑ دیا جائے	لا تکن (رطباً) فتعصرو لا یابساً فتکسر

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (استرعی) الذئب ظلم	جس نے بھیڑیئے کو چرواہا بنایا اس نے ظلم کیا	
(مرعیً) ولا اکولۃً	چراگاہ ہے اور بھیڑ موجود نہیں (اکولہ اس بھیڑ کو کہتے ہیں کہ جسے ذبح کرنے کی غرض سے فربہ کیا جائے)	در پردہ ضرور کوئی خرابی ہے۔
(للرّعیّۃ) المنام وعلی الملک القیام	رعیت کے لئے سو رہنا اور بادشاہ کے لئے کھڑا رہنا	عین دلیل رفاہ ہے
من (الرفش) الی العرش	پھاوڑے سے تخت شاہی تک	یعنی ذلت وافلاس سے عزت و دولت پر
(الرفیق) قبل الطریق	رفیق راستہ سے قبل	یعنی سفر اختیار کرنے سے قبل اچھا رفیق اختیار کر لو
(ارقُب) البیت من راقبہ	گھر کی نگہبانی اس کے نگہبان سے کر	اس ضرب المثل کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص اپنا گھر اپنے غلام کی نگہبانی میں چھوڑ کر کہیں چلا گیا مگر اس کی غیر موجودگی میں غلام گھر کا تمام سامان لیکر چلتا بنا۔ اس وقت یہ فقرہ کہا گیا
(کالراقم) علی الماء	پانی پر لکھنے والے کی مانند	نقش بر آب
(ارق) علی ظلعک	اپنے لنگڑانے کے مطابق چڑھ	ایاز مرتبہ خود بشناس یعنی حد سے نہ بڑھ اور اپنے عجز کو مدنظر رکھ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(رکب) جناحی النعامة	شترمرغ کے بازوؤں پر سوار ہو گیا	ہوائی گھوڑے پر سوار
من لم (یرکب) الاھوال لم ینل الآمال	جو خوف و اندیشہ پر سوار نہیں ہوتا وہ مقصد میں کامیاب نہیں ہوتا	
(کراکب) اثنین	دو (سواریوں) کے سوار جیسا	دو کشتیوں کا سوار
رماہ (اللہ) بداء الذئب	خدا اس پر بھیڑیئے کی بیماری بھیجے	یعنی اسے بھوکا رکھے
قبل (الرمی) یراش السهم	قدر اندازی سے پہلے تیر پر پر لگائے جاتے ہیں	تیار رہنا مقصود ہے
قبل (الرماء) تملاء الکنائن	قدر اندازی سے قبل ترکشیں بھر لی جاتی ہیں	تیاری مقصود ہے
رُبَّ (رمیة) من غیر رام	قدر اندازی سے ناواقف کا بعض نشانہ لگ جاتا ہے	
عند (الرہان) تُعرف السوابق	گھڑ دوڑ کے وقت آگے نکلنے والوں کی شناخت ہوتی ہے	دلاجاں باختن دعویٰ مکن چنداں کہ یار آید شود معلوم کار ہر کسے چوں وقت کار آید
(استراح) من لا عقل له	جسے عقل نہیں وہ راحت پاتا ہے	یعنی احمق کو کسی قسم کی فکر نہیں رہتی
(الرائد) لا یکذب اھله	رائد اپنوں سے جھوٹ نہیں کہتا اہل عرب رائد اس شخص کو کہتے ہیں کہ جو اپنے قبیلہ سے آگے آگے پانی اور گھاس کی تلاش میں چلتا ہے	ڈائن اپنے بچوں کو نہیں کھاتی
(اروی) من ضبّ	گوہ سے زیادہ سیراب	عام طور سے مشہور ہے کہ گوہ پانی نہیں پیتی

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(الرّاویۃُ) احد الشّاتمین	خوب روایت کرنے والا دشنام دہندوں میں سے ایک ہے راویۃٌ میں تا مبالغہ کی ہے	یعنی جو شخص تم سے کہتا ہے کہ فلاں نے تمہیں ایسا ایسا کہا تو سمجھ لو کہ وہ خود تمہیں بُرا کہہ رہا ہے
رُبّ (ریثٍ) یعقبُ فوتاً	بعض دیری کا انجام ناکامی ہوتا ہے	
(اریدُ) حباءہ و یریدُ قتلی	میں اسے دینا چاہتا ہوں اور وہ مجھے قتل کرنا چاہتا ہے	
اذا اراد اللہ ھلاک نملۃٍ انبت لھا جناحین	جب اللہ تعالیٰ چیونٹی کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو اس کے دو بازو (یعنی پر) پیدا کر دیتا ہے	
من لم (یُردک) فلا تُردہ	جو تیرے پاس نہ آئے تو اس کے پاس مت جا	

باب الزاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (یزرع) الشوک لا یحصد بہ العنبَ	جو کانٹے بوتا ہے وہ بدلہ میں انگور نہیں کاٹتا عربی میں انگور توڑنے کے لئے قطف آتا ہے لیکن اس فقرہ میں چونکہ زرع آیا ہے لہذا اس کی مناسبت	جیسا کروگے ویسا بھروگے کردنی خویش آمدنی پیش۔ چاہ کن را چاہ درپیش اگر خار کاری سمن ندروی۔

محل استعمال	معنیٰ	ضرب المثل
	سے حصد آیا	
جیسی کرنی ویسی بھرنی کردنی خویش آمدنی پیش	جس نے کینوں کو بویا اس نے تکلیفوں کو کاٹا	من (زرع) الاحن حصد المحن
یعنی دشمن	وہ نیلگوں چشم ہے	ہو (ازرق) العین
انتہائے شفقت کی مثال دی گئی ہے	اس نے اسے چوگا دیا جیسا کہ کبوتری نے اپنے بچے کو چوگا دیا	(زرقہ) زق الحمامۃ فرخھا
	جب عالم لغزش کھاتا ہے تو اس کی لغزش سے دنیا لغزش میں آجاتی ہے	اذا (زل) العالم زل بزلتہ عالم
	رائے کی لغزش قدم کی لغزش کو بھلا دیتی ہے	(زلۃ) الرای تنسی زلۃ القدم
	ہر زمانہ کے لئے لوگ ہوتے ہیں	لکل (زمان) رجال
قدر کم کر دیتا ہے روز کا آنا جانا	ناغہ کرکے مل تیری محبت بڑھیگی	(زر) غبا تزدد حبا
اقربا کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی ترغیب دی گئی ہے	گندھے ہوئے آٹے میں تیل ضائع نہیں ہوتا۔	(الزیت) فی العجین لا یضیع
کمہاری اپنے بھانڈے کو سراہتی ہے عقل خود بکمال، و فرزند خود بجمال	باپ کی آنکھ کو بیٹا بھلا ہی معلوم ہوتا ہے	(زین) فی عین والد ولدہ

باب السین

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
إن (سال) الحف و ان سؤل سوّف	اگر اس نے (خود) مانگا تو گڑگڑانے لگا اور اگر اس سے مانگا گیا تو کہنے لگا عنقریب	یعنی جب خود دینے کی باری آئی تو ٹال مٹول کرنے لگا
(سائلُ) اللہ لایخیب	اللہ سے مانگنے والا ناکام نہیں رہتا	
(سبّک) من بلّغک السبّ	جس نے تجھ تک کسی کی گالی پہنچائی اس نے ہی تجھے گالی دی	
(سبّنی) واصدُقْ	مجھے گالی دے اور سچ بول	سچ بولنے پر اپنے بند کرنے کے لئے کہا جاتا ہے
مالہ (سَبَدٌ) ولا لبدٌ	اس کے پاس نہ مال ہے اور نہ اون	تہی دستی مراد ہے
(سبق) السیف العذلَ	تلوار نے ملامت پر سبقت کی	یہ جملہ ضبّہ بن اُدّ کی زبان سے اس وقت نکلا کہ جب حرم میں اس نے اپنے بیٹے کے قاتل کو قتل کیا اور لوگ اسے ملامت کرنے لگے
(سَبَق) دِرّتَہ غرارہ	اس کے دودھ کی قلت نے اس کے دودھ کی کثرت پر سبقت کی	یعنی اس سے بھلائی کی امید کم ہے اور برائی کی امید زیادہ ہے
من (سابق) الدھر عثر	جو زمانہ سے آگے بڑھا وہ پھسل گیا	
لمّا (اشتدّ) ساعدہ رمانی	جب اس کی کلائی تل گئی (یعنی ہاتھ صاف ہو گیا)، تو اس نے مجھے نشانہ بنایا	پوری بیت یہ ہے اعلّمہ الرمایۃ کل یوم فلما استدّ ساعدہ رمانی

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
		میں اسے روزانہ نشانہ بازی سکھاتا رہا پس جب اس کا ہاتھ صاف ہوگیا تو اس نے مجھے نشانہ بنایا
(السّرُّ) امانۃٌ	بھید امانت ہے	
(سرّک) من دمِک	تیرا بھید تیرے خون سے ہے	یعنی افشائے راز میں کبھی جان بھی چلی جاتی ہے
(اسرعُ) من البرقِ	بجلی سے زیادہ تیز	
(اسرعُ) من لمح البصر	پل مارنے سے زیادہ تیز	
(یسرق) الکحل من العین	آنکھ سے سرمہ چرا لیتا ہے	یعنی اس قدر ہوشیار گٹھ کترا ہے
من (سعیٰ) رعیٰ	جس نے کوشش کی وہ چرا	یعنی جس نے کوشش کی اس نے فائدہ اٹھایا
لکل (ساقطۃ) لاقطۃ	ہر گری ہوئی چیز کے لئے اٹھانے والی ہے	یعنی زبان سے جو لفظ نکلتا ہے اسے کوئی نہ کوئی کان ضرور سن لیتا ہے۔ دیوار ہم گوش دارد
(ساقیۃٌ) لا تعکّر بحراً	ایک پینے والی سمندر کو گدلا نہیں کر سکتی	
(سکتَ) الفاً ونطق خلفاً	ہزار بار خاموش رہا اور بولا بیہودہ بات	
(السکوتُ) اخو الرضا	سکوت رضامندی کا بھائی ہے	خاموشی نیم رضا
رُبَّ (سکوتٍ) ابلغ من کلامٍ	بعض خاموشی کلام سے زیادہ بلیغ ہوتی ہے	ذیل کے شعر سے یہی مطلب نکلتا ہے۔ بنی تمیم الا فانھوا سفیھکم انّ السفیہ اذا لم ینہہ مامور

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		بنی تمیم دیکھو اپنے جاہل کو منع کرو (جاہل کو جب منع نہیں کیا جاتا تو اس کے معنی یہ ہیں) کہ اسے حکم دیا گیا ہے
ربّما کان (السکوتُ) جواباً	بعض اوقات خاموشی جواب ہوتی ہے	
(سلاحُ) الضعفاءِ الشکایۃ	کمزوروں کا ہتیار شکایت ہے	
لا (سلطانَ) بلا رجالٍ	آدمیوں کے بغیر بادشاہ نہیں	
(سلطانٌ) بلا عدلٍ کنھرٍ بلا ماءٍ	سلطان بے انصاف ایسا ہی جیسا کہ بغیر پانی کی نہر	
لیس (لسلطان) العلم زوالٌ	علم کے بادشاہ کے لئے زوال نہیں	
من (سلک) الجَدَدَ امِنَ العثار	جو ہموار زمین پر چلا وہ گرنے پڑنے سے بچا	
اِن (سلمتَ) من الاسد فلا تطمع فی صیدہ	اگر تو شیر سے بچ نکلا تو اس کے شکار کی طمع نہ کر	
من (سلمتْ) سریرتہ سَلمت علانیتہ	جس کا باطن سلامت رہا اس کا ظاہر سلامت رہا (باطن سے مراد نیت ہے)	
(السلامۃ) غنیمۃٌ	سلامتی غنیمت ہے	
اِنّ (السلامۃ) منھا ترکُ ما فیھا	دنیا سے سلامت رہنا اس کے ترک ما فیہا کا نام ہے (ضمیر ہا	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	دنیا کی طرف راجع ہے)	
(اَسمعُ) جعجعۃً ولا اریٰ طحناً	میں گھوں گھوں سنتا ہوں آٹا نہیں دیکھتا	تھوتھا چنا باجے گھنا - جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں
(السامع) للغیبۃ احد المغتابین	غیب کا سننے والا غیبت کرنے والوں میں سے ایک ہے	
(اسمع) ولا تُصدِّق	سن لے اور سچ مت جان	
(اَسمعُ) من قُرادٍ	چیچڑی سے زیادہ سننے والا	مشہور ہے کہ چیچڑی ایک روز کی مسافت پر اونٹوں کے چلنے کی آواز سن لیتی ہے اور ان کی طرف چل پڑتی ہے
(الاستماع) اسلم مِنَ القول	سننا کہنے سے زیادہ باسلامت ہے	
قد (استسمنتَ) ذا ورمٍ	تو نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا	یعنی ظاہر سے دھوکا مت کھا
من لی (بالسانح) بعد البارح	کون ہے جو میرے لئے بارح کے بعد سانح کو لائے سانح - داہنے طرف سے آنے والا بارح - بائیں طرف سے آنے والا	اہل عرب سانح کو مبارک اور بارح کو منحوس خیال کرتے ہیں اس مثل کا مطلب یہ ہے کہ نحوست کے بعد میرے لئے کون سعادت وبرکت کا سبب بنے گا۔ یہ مثل اس وقت کہی جاتی ہے کہ جب ناکامی کے بعد کامیابی کی امید ہو
کان (سنداناً) فصار مطرقۃً	سندان (اہرن) تھا بن گیا ہتھوڑا	یعنی پہلے ذلیل تھا اب بن گیا معزز

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اشہر) من النجم	ستارے سے زیادہ جاگنے والا	یعنی بہت جاگنے والا
(سیّد) القوم اشقاھم	قوم کا سردار سب سے زیادہ بدبخت ہوتا ہے	کیونکہ ذمہ داریوں کی بہتات اسے چین نہیں لینے دیتی
(سید) القوم خادمھم	قوم کا سردار اس کا خادم ہے	
ما كل (سوداء) تمرۃ	ہر کالی چیز کھجور نہیں ہوتی	ہر پتھر ہیرا نہیں ہوتا
لو ذات (سوار) لطمتنی	کاش کہ کنگن والی مجھے چانٹا لگاتی	حاتم طائی نے بحالت قید ایک لونڈی سے چانٹا کھا کر ایسا کہا مقصد یہ ہے کہ اے کاش آزاد عورت چانٹا لگاتی عرب میں زیور لونڈیاں نہیں پہنتی تھیں
ان (استوی) فسكين و ان اعوج فمنجل	اگر ہموار ہے تو چھری ہے اور اگر ٹیڑھی ہے تو درانتی ہے	"نہ الٹا لیا جائے نہ سیدھا" ہر حال خطرناک'
(سیرۃ) المرء تنبئ عن سریرته	آدمی کی سیرت سے اس کی نیت کا پتہ چلتا ہے	
(سیرین) فی خرزۃ	ایک ہی سوراخ میں دو تسمے ڈال	ایک پنتھ دو کاج
لولا (السیف) كثر الحیف	اگر تلوار نہ ہوتی تو ظلم بڑھ جاتا	
(سال) بھم السیل و جاش بنا البحر	ان کو سیلاب بہا کر لے گیا اور ہم پر سمندر امنڈ پڑا	یعنی ہم دونوں مصیبت میں ہیں بلکہ ہم ان سے زیادہ مشکل میں ہیں
(سیل) به وھو لا یدری	اسے بہا دیا گیا اور اسے معلوم نہیں	

باب الشین

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اشام) من براقش	براقش سے زیادہ منحوس	براقش کا ذکر باب الالف میں آچکا ہے
(اشام) من البسوس	بسوس سے زیادہ منحوس	بسوس اس خاتونِ عرب کا نام ہی کہ جسے حرب بسوس کی وجہ سے تاریخ عرب میں لازوال

شہرت حاصل ہی۔ ایک بار اس خاتون کے ہمسایہ سعد بن شمر جرمی کی اونٹنی قبیلہ تغلب کے ایک شخص کلیب بن وائل کی چراگاہ میں چر رہی تھی کہ کلیب نے تیر مار کر اس کے تھن کو زخمی کر دیا۔ اونٹنی اپنے مالک کے پاس اس حالت میں پہنچی کہ اس کے تھن سے خون اور دودھ کی دھاریں نکل رہی تھیں۔ یہ دیکھ کر سعد بلبلا اٹھا اس کی آواز سن کر بسوس گھر سے نکلی اور اونٹنی کی حالت دیکھ کر باآواز بلند پکار اٹھی۔

لعمرك لو اصبحتُ فی دار منقذٍ   لما ضیم سعد وھو جار لابیاتی

قسم تیری عمر کی اگر مجھے منقذ (بسوس کا باپ) کے گھر میں صبح ہو جاتی تو میرے پڑوسی سعد پر ظلم نہ ہوتا۔

ولکنّنی اصبحت فی دار غربته   متی یعد فیھا الذئب یعد علی شاتی

اور لیکن مجھے تو خانۂ غربت میں صبح ہوئی (جہاں یہی خوف دامنگیر رہتا ہی کہ بھیڑیا میری بھیڑ کو کھانے) کے لئے کب واپس آئے گا۔

فیا سعد لا تغرر بنفسك وارتحل   فانك فی قوم عن الجار اموات

اے سعد تو دھوکہ میں مت رہ اور (یہاں سے) کوچ کر تو ایسے لوگوں میں مقیم ہے کہ جو پڑوسی کے حق میں مردہ ہیں۔

جب یہ اشعار بسوس کے بھانجے جسّاس نے سنے تو وہ زخمی جانور کے قصاص میں انسان کا خون بہانے کی غرض سے چلدیا اور فوراً ہی کلیب کو قتل کر کے اپنے قبیلہ میں واپس آیا اس واقعہ

کی خبر جب اس کے باپ مرّہ کو ہوئی تو اس نے اپنے دوسرے بیٹے ہمام کو مطلع کرنے اور اسے بلانے کے لئے ایک لونڈی بھیجی۔ اس وقت ہمام مقتول کے بھائی مہلہل سردار قبیلہ تغلب کے ہاں بیٹا ہوا شراب وکباب کی دعوت اڑا رہا تھا۔ لونڈی نے بھیجکر اشارہ سے ہمام کو باہر بلایا اور واقعہ سے مطلع کیا۔ مہلہل اور ہمام میں یہ عہد تھا کہ ایک دوسرے سے کوئی راز نہ چھپائیں گے اس لئے مہلہل کے دریافت کرنے پر ہمام کو اصل واقعہ کی خبر دینی پڑی مہلہل نے سنتے ہی کہا چلو جانے دو آج تو شراب کا دن ہے آؤ شراب پئیں پھر دیکھا جائے گا یہ کہکر دونوں میں پھر صحبت گرم ہوگئی۔ جب مہلہل شراب پیتے پیتے مدہوش ہوگیا تو ہمام چپکے سے سرک کر اپنے گھر آگیا۔ اتنے میں وارداتِ قتل کی خبر تمام قبیلہ تغلب میں پھیل گئی اور خاتونانِ عرب سینہ کوبی کرتی ہوئیں اور بین کرتی ہوئیں پردہ میں سے نکل آئیں اور مہلہل نے انتقام لینے کے لئے اپنی قوم کو پکارا۔ پھر کیا تھا عرب کی جاہلانہ شجاعت میں طوفان آگیا۔ اور دونوں قبیلے ایک دوسرے کے مقابل ایسے صف آرا ہوئے کہ ۴۹۴ء سے ۵۳۴ء تک طرفین میں مسلسل خونریز جنگیں ہوتی ہوتی رہیں آخر مہلہل کی موت کے بعد یہ آگ فرد ہوئی۔ چونکہ اس طولانی جنگ کی محرک اوّل بسوس ہی تھی اس لئے اس جنگ کا نام بھی حرب البسوس پڑ گیا۔ اور بسوس کا نام نحوست میں ضرب المثل بن گیا۔

ایک شاعر جو اس جنگ میں شریک تھا اور قبیلہ بکر کا طرفدار بن کر نبرد آزما ہوا تھا۔ اپنے اشعار میں شدت جنگ کا نقشہ اس طرح سے کھینچتا ہے۔

فلما صرح الشر ؛ فامسیٰ وھو عریان	جب کہ شر ظاہر اور عریاں ہوگیا
ولم یبق سوی العدوا ؛ ن دناھم کما دانو	اور ظلم صریح کے سوا کچھ باقی نہ رہ گیا تو ہم نے ان کے کئے کا بدلہ ایسا ہی دیا جیسا کہ انہوں نے کیا تھا۔
مشینا مشیۃ اللیث ؛ غدا واللیث غضبان	ہم اس شیر کی طرح سے بڑھے کہ جسے بھوک ہی میں صبح ہوگئی ہو
بضرب فیہ توھین ؛ وتخضیع واقران	ہم ایسی ضرب لگاتے ہوئے بڑھے کہ جو کمزور ذلیل اور

ڈھیلا کرنے والی تھی۔

وطعن کفم الزق ؛ غذا والزق ملاٰن ہمارے نیزوں کے زخم بھرے ہوئے مشکیزے کی طرح سے بہتے تھے۔

وبعض العلم عند الجھ ؛ لِ للذلّۃ اذعان کبھی جہالت کے سامنے حلم اختیار کرنے سے ذلیل ہونا پڑتا ہے

وفی الشرّ نجاۃ حین ؛ ن لا ینجیک احسان اور جب احسان تجھے نجات نہ دلائے تو شر میں نجات ہے

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(اشأم) من حفّارٍ	گورکن سے زیادہ منحوس	
(اشام) من طویسٍ	طویس سے زیادہ منحوس	طویس ایک شخص تھا کہ جس روز وہ پیدا ہوا

اس روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رحلت فرمائی جس روز اس کی ماں نے اس کا دودھ چھڑایا اس روز حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انتقال فرمایا۔ جس دن وہ بالغ ہوا اس دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اور جس دن اس کی شادی ہوئی اس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جام شہادت پیا اور جس روز اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا اس روز حضرت علی کرم اللہ وجہہ مرتبۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اشأمُ) من غراب البین	جدائی کے کوے سے زیادہ منحوس	چند لوگ گھاس کی تلاش میں ایک دوسرے سے جدا ہوئے اس وقت ان کی نظر ایک کوا پڑا جس کا نام انہوں نے غراب البین رکھا
(الشبابُ) مطیّۃُ الجھل	جوانی جہالت کی سواری ہے	
(شباب) بلا توبۃٍ کبیتٍ	بغیر توبہ کے جوانی ایسی ہے جیسا	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
بلا سقفٍ	کہ بغیر چھت کا گھر	
(الشبعانُ) یفُتّ للجائع فتّاً بطیئاً	پیٹ بھرا بھوکے کے لئے (ٹکڑا) دیر سے توڑتا ہے	کجا دانند حالِ ماسبک ساران ساحلہا
اربعۃ لا (تشبع) من اربع عین من نظرٍ واُذنٌ من خبرٍ وانثیٰ من ذکرٍ وارض من مطرٍ	چار چیزیں چار چیزوں سے سیر نہیں ہوتیں آنکھ نظر سے کان نیک (خبر) سے مادہ نر سے اور زمین بارش سے	
من (اشبہ) اباہ فما ظلم	جو اپنے باپ سے مشابہ ہوا تو اس کا قصور کچھ نہیں	باپ پہ پوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا
(الشجُّ) مرّۃ ویأسو اُخریٰ	ایک بار زخم لگاتا ہے اور دوسری بار دوا	سر سہلائیں بھیجا کھائیں
(اشجعُ) من لیث	شیر سے زیادہ بہادر	
(الشجاعُ) موقّی	بہادر محفوظ رکھا جاتا ہے	یعنی بہادر کو چھیڑنے کی کسی کی ہمت نہیں پڑتی
ان لم یکن (شحم) فنفشٌ	اگر چربی نہیں ہے تو اون ہی سہی	یعنی اگر عمل نہیں تو دکھاوا ہی سہی یا خالی دھمکی
(اشدُّ) حزناً من الخنساء علی صخرٍ	صخر کے لئے خنساء کے اظہار غم سے زیادہ غمگین	صخر قبیلہ بنی اسد پر شب خون مارتے ہوئے زخمی ہو گیا۔ او ۲
(للشدائد) تدخر الرجال	مرد سختیوں (کے مقابلہ) کے لئے جمع رکھے جاتے ہیں	۲ چند دن بیمار رہ کر مر گیا اس کی بہن کو اس قدر غم ہوا کہ تاحین حیات اس کی

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		قبر پر روتی رہی اور مرثیہ پڑھتی رہی
عند الشدائد تذهب الاحقاد	سختیوں کے وقت کینے چلے جاتے ہیں	یعنی عام مصیبت کے وقت لوگ آپس کے کینوں کو بھول جاتے ہیں
عند الشدائد تعرف الاخوان	سختیوں کے وقت بھائیوں کی شناخت ہوتی ہے	دوست آں باشد کہ گیرد دستِ دوست در پریشاں حالی و درماندگی
شرّ ایّام الدیک یوم تغسل رجلاه	مرغ کا برا وقت وہ ہے کہ جس دن اس کے پاؤں دھوئے جائیں	کیونکہ ذبح کے بعد ہی اس کے پاؤں کو صاف کیا جاتا ہے
شر الرای الدبریّ	(ناکامی کے) بعد کی رائے سب سے بری ہے	مشتے کہ بعد از جنگ آید بر کلۂ خود باید زد
شر الشدائد ما یضحک	سب سے بری سختی وہ ہے کہ جو ہنسا دے	یعنی وہ ناگہانی مصیبت جو بلا انتظار خلاف توقع ٹوٹ پڑے اور مصیبت زدہ حیران و ششدر رہ جائے
شرّ العمی عمی القلب	برا اندھاپن دل کا اندھاپن ہے	
شرّ من الشرّ فاعله	شر سے ایک شر اس کا کرنے والا ہے	
شرّ الناس من اکل وحده	بدتر انسان وہ ہے کہ جو تنہا کھائے	
شرّ الناس من یتقیه الناس	برا آدمی وہ ہے کہ جس سے لوگ بچیں	
شرّ الناس العالم لا ینفع بعلمه	لوگوں میں سے بدتر عالم وہ ہے کہ جو اپنے علم سے فائدہ نہ پہنچائے	
شرّ الناس من لا یبالی	برا آدمی وہ ہے کہ جسے اس کی بھی	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ان یراہ الناس مسئیا	بُرا وہ نہیں کہ لوگ اُسے برا سمجھیں	
(الشرّ) اخبثُ ما اوعیت من زادٍ	تیرے محفوظ توشہ میں بدتر شے شر ہے	پورا شعر یہ ہے الخیر یبقی وان طال الزمان به الشر اخبث ما اوعیت من زادٍ خیر باقی رہتی ہی خواہ اس پر زمانہ گزر جائے تیرے محفوظ توشہ میں بدتر شے شر ہے
(الشرّ) قلیله کثیرٌ	تھوڑا سا شر بہت ہے	
(الشرّ) للشرّ خُلق	شر شر ہی کے لئے پیدا کیا گیا	یعنی شر کا مقابلہ شر ہی سے کیا جا سکتا ہی
انّ فی (الشرّ) خیاراً	شر میں خوبی بھی ہوتی ہے	خدا شرے برانگیزد کہ خیر ما دران باشد
بعض (الشر) اھون من بعضٍ	بعض شر بعض سے زیادہ آسان ہوتا ہے	
لکل (شرٍّ) باعث	ہر شر کا سبب ہوتا ہے	
لا (تشرب) السمّ اتکالاً علی التریاق	تریاق پر بھروسہ کرکے زہر مت پی	
(اشربُ) من الرمل	ریت سے زیادہ پینے والا	
(الشریف) من تطوّل وآثر	شریف وہ ہی کہ جو احسان کرے اور ایثار دکھلائے	
من (اشتریٰ) الحمد لم یُغبن	جس نے تعریف کو خریدا وہ نقصان میں نہیں رہا	
من (اشتری) سیفی و	کون خریدتا ہی میری تلوار اور یہ	بادشاہ نعمان نے سواروں کی ایک جماعت

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ھٰذا اثرہ	اس کا اثر ہے	حارث بن ظالم المریٰ کی گرفتاری کے لئے بھیجی۔ جب حارث نے اس جماعت کو تو وہ بجلی کی طرح سے اس پر ٹوٹ پڑا۔ سواروں نے بہتیرا اسے قابو میں لانے کی کوشش کی لیکن وہ جدہر جھکتا تھا۔ دشمن کی کئی کئی لاشیں گراتا تھا اور بلند آواز سے یہ کہتا تھا من یشتری سیفی وھٰذا اثرہ۔ آخر بقیۃ السیف سواروں کو ناکام بھاگنا پڑا۔
(الشعیر) یوکل ویذم	جو کھائے جا رہے ہیں وہ انہیں برا بھی کہا جا رہا ہے	
(شعاع) الشمس لا یخفی ونور الحق لا یطفیٰ	سورج کی شعاع کو چھپایا نہیں جا سکتا اور حق کی روشنی کو بجھایا نہیں جا سکتا	
(شفیتُ) نفس وجدعت انفی	میں نے اپنی جان بچائی اور اپنی ناک کاٹی	یعنی میں نے اپنی مراد حاصل تو کی مگر کچھ نقصان بھی اٹھایا
(شق) فلانٌ عصا قومہ	فلاں نے اپنی قوم کی لاٹھی کو پھاڑ ڈالا	یعنی اپنی قوم میں پھوٹ ڈالدی
انّ (الشقی) ترٰی لہ اعلاماً	تو شقی کی علامتوں کو کھلم کھلا دیکھتا ہے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لا یشکر اللہ من لا یشکر الناس	جو لوگوں کا شکر گزار نہیں ہوتا وہ اللہ کا شکر گزار نہیں ہوتا	
لکل شمسٍ مغربٌ	ہر سورج کے لئے مغرب ہے	ہر کمالے راز والے
ربّ شانئۃٍ احفی من اُمٍّ	بعض بغض رکھنے والی تیری ماں سے زیادہ مہربان ہے	کیونکہ وہ تیرے عیوب خوب بیان کرتی ہے جن کے دور کرنے کا تجھے موقعہ ملتا ہے لیکن ماں عیوب کو ظاہر نہیں کرتی
شنشنۃٌ اعرفہا من اخزم	عادت کو میں اخزم سے پہچانتا ہوں	اخزم ایک شخص کا نام ہے جسے اس کے باپ نے عاق کر دیا تھا۔ اس کی موت کے بعد اس کے لڑکوں نے اپنے دادا کو مار مار کر لہولہان کر دیا۔ تب ان کے دادا نے کہا ؎ اِنّ بنیّ ضرّجونی بالدم شنشنۃٌ اعرفہا من اخزم میرے بیٹوں نے مجھے خون میں لتھیڑ دیا۔ ان کی اس خصلت کو میں اخزم سے پہچانتا ہوں
شاہد البغض النظرُ	بغض کی گواہ نگاہ ہے	
شہادات الفعال خیر من شہادات الرجال	کرداروں کی شہادتیں لوگوں کی شہادتوں سے بہتر ہیں	
اشہرُ من الشمس	سورج سے زیادہ مشہور	
اشہرُ من نارٍ علی علم	بلند پہاڑ کی آگ سے زیادہ مشہور	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	جب تو عقلمند سے مشورہ کرے گا تو اس کی عقل تیری ہو جائے گی	اذا (شاورت) العاقلَ صار عقله لك
یعنی کمینہ کے ساتھ کتنی ہی نیکی کرو وہ کمینہ ہی رہتا ہے	تانبے کا صیقل کرنا تانبے ہی کو ظاہر کرتا ہے	(شوف) النحاس یُظهر النحاس
جب اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر	ذبح کی ہوئی بھیڑ کو کھال کھینچنے سے تکلیف نہیں ہوتی	(الشاة) للمذبوحة لا یؤلمها السلخ
محال و ناممکن	یہ نہ ہوگا تا وقتیکہ کوّے کے بال سفید ہو جائیں	لایکون ذالک حتّی (یشیب) الغراب
	تیرا بڑھاپا تیری موت کی خبر دیتا ہے	(شیبک) ناعیك

باب الصاد

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	جس نے صبر کیا وہ کامیاب ہوا	من (صَبَرَ) ظَفَرَ
	صبر اس شخص کا حیلہ ہے کہ جس کا کوئی حیلہ نہیں	(الصبر) حیلةُ من لا حیلة له
	صبر کشادگی کی کنجی ہے (یا فراخی کی کنجی ہے)	(الصبر) مفتاح الفرج
	مال کے لیے پہاڑوں کے اٹھانے پر صبر کرنا پڑتا ہے	(یُصبرُ) علی نقل الجبال لاجل المال

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من لم (یصبر) علی کلمةٍ سمع کلماتٍ	جس نے ایک کلمہ پر صبر نہیں کیا اس نے کئی کلمے سنے	
(صاحب) الحاجة اعمیٰ	اہل غرض اندھا ہوتا ہے	
و(صاحب) البیت ادریٰ بالذی فیہ	گھر والا خوب جانتا ہے کہ اس گھر میں کیا ہے	
(اصحّ) الثناء ما اعترف به الاعداء	زیادہ صحیح تعریف وہ ہے کہ جس کا اعتراف دشمن کریں	
(صحیفةُ) المتلمّس	متلمس کا خط	اپنی موت کا سامان اپنے ہاتھ سے کرنا۔ متلمس ایک شاعر تھا وہ اپنے بھانجے کی معیت

میں عمرو بن ہند بادشاہ حیرہ کے پاس گیا۔ دن بھر یہ دونوں بادشاہ کے ساتھ شکارگاہ میں مارے مارے پھرتے رہے۔ شکار سے فراغت کے بعد بادشاہ شراب نوشی میں مشغول ہوگیا اور یہ دونوں اس کے دروازہ پر ٹھہرے رہے۔ مگر باریابی کا موقعہ نہ مل سکا بادشاہ کی اس بے اعتنائی سے دل برداشتہ ہوکر متلمس نے اس کی ہجو میں کچھ اشعار کہہ ڈالے۔ جب بادشاہ تک ان اشعار کا چرچا پہنچا تو اس نے ان دونوں کو طلب کیا اور ایک سربمہر خط دیا اور کہا کہ بحرین کے عامل کو یہ خط دیدو۔ وہ میری تحریر کے مطابق تمہیں انعام دے گا۔ یہ دونوں پروانہ شاہی لیکر چل دیئے۔ راستہ میں انھیں ایک بوڑھا ملا جو کھجوریں کھا رہا تھا اور جوئیں نکال کر مار رہا تھا اور ساتھ ہی اپنی ریح فاسد بھی خارج کر رہا تھا۔ متلمس نے اسے دیکھ کر کہا کہ یہ کیسا بے وقوف ہے۔ اس نے جواب دیا کہ میں بے وقوف کیوں ہوں میں اپنے بدن میں پاکیزہ چیز داخل کر رہا ہوں بری چیز کو خارج کر رہا ہوں اور دشمن کو مار رہا ہوں بے وقوف تو تم ہو کہ اپنے ہاتھوں اپنی موت اٹھائے لے جا رہے

ہوا اور بے خبر ہو۔ یہ سن کر متلمس کے کان کھڑے ہوئے اور خط کھول کر ایک راہ گیر لڑکے سے پڑھوایا جس میں لکھا تھا کہ متلمس کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالے جائیں اور اسے زندہ دفن کر دیا جائے متلمس نے خط چاک کیا اور اپنے گھر کی راہ لی۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(تصدأ) القلوب کما یصدأ الحدید	دل زنگ آلود ہو جاتے ہیں جیسا کہ لوہا زنگ آلود ہو جاتا ہے	
(صدرک) اوسع لسرک	تیرا سینہ تیرے بھید کے لئے زیادہ وسیع ہے	
(صدور) الاحرار قبور الاسرار	شرفا کے سینے بھیدوں کی قبریں ہوتی ہیں	
(الصدق) ینبئ عنک لا الوعید	صداقت تجھ سے دشمن کو دفع کرتی ہے نہ کہ دھمکی	
(الصدق) ینجی والکذب یُھلک	سچ نجات دیتا ہے اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے	
(اصدق) من لفظ لحظ	لفظ سے زیادہ سچی کن انکھی ہے لحظ آنکھ کے اندرونی حصہ کو کہتے ہیں	یعنی کن انکھیوں سے دل کا پتہ چل جاتا ہے
(الصریح) تحت الرغوۃ	صاف چیز جھاگ کے نیچے ہے	نتیجہ اچھا ہے
من (صارع) الحق صرعہ	جس نے حق سے کشتی کی اسے (حق نے) پچھاڑ لیا	
لکل (صارم) نبوۃ ولکل	ہر شمشیر براں کے لئے اچٹنا ہے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
جوادٍ کبوۃٌ ولکل عالمٍ هفوۃٌ	اور ہر اسپ تیز رو کے لئے منہ کے بل گر پڑنا ہے اور ہر عالم کے لئے لغزش ہے	گرتے ہیں شہسوار ہی میدان جنگ میں وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بل چلے
عند (التصریح) تربحُ	حق کے عیاں ہونے کے وقت تجھے راحت معلوم ہوتی ہے	
(اصعب) علی الانسان معرفۃ نفسہ	انسان کے لئے اپنا نفس پہچاننا سخت دشوار ہے	
لا (تستصغر) عدوًّا وان ضَعُفَ	دشمن کو حقیر مت سمجھ خواہ وہ کمزور ہو	؎ دشمن نتواں حقیر وبیچارہ شمرد
(صلاح) الرعیۃ انفع من کثرۃ الجنود	رعیت کی اصلاح فائدہ مند ہے فوجوں کی کثرت سے	
وہل (یصلح) العطّار ما افسد الدھر	اور کیا عطار اس کی اصلاح کر دیتا ہے جسے زمانہ بگاڑ دیتا ہے	
لا (یصلح) رفیقًا من لم یبتلع ریقًا	وہ رفیق بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا کہ جو تھوک نہیں نگل سکتا	ریق سے مراد وہ جھاگ ہیں کہ جو غصہ کی حالت میں منہ میں بھر آتے ہیں
ما لا (یصلح) ترکہ اصلح	جس کے ترک کرنے میں بہتری ہو وہ خود بہتر ہے	
(اصلح) نفسک یصلح لک الناس	اپنے نفس کی اصلاح کر لوگ تیرے موافق رہنے لگیں گے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
رب (صلفٍ) تحت الراعدۃ	اکثر کم برسنے والی (بدلی) گرجنے والی کے تحت میں ہوتی ہے	جو گرجتا ہے برستا ہی نہیں
(الصمتُ) آیۃ الفضل و ثمرۃ الفعل و زین العلم و عین الحلم فالزمہ تلزمک السلامۃ و اصحبہ تصحبک الکرامۃ	خاموشی فضیلت کی نشانی فعل کا پھل علم کی زینت اور حلم کی آنکھ ہے تو اس سے چمٹ تجھ سے سلامتی چمٹے گی اور تو اس کی صحبت اختیار کر بزرگی تیری صحبت اختیار کرے گی	
(اصنعُ) من النحل	شہد کی مکھی سے زیادہ کاریگر	
لو (صُوّر) الصدق لکان اسداً و لو صوّر الکذبُ لکان ثعلباً	اگر سچ کی صورت بنائی جاتی تو وہ شیر ہوتا اور اگر جھوٹ کی صورت بنائی جاتی تو وہ لومڑی ہوتا	
(مصائبُ) قومٍ عند قومٍ فوائدُ	ایک قوم کی مصیبتیں (دوسری) قوم کے نزدیک فائدے ہیں	
لیس (بصیاح) الغراب یجیئ المطر	کوے کے چیخنے سے بارش نہیں آتی	
ہذا (الصید) و ھذا یاکل السمکۃ	یہ شکار کئے جاتا ہے اور یہ مچھلی کھائے جاتا ہے	

باب الضاد

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لا (یضر) السحاب نبح الکلاب	کتوں کا بھونکنا بادل کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا	
اذا (ضربت) فاوجع و اذا زجرت فاسمع	جب تو مارے تو درد پہنچاوے اور جب تو دھمکائے تو خوب کان تک پہنچاوے	
(ایاک) ان یضرب لسانك عنقك	بچ (اس بات سے) کہ تیری زبان تیری گردن مارے	یعنی زبان قابو میں رکھ ایسا نہ ہو کہ تیری لسانی تجھے تباہ کردے
(ضربُ) الحبیب وجع	پیارے کی مار زیادہ دردانگیز ہے	
(ضعفُ) البصر لا یضر مع نور البصیرۃ	بصارت کا ضعف بصیرت کی روشنی کے ہوتے ہوئے نقصان نہیں پہنچاتا	
قد (ضلّ) من کانت العمیان تهدیه	جس کے راہ نما اندھے ہوں وہ گمراہ ہوا	
(اضلّ) من ضبّ	گوہ سے زیادہ گمراہ	کیونکہ گوہ اپنے بل کو اکثر بھول جایا کرتی ہے
(اضیعُ) من سراجٍ فی شمسٍ	سورج کے سامنے چراغ سے زیادہ ضائع ہونے والا	
(اضیعُ) من قمرٍ فی الشتاء	سرما میں چاند سے زیادہ ضائع ہونے والا	موسم گرما کی چاندنی میں لوگ بیٹھ کر اس کا لطف اٹھا سکتے ہیں۔ مگر موسم سرما کی

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
اذا (ضافک) مکروہٌ فاقرہ صبراً	جب کوئی مصیبت تیری مہمان بنے تو اس کی میزبانی صبر سے کر	چاندنی میں بیٹھ ہی نہیں سکتے

باب الطاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(تطاطأ) لہا تخطئک	اس کے (یعنی حادثہ کے) سامنے سر جھکائے وہ تجھ سے درگزر کرے گا	
(طبیبٌ) یداوی الناس وھو مریض	طبیب لوگوں کی دوا کرتا ہے حالانکہ وہ (خود) مریض ہے	
یا (طبیبُ) طِبَّ نفسک	اے طبیب اپنا خود علاج کر	مسیحا آپ ہی بیمار ہے
(الطبع) اغلبُ	طبیعت زیادہ غالب ہے	
(طرف) الفتی یخبرُ عن جنانہ	جوان کی آنکھ اس کے دل کی خبر دیتی ہے	؎ می طراود چہ کنم آں چہ درآوند دل ست
رُبَّ (طرفٍ) افصح من لسانٍ	بعض آنکھ زبان سے زیادہ فصیح ہے	یعنی دل کی بات کا پتہ آنکھ صاف طور سے بتلاتی ہے
(اطرق) کراان النعامۃ فی القریٰ	کبک نگاہ نیچی رکھ دیہات میں شتر مرغ موجود ہے	جب کوئی چھوٹا شخص بڑے لوگوں کی موجودگی میں کسی اہم موضوع پر گفتگو کرنے لگے تو اسے متنبہ کرنے کے لئے کہا جاتا ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(الطغیٰ) من السیل	سیلاب سے زیادہ سرکش	
ومن (طلبَ) العلاء من غیر کدٍّ سیدرکھا اذا شابَ الغُراب	جس نے بلا جد و جہد سربلندی کی خواہش کی وہ اسے (اس وقت) حاصل کرے گا کہ جب کوّا سفید ہو جائیگا	یعنی نہ کوّے کا سفید ہونا ممکن نہ بغیر کوشش سربلند ہونا ممکن
من (طلبَ) اخاً بلا عیب بقی بلا اخٍ	جس نے بے عیب بھائی چاہا وہ بغیر بھائی کے رہ گیا	
من (طلبَ) عظیماً خاطرَ بعظیمہٖ	جس نے کسی بڑی شے کو طلب کیا اس نے اپنے کو کڑی مصیبت میں ڈالا	
من (طلبَ) شیئاً نالہ کلّہ او بعضہ	جس نے کسی شے کو چاہا اس نے وہ تمام یا اس میں سے کچھ حاصل کر لیا	
اذا (طلبتَ) العزّ فاطلبہ بالطاعۃ و اذا طلبت الغنیٰ فاطلبہ بالقناعۃ	جب تو عزت چاہے تو اسے فرمانبرداری کے ساتھ چاہ اور جب تو مالداری چاہے تو قناعت کے ساتھ چاہ	
(تطلبُ) اثراً بعد عینٍ	تو اصل شے کے بعد اس کا نشان ڈھونڈتا ہے	یعنی جب مطلوب سامنے تھا تو اسے حاصل نہیں کیا اور جب وہ غائب ہو چکا تو اسے حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، قریب قریب اسی معنیٰ میں یہ ہندی مثل مشہور ہے پھر پچھتائے کا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(اطلب) العلم من المھدِ الی اللحد	گہوارہ سے لحد تک علم طلب کر	
(طلاقۃ) الوجہِ عنوان الضمیر	چہرہ کی کشادگی ضمیر کا عنوان ہے	
من (طمع) فی الکل فاتہ الکل	جس نے کل میں طمع کی اس سے کل فوت ہوا	
من کان (الطمع) لہ مرکبا کان الفقر لہ صاحبا	جس کی سواری حرص ہوتی ہے اس کا ساتھی فقر ہوتا ہے	
(اطمع) من طفیلٍ	طفیل سے زیادہ طامع	طفیل کوفہ کا ایک لالچی شخص تھا اسی ہی کی نسبت سے طفیلی کا لفظ مشہور ہے۔ طفیلی اسے کہتے ہیں کہ جو بغیر مدعو کئے ہوئے شریک طعام ہو جائے۔ جیسا کہ کہدیا کرتے ہیں وہ طفیلئے آگئے
من (اطاع) ھواہ باع دینہ بدنیاہ	جس نے اپنی ہوس کی اطاعت کی اس نے اپنا دین اپنی دنیا کے بدلے فروخت کر ڈالا	
من (اطاع) غضبہ اضاع ادبہ	جس نے اپنے غضب کی اطاعت کی اس نے اپنے ادب کو ضائع کر دیا	
(اطول) من شھر الصوم	ماہ صیام سے زیادہ طویل	

محل استعمال	معنیٰ	ضرب المثل
	انھیں عنقا لے اڑا	(طارت) بھم العنقاء
کہ آہن با آہن تواں مے گداخت	پرندہ کا شکار پرندہ سے کیا جاتا ہے	(الطیر) بالطیر یُصاد
کیونکہ پروانہ بلا سوچے سمجھے اپنے کو شمع کی لو میں ڈال کر ہلاک کر ڈالتا ہے	پروانہ سے زیادہ ہلکی عقل والا	(اطیش) من فراشۃ

باب الظاء

محل استعمال	معنیٰ	ضرب المثل
	مہربان دودھ پلائی ملول رہنے والی ماں سے بہتر ہے	(ظَرُ) رؤومٌ خیرٌ من اُمٍّ سؤومٍ
	بادشاہ کا سایہ جلد ڈھل جانے والا ہوتا ہے	(ظلُّ) السلطان سریع الزوال
	آدمی کا ظلم اسے پچھاڑ دیتا ہے	(ظلمُ) المرءِ یصرعہ
	ظلم کا چرنا ثقیل ہے	(الظلم) مرتعہ وخیم
	سانپ سے زیادہ ظالم	(اظلمُ) من حیۃٍ
	ریت سے زیادہ پیاسا	(اظمأ) من رملٍ
بد تدبیری یا بد تقدیری	وہ پیاسا ہی رہا حالانکہ اس کا منہ دریا میں ہے	یصبح (الظمآن) وفی البحر فمہ
	عاقل کا ظن جاہل کے یقین سے بہتر ہے	(ظنُّ) العاقل خیرٌ من یقین الجاھلِ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (ظنّ) ان الایام تسالمه فهو مجنونٌ	جس نے گمان کیا کہ زمانہ اسے صحیح وسالم رکھے گا تو وہ مجنون ہے	
اکثر (الظنون) میونٌ	اکثر ظن جھوٹے ہوتے ہیں	
(ظاہر) العتاب خیرٌ من باطن الحقدِ	کھلم کھلا عتاب اندرونی کینہ سے بہتر ہے	

باب العین

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(عبدٌ) وحلیٌ فی یدیه	غلام اور اس کے ہاتھوں میں زیور	
(عبدٌ) وسُرِّحَ	غلام اور آزاد کر دیا گیا	یہ مثل ایک کمینہ شخص کے لئے اس وقت استعمال کی جاتی ہے جب کہ اس کے اختیارات وسیع کر دیئے جائیں
(العبد) یقرع بالعصا والحرُّ یکفیه الاشارۃُ	غلام کو (آگاہ کرنے کے لئے) لاٹھی سے ٹھونکا جاتا ہے اور آزاد کو اشارہ ہی کافی ہے	
(العبادۃ) تمیت الشہوۃ	عبادت شہوت کو مار ڈالتی ہے	
(العتاب) قبل العقاب	سزا دینے سے قبل دھمکی (عتاب سے پہلے استعمل مضمر مانا گیا ہے)	یعنی پہلے دھمکی سے کام لو شاید اصلاح ہو جائے
لا (عتاب) بعد الموت	موت کے بعد کوئی عتاب نہیں	یعنی کسی متوفی کو برا بھلا مت کہو کیونکہ بے سود ہے

محل استعمال	معنیٰ	ضرب المثل
	بھائیوں کا آپس میں جھگڑنا ان کی گم شدگی سے بہتر ہے	(معاتبۃُ) الاخوان خیرٌ من فقدھم
	بعض آزادی غلامی سے بد تر ہوتی ہے	رُبّ (عتقٍ) شرٌّ من رِقٍّ
	قدم کی لغزش زبان کی لغزش سے زیادہ باسلامت ہے	(عثرۃُ) القدم اسلمُ من عثرۃِ اللسانِ
	ہر لغزش سے درگزر نہیں کیا جاتا اور ہر فرصت کو حاصل نہیں کیا جاتا	ما کلُّ (عثرۃٍ) تقال ولا کلّ فرصۃٍ تنال
	خود بینی عقل کی آفت ہے	(العجبُ) آفۃ اللُّبِّ
	قوم درماندہ نہیں ہوتی جبکہ وہ آپس میں تعاون کرنے لگے	لا (یعجز) القوم اذا تعاونوا
یعنی اپنے متعلق اگر کسی کو خیال ہو جائے کہ وہ درماندہ ہے تو پھر کسی کام کرنے کا حوصلہ نہیں رہتا	عجز شک ہے (یا اضطراب ہے)	(العجزُ) ریبۃٌ
	جس نے جلد بازی کرنی چاہی اس نے خطا کھائی اور جس نے سہج سے کام کیا اس نے درست کیا	من (استعجل) اخطاء ومن تأنّی اصاب
	جلد موقوف کر دینا انصاف نہیں ہے	لیس من (العدل) سرعۃ العذل

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(العدلُ) فی الرعیۃ خیر من کثرۃ الجنود	رعیت کا انصاف فوجوں کی کثرت سے بہتر ہے	
(اعدلُ) من میزان	ترازو سے زیادہ عادل	
لا (تُعدم) الحسناءُ ذاماً	حسین عورتیں بلحاظ عیب معدوم نہیں ہیں	مثل کی اصل یہ ہے کہ ایک غسانی بادشاہ نے قبیلہ بنو عدوان کے ایک سردار کی بیٹی سے شادی کی کہ جو حسن وجمال میں شہرۂ آفاق تھی۔ شب زفاف میں بادشاہ نے اس میں ایک ایسا عیب پایا کہ جس کا اثر اس پر ناگوار پڑا دلہن سمجھ گئی اور کہنے لگی لا تعدم الحسناء ذاما یعنی حسینوں میں بھی عیب پایا جاتا ہے جہاں گل ہوتے ہیں وہاں خار بھی ہوتے ہیں
لن (تعدُمَ) من الاحمق خلتان کثرۃُ التفاتٍ وسرعۃُ الجواب بغیر عرفانٍ	احمق کی دو خصلتیں نہیں جا سکتیں کثرت التفات اور بغیر سوچے سمجھے جلد جواب دینا	
(العدیم) من احتاج الی لئیم	مفلس وہ ہے کہ جو کمینہ کا محتاج ہو	
(عدوٌ) عاقلٌ خیرٌ من	عقلمند دشمن بہتر ہے نادان دوست سے	

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
صدیق جاهلٍ (اعدیٰ) من العقرب	بچھو سے زیادہ عداوت رکھنے والا	
ایّاک و ما (یعتذر) منه	بچ ایسی بات سے کہ جس کے متعلق عذر پیش کرنا پڑے	کیونکہ عذر گناہ بدتر از گناہ
و (العذرُ) عند کرام الناس مقبول	عذر شریف لوگوں کے نزدیک مقبول ہے	یعنی شریف عذر کو قبول کر لیتا ہے
لعل له (عذراً) وانت تلوم	شاید اس کے پاس کوئی عذر ہو اور تو ملامت کر رہا ہے	پورا شعر یہ ہے تأنَّ ولا تعجل بلومك صاحباً لعلّ له عذراً وانت تلوم
(اعذر) من انذر	جس نے ڈرایا (یعنی خطرہ سے آگاہ کیا) وہ معذور ہے	
(المعتذر) بغیر ذنبٍ یوجب الذنب علیٰ نفسه	بغیر گناہ کے عذر پیش کرنے والا اپنے اوپر گناہ کو لازم کرتا ہے	
(المعاذر) مکاذبٌ	معذرتیں جھوٹی ہیں	
(عرّض) للكريم ولا تُباحِث	اہل کرم کے پاس (اپنی حاجت) پیش کر اور کھول کھول کر بیان نہ کر	یعنی اہل کرم کے سامنے اپنی حاجت کی طرف صرف اشارہ ہی کافی ہے
(عَرفتِ) الخیلُ فرسانها	گھوڑے اپنے سواروں کو پہچانتے ہیں	
من (عَرَفَ) نفسه عرف ربّه	جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا	

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
لا (یعرف) النور والنار الا الابرار	نور اور نار کو صرف ابرار پہچانتے ہیں	
لا (یعرف) الحیّ من اللیّ	وہ حق و باطل میں تمیز نہیں کر سکتا	
لا (یُعرفُ) الشجاع الا عند الحرب ولا یعرف الحلیم الا عند الغضب ولا یُعرف الصدیق الا عند الحاجة	بہادر کی شناخت صرف لڑائی میں ہوتی ہی بردبار کی شناخت غصہ کی حالت میں اور دوست کی شناخت ضرورت کے وقت ہوتی ہی	
فکن من لا (تعرفہ) علی حذرٍ	جسے تو پہچانتا نہیں اس سے بچ	
(الاعتراف) یھدم الاقتراف	اعتراف ارتکاب جرم کو مٹا دیتا ہی	
من (عزّ) بزّ	جسے غلبہ حاصل ہوا اسی نے جھپٹا	جس کی لاٹھی اس کی بھینس (Might is right)
(عزّ) الرجل استغناءہ عن الناس	آدمی کی عزت اس کا لوگوں سے مستغنی ہونا ہے	
(اعزّ) من جبهة الاسد	شیر کی پیشانی سے زیادہ باعزت	
ان بعد (العسر) یسراً	تنگی کے بعد فراخی ہے	
لیس ھذا (بعشک) فادرجی	یہ تیرے گھونسلہ میں (سے) نہیں ہی پس چلدے (یا اس کا تعلق تیری گھونسلہ سی نہیں ہے)	اپنی چادر سے باہر پاؤں مت نکال

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(اعشبت) فانزل	ہری دوب تولے چکا (اب تو) اتر	یعنی تیرا مقصد پورا ہو چکا اب بس کر
بکل (عشب) اثار دعی	ہر سبز گھاس کے ساتھ چرنے کے آثار ہوتے ہیں	یعنی جہاں دولت ہوتی ہے وہاں گداگر جمع رہتے ہیں ؎ ہر کجا چشمۂ بود شیریں ۔۔۔ مردم و مرغ و مور گرد آیند
(تعاشروا) کالاخوان و تعاملوا کالاجانب	بھائیوں کی طرح سے آپس میں بسر کرو اور اجنبیوں کی طرح سے آپس میں معاملہ کرو	یعنی لین دین میں ایک دوسرے پر بھروسا مت کرو
بین (العصا) ولحائها	لاٹھی اور اس کے چھلکے کے درمیان	جو شخص دو مخلص دوستوں کی صحبت میں حارج ہو اس کے لئے کہا جاتا ہے
بینهم (عطر) منشم	ان میں منشم کا عطر ہے	منشم ایک عطر فروش تھی۔ خزاعہ اور جرہم دو قبیلے جب باہم نبرد آزمائی کے لئے نکلتے تھے تو وہ اس سے عطر خرید کر استعمال کرتے تھے اور پھر میدانِ جنگ میں پہنچتے تھے جب کبھی انہوں نے اس سے عطر خریدا تو سوءِ اتفاق سے خونریزی زیادہ ہوئی۔ اس وقت سے یہ مثل کسی شر و فتنہ پر صادق آتی ہے۔
(اعطش) من رملٍ	ریت سے زیادہ پیاسا	نہایت حاجتمند یا ازحد حریص
(اعطاه) غیضاً من فیضٍ	اس نے اسے بکثیر سے قلیل دیا	یعنی باوجود دولتمند ہونے کے اس نے تھوڑا سا دیا

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(اعطی) مقولہ وعدم معقولہ	اسے بک بک دی گئی ہے اور عقل سے کورا رہا	
من (عظم) صغار المصائب ابتلاہ اللہ بکبارھا	جس نے چھوٹی مصیبتوں کو بڑا جانا اللہ تعالیٰ اسے بڑی مصیبتوں کی آزمائش میں ڈالتا ہے	
(العفو) عن المقر لا عن المصر	درگزر اقرار کرنے والے سے ہوتی ہے نہ اصرار کرنے والے سے	
یا (عاقد) اذکر حلہ	اے باندھنے والے کھولنے کو یاد رکھ	یعنی ہر کام کے آغاز میں انجام کو پیش نظر رکھ ؎ مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست
لکل (عقد) حل	ہر گانٹھ کے لئے کھولنا ہے	؎ مشکلے نیست کہ آساں نشود
(اعقل) لسانک الا فی اربعۃ حق توضحہ وباطل تدحضہ ونعمۃ تشکرھا وحکمۃ تظہرھا	اپنی زبان روک مگر چار باتوں میں (مت روک) حق میں کہ تو اس کا اظہار کرے باطل میں کہ تو اس کے بودے پن کا اظہار کرے اور نعمت میں کہ تو اس کا شکر کرے اور حکمت میں کہ تو اسے ظاہر کرے	
(العقل) وزیر ناصح	عقل وزیر ناصح ہے	
(عقل) المرأۃ فی جمالھا وجمال الرجل فی عقلہ	عورت کی عقل اس کے جمال میں ہے اور مرد کا جمال اس کی عقل میں	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	محروم عاقل بہتر ہی رزق یافتہ جاہل ہے	(العاقل) المحروم خیرٌ من الجاهل المرزوق
	عقلمند وہ ہے کہ جو تہمت کے مقامات سے بچے	(العاقل) من یتقی عن مواضع التهمة
	لوگوں میں زیادہ عقلمند وہ ہی جو ان سے زیادہ لوگوں کے عذر قبول کرتا ہو	(اعقل) الناس اعذرهم للناس
	بسبب کھیتی کے کدو (بھی) سیراب کیا جاتا ہے	(بعلةِ) الزرع یُسقی القرع
اس ضرب المثل کی اصل یہ ہی کہ ایک شکاری فاختہ کے شکار کے لئے نخلستان میں گیا وہاں پہنچ کر اس نے عمدہ عمدہ قسم کی کھجوریں کھائیں اور سیر ہو کر یہ فقرہ کہا	بسبب فاختہ کے کھجوریں کھاتا ہے مشان ایک عمدہ قسم کی کھجور ہوتی ہی	(بعلّة) الورشان یاکل رُطب المشان
	یتیم کو رونا مت سکھا	لا (تعلّم) الیتیم البکاء
	علم بغیر عمل اونٹ پر بوجھ کے مثل ہے	(علم) بلا عملٍ کحِملٍ علی جمل
علم سینہ بہ از علم سفینہ	علم سینوں میں ہی نہ کہ سطروں میں	(العلم) فی الصدور لا فی السطور
	علم جو تیری صلاح نہ کرے گمراہی ہے	(علمٌ) لا یصلحك ضلالٌ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ومالٌ لا ینفعک وبالٌ	اور مال جو تجھے نفع نہ پہنچائے وبال ہے	
(العالم) بارض میلادہ	عالم اپنی جائے پیدائش میں ایسا ہی	گاؤں کا جوگی آن گاؤں کا سدھ
کالذہب فی معدنہ	جیسا کہ سونا اپنی کان میں	
(عالمٌ) بلا عملٍ سحابٌ بلا مطر	عالم بغیر عمل بے مینھ کا بادل ہی	
لکل (عالمٍ) ھفوۃٌ	ہر عالم کے لئے لغزش ہے	
(العلماء) امناءُ اللہ علی خلقہ	علماء اللہ تعالیٰ کے امین ہیں اس کی خلقت پر	
من (علت) ھمتہ طال ھمّہ	جس کی ہمت بلند ہوئی اس کا غم طویل ہوا	جن کے رتبے ہیں سوا اُن کو سوا مشکل ہے
(اعمر) من حیّۃٍ	سانپ سے زیادہ عمر والا	
لکل (عملٍ) ثوابٌ ولکل کلامٍ جوابٌ	ہر عمل کے لئے ثواب ہے اور ہر کلام کے لئے جواب ہے	
بالعمل یحصل الثواب لا بالکسل	عمل سے ثواب حاصل کیا جاتا ہی نہ کہ سستی سے	
(عاد) الامر الی نصابہ	امر اپنے مرجع کی طرف لوٹا	جس کا کام اسی کو ساجھے۔ ہر کا رے و…
(عادت) لعترھا لمیس	لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹی	لمیس ایک عورت کا نام ہے یہ ضرب المثل اس شخص پر صادق آتی ہی کہ جو اپنی بد عادتیں ترک کر چکا ہو لیکن کسی موقعہ پر اس

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		سے بدی ظہور میں آجائے
(عد) عن طاعة هواك واحذر من مخالفة مولاك	اپنی خواہش کی بندگی سے روگردانی کر اور اپنے مولا کی مخالفت سے ڈر	
(نعوذ) بالله من الحور بعد الكور	میں فراخی کے بعد تنگی سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں	
بئس (العوض) من جملٍ قیده	اونٹ کا برا عوض اس کی رسی ہے	اس کی اصل یہ ہی کہ کسی چرواہے نے ایک اونٹ کو مار ڈالا اور اس کی رسی مالک کے سپرد کی تب یہ فقرہ مالک کی زبان سے ادا ہوا
من (اعانک) علی الشر ظلمک	جس نے شر میں تیری مدد کی اس نے تجھ پر ظلم کیا	
(اعن) اخاک ولو بالصوت	اپنے بھائی کی مدد کر خواہ آواز سے ہی	
لا فی (العیر) ولا فی النفیر	نہ قافلہ میں اور نہ گروہ میں (عیر- قافلہ و کارواں نفیر- وہ جماعت کہ جو تین سے زیادہ اور دس سے کم ہو نفیران مردانِ جنگ آزما کی جماعت کو بھی کہتے ہیں کہ جو لڑائی میں شرکت	نہ تین میں نہ تیرہ میں۔ یعنی کسی گنتی میں نہیں اس ضرب المثل کی اصل یہ ہی کہ حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ کفر کی حالت میں ایک عظیم الشان کاروانِ تجارت لیکر شام کی طرف گئے ہوئے تھے۔ جب ان کی واپسی

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	کرے اس فقرہ میں یہی معنیٰ مراد ہیں)	کا زمانہ آیا تو یہ افواہ پھیل گئی کہ مسلمان قافلہ پر حملہ کریں گے یہ افواہ قریش کے لئے جنگ کا بہانہ بن گئی۔ اور اس قبیلہ کا سردار عتبہ بن ربیعہ ایک فوج گراں لیکر مدینہ کی طرف بڑھا۔ بمقام بدر طرفین میں خونریز جنگ ہوئی۔ یہاں عیر سے مراد ابوسفیان کا قافلہ ہے اور نفیر سے مراد عتبہ بن ربیعہ کی فوج ہے۔ یہ مثل ان لوگوں کے لئے بطور تحقیر ایجاد کی گئی تھی کہ جو نہ قافلہ میں تھے اور نہ فوج میں
(عادات) السادات سادات العادات	سرداروں کی عادتیں عادتوں کی سردار ہیں	بڑوں کی بڑی بات
لیس من (عادۃ) الکرام سرعۃ الانتقام	شریفوں کی عادت جلد انتقام لینا نہیں	
لیس من (عادۃ) الکرام تاخیر الانعام	شریفوں کی عادت انعام میں دیر کرنا نہیں	
(عش) ترمالم تر	زندہ رہ دیکھ جو کچھ نہیں دیکھا	یعنی جو زندہ رہتا ہے وہ حوادث زمانہ بھی خوب دیکھتا ہے۔
(عش) رجبا ترعجبا	رجب بھر بسر کر (اور) لطف اٹھا	حرث بن عباد نامی ایک شخص کی مطلقہ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		بیوی (کہ جس کی زبان درازی کی وجہ سے طلاق دی گئی تھی) سے ایک دوسرے شخص نے نکاح کیا۔ ایک روز وہ حرث کے پاس بیٹھا ہوا اپنی بیوی کی محبت کا تذکرہ کر رہا تھا کہ حرث نے یہی فقرہ کہا۔ چونکہ اہل عرب ماہ رجب میں جنگ سے باز رہتے تھے اور رجب کے بعد پھر خونریزی میں مشغول ہو جاتے تھے اس لئے حرث نے نئی دلہن کے ساتھ چند ایام عیش بسر کرنے کو رجب سے تشبیہ دی۔
(عِش) قَنِعاً تکُن مِلکاً	قناعت سے بسر کر تو بادشاہ بن جائے گا	
انت مرۃً (عیشٌ) ومرۃً جیشٌ	تو کبھی عیش ہی اور کبھی فوج ہی	یعنی کبھی تجھ سے نفع پہنچتا ہی اور کبھی نقصان
(عین) الھویٰ لا تصدق	ہوس کی آنکھ صادق نہیں ہوتی	یعنی مطلب پرستوں میں وفا نہیں ہوتی
(عینک) عبریٰ والفواد فی ددٍ	تیری آنکھ روتی ہی اور دل لہو میں ہی دد بمعنی لہو ولعب	یعنی تو غمگین کے پاس بیٹھ کر ظاہر طور سے اظہار غم کر رہا ہے درحقیقت تیرا دل خوش ہی
(العیانُ) لا یحتاج الی البیان	مشاہدہ کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں	عیان را چہ بیان ۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے
(عیٌّ) صامتٌ خیرٌ من	درماندہ خاموش بہتر ہی بولنے والے	یعنی جس کے لئے بولنا مناسب نہیں اسے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
عیٌّ ناطقٌ	درماندہ سے	خاموش رہنا چاہیئے
اول (العیّ) الاحتلاط	درماندہ کا اول غصہ ہے	یعنی مباحثہ میں جب کوئی دلیل سے عاجز آجاتا ہی تو وہ غصہ دکھلاتا ہے تاکہ مباحثہ درہم برہم ہوجائے نیز ورکم غصہ زیادہ۔

باب الغین

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(غثّک) خیرٌ من سمین غیرک	تیرا دُبلا دوسرے کے موٹے سے بہتر ہے	نو نقد نہ تیرہ اُدھار
(غدرک) من دلّک علی الاساءۃ	جس نے تجھے برائی پر آمادہ کیا اس نے تجھ سے بے وفائی کی	
(اغدرُ) من غدیرٍ	چشمہ سے زیادہ بے وفا	کیونکہ تالاب خشک ہوجاتا ہے
انّ (غداً) لناظرہ قریبٌ	کل اپنی انتظار کرنے والے کے لئے قریب ہے	
عسیٰ (غدٌ) لغیرک	قریب ہے کہ کل تیرے غیر کے لئے ہو	آج کا کام کل پر نہ چھوڑ
لکلّ (غدٍ) طعامٌ	ہر کل کے لئے طعام ہے	یعنی فضل الٰہی پر توکل رکھ
کلّ (غریبٍ) للغریب نسیب	۱۔ ہر پردیسی پردیسی کا قرابت دار ہے	یہ ضرب المثل امرأالقیس عرب کے مشہور شاعر کی ابیات کا ایک مصرعہ ہی۔ امرؤالقیس

شاہانِ کندہ کی نسل سے تھا شاہانِ عرب سے شعروسخن کے مشغلہ کو اپنے اور اپنی اولاد کے لئے عار

خیال کرتے تھے۔ چونکہ امرؤالقیس کو بچپن ہی سے شاعری سے عشق تھا اس لئے اس کی دھن میں اس نے اپنے اور اپنے والد کے منصب کی بھی ذرّہ برابر پروا نہیں کی۔ آخر کار وہ اپنے والد کے حکم سے حدود سلطنت سے بدر کر دیا گیا۔ جلا وطن ہونے کے بعد اس نے احباب کی ایسی جماعت بہم پہنچائی کہ جو باکمال شعرا اور ماہر گویوں پر مشتمل تھی۔ وہ اپنی ٹولی سمیت قبائل میں گھومتا رہتا اور ہر منزل پر شراب و کباب کی دعوتیں اڑاتا اور شعر و سخن کی محفلیں گرم کرتا۔ ایک دفعہ وہ مقام دموں میں فروکش تھا اور شراب سے بدمست ہو کر چوسر کھیلنے میں مشغول تھا کہ ایک قاصد نے آ کر بنو اسد کے ہاتھ سے اس کے والد کے قتل ہونے کی خبر دی۔ مگر اس نے کوئی توجہ نہ کی اور اپنے مصاحب سے کہنے لگا کہ ہاں ہاں پھینکو میں نہیں چاہتا کہ تمہاری چال خراب ہو۔ کھیل ختم ہونے کے بعد قاصد سے قتل کا تمام ماجرا سنا اور چلا کر کہنے لگا کہ جب تک بنی اسد کے سو بڑے بڑے آدمیوں کو قتل نہ کر ڈالوں گا اس وقت تک شراب۔ عورت۔ تیل لگانا اور غسل جنابت مجھ پر حرام ہے اس اعلان کے بعد اس نے اظہار ماتم کے لئے سیاہ عمامہ سر پر باندھا اور انتقام کے لئے چل کھڑا ہوا۔ چند دن کے بعد وہ قسطنطنیہ پہنچا اور قیصر کا مہمان بنا۔ کچھ عرصہ کے بعد اس نے قیصر کے سامنے اپنے آنے کا مقصد بیان کیا۔ جسے سن کر قیصر نے ایک جرار فوج اس کے ہمراہ کی۔ بنو اسد بھی امرؤالقیس کی نقل و حرکت سے ناواقف نہ تھے انہوں نے طمّاح نامی ایک مکار و عیار شخص کو قسطنطنیہ بھیج رکھا تھا جس نے بعض رومی ارکین سلطنت کے کان میں یہ بات ڈالدی کہ امرؤالقیس قیصر کی لڑکی پر عاشق ہے۔ یہ خبر قیصر کے کان تک بھی جا پہنچی جس کے سنتے ہی اس نے ایک زرنگار حلہ جو خوب زہر سے آلودہ تھا امرؤالقیس کے پاس بھیجا اور یہ پیغام پہنچایا کہ یہ حلّہ خود قیصر کی پوشش کا ہے لئے وہ بذاتِ خود پہنے اور ہر منزل سے اپنی عافیت کی خبر پہنچاتا رہے۔ امرؤالقیس نے شاہی پیغام کی تعمیل کی۔ جب وہ انگورا (موجودہ دارالسلطنت ترکی) پہنچا تو زہر تمام بدن میں پھیل گیا۔ اور اس کا آخری وقت آ پہنچا اس وقت پہاڑی کے دامن میں ایک شہزادی کی قبر دیکھ کر

اس کے لطیف جذبات متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور متذکرۂ ذیل اشعار پڑھتے ہوئے اس نے جان دیدی۔

اجارتنا ان الخطوب تنوب　　وانی مقیم ما اقام عسیب

اے ہماری ہمسایہ مصیبتیں نازل ہو رہی ہیں اور میں مقیم ہوں جب تک کہ عسیب (اس پہاڑ کا نام) مقیم رہے گا۔

اجارتنا انا غریبان ھھنا　　وکل غریب للغریب نسیب

اے ہماری ہمسایہ ہم دونوں یہاں پردیسی ہیں اور ہر پردیسی پردیسی کا قرابت دار ہوتا ہے

فان تصلینا فالقرابة بیننا　　وان تصرمینا فالقریب غریب

پس اگر تو ہم سے وابستہ رہے گی تو ہم میں قرابت قائم ہو چکی اور اگر تو ہم سے تعلق قطع رکھے گی تو قریب پردیسی ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (غربل) الناس نخلوہ	جس نے لوگوں کو چھانا انہوں نے اسے چھانا	یعنی جو شخص لوگوں کو برا بھلا کہے گا لوگ اسے مردود ٹھیرائیں گے
من (غرس) الصبر اجتنی الظفر	جس نے صبر بویا اس نے فتح حاصل کی	
من (غرس) الوقار اجتنی الھیبة	جس نے وقار بویا اس نے ہیبت حاصل کی	
من (غرس) المداراة اجتنی السلامة	جس نے مدارات بوئی اس نے سلامتی حاصل کی	
من (غرس) الاحسان اجتنی المحبته	جس نے احسان کو بویا اس نے محبت حاصل کی	
من (غرس) الحرص اجتنی	جس نے حرص کو بویا اس نے ذلت	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
الذل	حاصل کی	
من (غرس) الحسد اجتنی الکمد	جس نے حسد کو بویا اس نے غصہ حاصل کیا	
(الغریق) یتشبث بالحشیش	غرق ہونے والا سوکھی گھاس کا سہارا پکڑتا ہے	ڈوبتے کو تنکے کا سہارا
من (غضب) من لا شیئ رضی من لا شیئ	جو لاشی (یعنی کچھ بھی نہیں) سے غصہ میں آجاتا ہے وہ لاشی سے خوش ہو جاتا ہے	یعنی جسے معمولی بات پر غصہ آجاتا ہے وہ معمولی بات سے خوش ہو جاتا ہے
اول (الغضب) جنون وآخرہ ندام	غصہ کا آغاز جنون ہے اور اس کا انجام ندامت ہے	
اذا لم (تغلب) فاخلب	جب تو غالب نہ آئے تو چاپلوسی سے کام لے	
من (غالب) الایام غُلبَ	جس نے زمانہ سے چھیڑ چھاڑ کی وہ مغلوب ہوا	
(یغلبن) الکرام ویغلبھن اللئام	وہ (عورتیں) شریفوں پر غالب آجاتی ہیں اور ان پر کمینے غالب آجاتے ہیں	
(الغمرات) ثم ینجلین	سختیاں پھر دور ہو جایا کرتی ہیں	گرچہ منزل بس خطرناک است و مقصد ناپدید ہیچ راہے نیست کو را نیست پایاں غم مخور

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(غنم) من سلم	جو سلامت رہا اس نے غنیمت حاصل کی	
(اغنی) الصباح عن المصباح	صبح نے چراغ سے مستغنی کر دیا	
(اغنی) عن الشیٔ من الاقرع عن المشطِ	گنجے کے کنگھی سے مستغنی ہونے سے زیادہ مستغنی کسی شے سے	
(غنیٌّ) بلا سخاوۃٍ کشجرٍ بلا ثمرٍ	غنی بغیر سخاوت ایسا ہی جیسا کہ درخت بے ثمر	
من لم (یغنہ) ما یکفیہ اعجزہ ما یُغنیہ	جسے کافی شے مستغنی نہیں کرتی اسے مستغنی کر دینے والی شے عاجز رکھتی ہے	
عند (الغایۃ) یُعرف السبق	آگے نکل جانا آخری حد کے پاس پہچانا جاتا ہے	یعنی شروع ہی میں اگر کوئی آگے نکل گیا تو کوئی خوبی نہیں خوبی تب ہے کہ آخر میں آگے نکل جائے اور آخری حد تک پہنچ جائے
(غنی) النفس افضل من غنی المال	نفس کا غنی ہونا مال کے غنی ہونے سے افضل ہے	
من (غاب) غاب نصیبہٗ	جو غائب ہوا اس کا نصیب غائب ہوا	یعنی جو شخص موقعہ پر موجود نہیں ہوتا تو اس کا خیال بھی نہیں رکھا جاتا۔ جو سویا
(الغیبۃُ) جهدُ العاجز	غیبت کمزور کی طاقت ہے	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو ایک مصیبت سے بھاگ کر زیادہ سخت مصیبت میں جا پھنسے	چلچلاتی دھوپ کے خلاف آگ سے فریاد چاہنے والے کی مانند	(کالمستغیث) من الرمضاءِ بالنار

باب الفاء

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
بنو مضر میں سے مالک نامی ایک کڑیل جوان خالد بن ولیدؓ کے ہاتھ سے قتل ہو گیا لوگ اس کی تعزیت کے لئے آتے تھے اور دوسرے مقتولین کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتے تھے کہ ہاں جوان تھا مگر مالک جیسا نہیں یہ ضرب المثل اس وقت کہی جاتی ہے کہ جب ایک شے کی تعریف دوسری چیزوں کے مقابلہ زیادہ کی جا رہی ہو ۓ ہزار شیخ نے ڈاڑھی بڑھائی....	جوان تھا مالک جیسا نہیں	(فتیً) ولا کمالکٍ
	موت سے بھاگا اور موت میں جا پڑا	(فرّ) من الموت وفی الموت وقع
رنگ میں بھنگ	بھاگنا (بھاگنے کے) موقعہ پر فتح ہی بعض خوشی رنج سے تبدیل ہو جاتی ہی	(الفرار) فی وقتہ ظفرٌ رُبَّ (فرحۃٍ) تعود ترحۃً

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ما کلُّ (فرصۃٍ) تنالُ	ہر فرصت نہیں پائی جاتی	گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں
(افرط) فاسقط	جو زیادہ بولا اس سے غلطی سرزد ہوئی	
(الفراغ) من شان الاموات والاشتغال من شان الاحیاء	بیکار رہنا مُردوں کی شان ہے اور مشغول رہنا زندوں کی شان ہے	
من (فسدت) بطانته کان کمن غص بالماء	جس کا کنبہ بگڑ گیا وہ اس کے مثل ہی کہ جس کے (حلق میں) پانی اٹک گیا	
لا (تفسد) امراً یُعییک اصلاحه وتغلّق باباً یعجزک افتتاحه	کسی کام کو ایسا نہ بگاڑ کہ اس کی اصلاح کرتے کرتے تو تھک جائے اور دروازہ ایسا بند نہ کر کہ اس کے کھولنے سے تو عاجز آجائے	
(فسا) بینهم الظربان	ان میں ظربان نے پھونک دیا	ظربان ایک قسم کا گندہ دہن جانور ہے وہ اونٹوں کے گلہ میں اس زور سے پھونکتا ہی کہ اونٹ ڈر کر ایسے بھاگتے ہیں کہ ان کا جمع کرنا مشکل ہو جاتا ہی۔ یہ ضرب المثل اس قوم پر صادق آتی ہی کہ جسے حوادث نے منتشر و پراگندہ کر دیا ہو
(فضلُ) الفعل علی القول	قول پر فعل کو ترجیح دینا بزرگی ہے	جو برستے ہیں گرجتے ہی نہیں

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
مکومة		
(فضل) القول علی الفعل دناءة	قول کا فعل پر ترجیح دینا کمینہ پن ہے	جو گرجتے ہیں برستے ہی نہیں
(الفضلُ) للمبتدی وان احسن المقتدی	افضلیت ابتدا کرنے والے کے لئے ہے اور اگرچہ پس رو بڑھ نکلے	
(افضل) المعروف اغاثة الملهوف	بہترین نیکی مظلوم کی فریاد کو پہنچنا ہے	
(فقیرٌ) بلا صبرٍ کقندیلٍ بلا زیتٍ	بے صبر فقیر بغیر تیل کی قندیل کے مثل ہے	
فکنتُ (کفاقئ) عینیه عمداً	میں جان بوجھ کر اپنی آنکھوں کو پھوڑ ڈالنے والے کی مانند ہوں	فرزدق نے اپنی بیوی نوار کو طلاق دینے کے بعد پچھتا کر یہ شعر کہا فکنتُ کفاقئ عینیه عمداً فاصبح لا یضیئ له نهار یعنی میں اس شخص کے مثل ہوں کہ جس نے جان بوجھ کر اپنی آنکھوں کو پھوڑ ڈالا اور اسے اس حالت میں صبح ہوئی کہ اس کے لئے دن درخشاں نہ رہا
من (فکّر) فی العواقب لم یتشجّع	جو انجام کی فکر رکھتا ہے وہ بہادر نہیں ہوتا	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(التفکر) ساعةٌ خیرٌ من عبادةِ الثقلین	گھڑی بھر فکر کرنا جن وانس کی عبادت سے بہتر ہے	
(لا یفلّ) الحدید الا الحدید	لوہے کو صرف لوہا ہی توڑ سکتا ہی	کہ آہن بآہن تواں کرد نرم
(فمٌ) یسبّح وقلب یذبح	منہ تسبیح پڑھ رہا ہی اور دل ذبح کئے جا رہا ہے	چور کوتوال کے بھیس میں بگلا بھگت
(فمٌ) یسبّح ویدٌ تذبح	منہ تسبیح پڑھے جا رہا ہی اور ہاتھ ذبح کئے جا رہا ہے	
(یفنی) ما فی القدور ویبقیٰ ما فی الصدور	جو ہانڈیوں میں ہی وہ فنا ہو جاتا ہی اور جو سینوں میں ہی وہ باقی رہتا ہے	
(الفائت) لا یُستدرکُ	گیا گزرا نہیں پایا جا سکتا	اسی معنی میں ایک شاعر کا یہ قول ہے فاصبحت لا اسطیع ردًّا لما کما لا یُردّ الدّرّ فی الضرع حالبہ میں گئی گذری شے کو لوٹانے سے قاصر ہو گیا ہوں جیسا کہ دوہنے والا دودھ کو تھن میں واپس نہیں لا سکتا
(افوتُ) من امسِ	گذری ہوئی کل سے زیادہ گیا گزرا	
(مغرورٌ) علق شنًّا بالیًا	صحرانورد نے لٹکایا پرانا مشکیزہ	اسی شخص کے متعلق کہا جا سکتا ہی کہ جو ایک عظیم الشان کام کا قصد بلا کسی تیاری کے کرے

باب القاف

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
یعنی ناعاقبت اندیش جلد باز	جلد باز چنگاری پکڑنے والے کے مثل	(کالقابس) العجلان
یعنی ناممکن ومحال کا متلاشی	پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے کے مثل	(کالقابض) علی الماء
قتل گاہ سے مراد زبان ہی کہ جس کے بے محل استعمال سے انسان مصائب کا شکار بن سکتا ہے	آدمی کی قتل گاہ اس کے دونوں جبڑوں کے بیچ میں ہے	(مقتل) الرجلِ بین فکّیہ
دریا کو الٹا بہانے اور سورج کو خاک اڑا کر چھپانے کی کوشش بے کار ہی	گزری ہوئی کل (فردائے گزشتہ) کو کون لوٹا سکتا ہے چشمۂ آفتاب کو کون گدلا کرسکتا ہی (تطبین کے معنی امٹی لگانا)	من (یقدر) علی ردّ امسٍ اوتطیین عین الشمس
قریش کے ایک بڑے شخص نے دشمن کو مغلوب کرنے کے بعد یہ کہہ کر چھوڑ دیا لولا ان المقدرۃ تذھب الحفیظۃ لانتقمت منک - اگر میرا جوشِ غضب میرے قدرت پا جانے کی وجہ سے ٹھنڈا نہ ہوجاتا تو میں تجھ سے انتقام لیتا	قدرت غضب کو دور کردیتی ہی	انّ (المقدرۃ) تذھب الحفیظۃ
	ہر قدیم کے لئے احترام ہے	لکل (قدیمٍ) حرمۃٌ
غالباً مقصد یہ ہی کہ جب باہمی تعلقات دیرینہ ہوجاتے ہیں تو پھر ایک دوسرے کی تعریف کرنا تکلف میں داخل ہوجاتا ہی	جب بھائی بندی پرانی ہوجاتی ہی تعریف بری ہوجاتی ہے	اذا (قدم) الاخاء سمج الثناء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لیس لما (قرّت) به العین ثمنٌ	جس شے سے آنکھ ٹھنڈی ہو وہ ان مول ہے	
ما (اقربَ) الراحة من النصب والبؤس من النعیم والموت من الحیٰوة	آرام تکلیف سے مصیبت نعمت سے اور موت زندگی سے کس قدر قریب ہے	
(اقربُ) من حبل الورید	رگِ گردن سے زیادہ قریب	
لا (قرابة) کحسن الخُلق	اچھے خلق جیسا کوئی قریب نہیں	یعنی خلیق شخص سے خود بخود لوگ قریب ہوتے ہیں
(قریبک) سهمُك یخطئ ویُصیبُ	تیرا ساتھی تیرا تیر ہی خطا (بھی) کر جاتا ہے اور نشانہ پر (بھی) پہنچ جاتا ہے	یعنی اگر دوست سے کبھی غلطی سرزد ہو جائے تو چشم پوشی کرنی چاہیئے
(اقسٰی) من صخرٍ	پتھر سے زیادہ سخت	یعنی قسی القلب
(قصص) الاوّلین مواعظ الآخرین	پہلوں کی داستانیں پچھلوں کی نصیحتیں ہیں	
لکل (قضاءٍ) جالبٌ ولکل درٍّ حالبٌ	ہر قضا کے لئے قبول کرنے والا ہے اور ہر دودھ کا دوہنے والا ہے	
(قطعت) جهیزة قول کل خطیبٍ	جہیزہ نے ہر مقرر کی بات کو کاٹ دیا	ایک بار چند لوگ دو ایسے قبیلوں میں مصالحت کرانے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے ایک قبیلہ کے کسی شخص نے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		دوسرے قبیلہ کے کسی شخص کو قتل کر ڈالا تھا۔ لوگ کوشش کر رہے تھے کہ مقتول کے ورثا دیت قبول کر لیں۔ اتنے میں جہیزہ نامی ایک عورت نے با آواز بلند کہا کہ مقتول کے بعض ورثا نے قاتل کو قتل کر ڈالا یہ سن کر لوگوں کی زبان سے متذکرہ فوق فقرہ نکلا اور ضرب المثل بن گیا جس کا ماحصل یہ ہو کہ اب صلح کی بات چیت کی گنجایش نہیں ہے۔
اذا (قطعنا) علماً بدا علمٌ	جب ہم نے ایک پہاڑ کو طے کر لیا تو دوسرا پہاڑ نمودار ہو گیا	یعنی ابھی ایک مشکل سے نجات ملی تھی کہ دوسری مشکل پیش آگئی ~ ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی
(تقطّعُ) اعناق الرجال المطامعُ	حرص و طمع لوگوں کی گردنوں کے ٹکڑے اڑا دیتی ہے	
من (قلّ) طعامه صحّ بطنه وصفا قلبه	جس کی خوراک کم ہوئی اس کا شکم تندرست ہوا اور اس کا دل صاف ہوا	
من (قلّ) ذلّ ومن امرَ فلّ	جس کے مددگار کم ہوئے وہ ذلیل ہوا اور جس کے مددگار کثیر ہوئے اس نے دشمنوں کا منہ موڑا - دراصل من قلّ انصارہٗ اور من امرَ انصارہٗ ہے	
من (قلّ) حیاءه کثر ذنبه	جس کی شرم کم ہو گئی اس کے گناہ زیادہ ہو گئے	
من (قلّ) صدقه قلّ صدیقه	جس کا سچ کم ہوا اس کے دوست کم ہوئے	تا کار زباں بود شکے نیست
اذا (قلّ) مال المرء قلّ صدیقه	جب آدمی کا مال کم ہوا اس کے دوست کم ہوئے	چوں کار بجاں فتد یکے نیست

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(القلمُ) شجرةٌ ثمرُها المعانی	قلم درخت ہے اس کا پھل معانی ہے	
(قلّةُ) الاکل یمنع کثیرًا من اعلاءِ الجسم	تھوڑا کھانا جسم کی بہت سی بیماریوں کو روکتا ہے	
(قلبَ) له ظهرَ المجنِّ	اس نے اس کے لئے ڈھال کی پشت کو پلٹ دیا	یعنی وہ پہلے اس کا مخلص دوست تھا مگر اب اس کا دشمن ہے
(القلبُ) مصحفُ البصرِ	دل آنکھ کی کتاب ہے	
(القلبُ) العلیل یمیلُ الی الاباطیلِ	دلِ بیمار باطل باتوں کی طرف مائل ہوتا ہے	
فی بعض (القلوب) عیونٌ	بعض دلوں میں آنکھیں ہوتی ہیں	
(اقلع) شوکک بیدک	اپنے ہاتھ سے اپنا کانٹا نکال	
فی (القمر) ضیاءٌ والشمس اضوأُ منه	چاند میں روشنی ہے اور سورج اس سے زیادہ روشن ہے	
(اقتناءُ) المناقب باحتمال المتاعب	فضائل کا حصول مشکلات کی برداشت کے ساتھ ہے	
(القناعةُ) مفتاحُ الجنة	قناعت جنت کی کنجی ہے	
کن (قنعاً) تکن غنیاً کن متوکلاً تکن قویاً	قانع بن تو غنی بن جائے گا متوکل بن تو قوی بن جائے گا	
(القنوع) من القلیل غنیٰ	تھوڑے پر قناعت مالداری ہے	
کل (قائبٍ) من قوبتہٖ	ہر چوزہ انڈے سے ہے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (قال) ما لا ینبغی سمع ما لا یشتھی	جو غیر ضروری باتیں کرتا ہے وہ غیر مرغوب باتیں سنتا ہے	
(القول) ینفذ ما لا ینفذ الإبَر	بات پار ہو سکتی ہے اس میں سے کہ جس میں سے سوئی پار نہیں ہوتی	
رُبّ (قولٍ) اشدّ من صولٍ	بعض بات حملہ سے زیادہ سخت ہوتی ہے	
بعض (القول) یذھب فی الریاح	اور بعض بات ہوا میں چلی جاتی ہے	یعنی اس سے کچھ حاصل نہیں ہوتا
لو (قلت) تمرۃ لقال جمرۃٌ	اگر میں نے کہا کھجور تو اس نے کہا انگارا	یعنی اس قدر اختلاف ہے
لکل (مقامٍ) مقالٌ	ہر جگہ کے لئے بات ہوتی ہے	یعنی ہر کام ہر بات کا الگ الگ موقعہ و محل ہوتا ہے
ھل (یستقیم) الظلّ والعودُ اعوج	کیا سایہ سیدھا ہو سکتا ہے جبکہ لکڑی ٹیڑھی ہو	

باب الکاف

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (کتم) سرّہ بلغ مرادہ	جس نے اپنے راز کو چھپایا وہ اپنی مراد کو پہنچ گیا	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
من (كتم) سرّه كان الخيار في يده	جس نے اپنے راز کو چھپایا اس کے ہاتھ میں اختیار رہا	
(اكتم) من الارض	زمین سے زیادہ چھپانے والا	
من (اكثر) اهجر	جس نے بک بک کی وہ فحش کلامی کا مرتکب ہوا	
(كثرةُ) القربِ الى الناس تجلبُ السوء	لوگوں کی طرف قرب زیادہ حاصل کرنے سے برائی حاصل ہوتی ہے	
من (كثرة) الملاحين غرقتِ السفينةُ	ملاحوں کی کثرت سے کشتی غرق ہوگئی	ایک باندی ایک کام دو باندی آدھا کام شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیرہا
(المكثار) كحاطب ليلٍ	بک بک کرنے والا رات کو لکڑیاں چننے والے کے مثل ہے	یعنی جو شخص بلا سوچے سمجھے بولتا رہتا ہے اس کے منہ سے ایسی بات نکل سکتی ہے کہ جو اسے سخت نقصان پہنچا سکتی ہے لہذا ایسے شخص کی مثال رات کو لکڑیاں چننے والے کی مثل ہو سکتی ہے کہ جو لکڑی کے شبہ میں سانپ پر بھی ہاتھ ڈال سکتا ہے
من (اكثر) الرُّقاد حرام المراد	جو زیادہ سویا وہ مراد سے محروم کر دیا گیا	
من (اكثر) كلامه ذلَّ	جس نے گفتگو زیادہ کی وہ ذلیل ہوا	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	جس نے زیادہ پربربر کی اس نے زیادہ غلطیاں کیں	من (کثر) لغطہ کثر غلطہ
	جس نے زیادہ مذاق کیا اس کی ہیبت گئی	من (کثر) مزاحہ زالت ہیبتہ
من تراحاجی نگویم تو مراحاجی بگو	میرے لئے کوشش کر میں تیرے لئے کوشش کروں گا	(اکدح) لی اکدح لک
	میل کے بعد صاف ہی بارش کے بعد (مطلع کی) صفائی ہے	بعد (الکدر) صفوٌ وبعد المطر صحوٌ
	جھوٹ بیماری ہے اور سچ تندرستی ہے	(الکذب) داءٌ والصدق شفاءٌ
	سراب سے زیادہ جھوٹا	(اکذبُ) من یلمع
دروغ گو را حافظہ نہ باشد	اگر تو جھوٹا ہے تو حافظہ درست رکھ	ان کنت (کذوباً) فکن ذکوراً
	مانگنے سے پہلے بخشش کا نام کرم ہے	(الکرم) ھو التبرّع قبل السؤال
	جس نے اپنے نفس کی عزت کی اس پر اس کی شہوت آسان ہوئی	من (کرمت) علیہ نفسہ ھانت علیہ شھوتہ
	چیونٹی سے زیادہ کماؤ	(اکسبُ) من نمل
	بعض اوقات یاقوت کھوٹے	قد (تکسد) الیواقیت فی

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
بعض المواقیت	ہو جاتے ہیں	ذرا کام نہیں آتے
(الکسل) وکثرۃ النوم یبعدان من اللہ ویورثان الفقر	سستی اور زیادہ سونا اللہ تعالیٰ سے دور کرتے ہیں اور افلاس کا وارث بناتے ہیں	
(الکسیٰ) من بصلۃٍ	پیاز سے زیادہ لباس میں چھپا ہوا	
(کالکعبۃ) تزار ولا تزور	کعبہ کے مثل کہ اس کی زیارت کی جاتی ہے اور وہ (خود) زیارت نہیں کرتا	
(الکفر) مخبثۃٌ لنفس المنعم	نمک حرامی نعمت دینے والے کے دل میں غبار ڈالدیتی ہے لغت میں نفس کے معنیٰ اگرچہ دل کے نہیں مگر یہاں دل ہی مراد ہے	
(الکفالۃ) ندامۃٌ	ضمانت شرمندگی ہے	یعنی کسی کا ضامن ہو جانے سے آخر میں ندامت اٹھانی پڑتی ہے
(الکفّ) عن الشہوۃ غنی	شہوت سے رکنا بے نیاز ہو جانا ہے	
(کفیٰ) المرء فضلاً ان تعدّ معائبہ	آدمی کی فضیلت کے لیے یہی کافی ہے کہ اس کے عیوب کا شمار کیا جائے	یعنی اعلیٰ مرتبہ لوگوں پر ہمیشہ نوک جھونک ہی ہوا کرتی ہے
(الکلّ) محمولٌ علی ذی الفضل	بلند مرتبہ شخص پر ہی تیم کا بار ڈالا جاتا ہے	یعنی ہر قسم کا بار اہل قدرت پر ہی ڈالا جاتا ہے

محل استعمال	معنیٰ	ضرب المثل
	کَلّ ۔ یتیم کو بھی کہتے ہیں اور ایسے شخص کو بھی کہتے ہیں کہ جو اہل و عیال نہ رکھتا ہو۔ یہاں دونوں معنیٰ استعمال ہو سکتے ہیں	
اصل بد از خطا خطا نکند	کتا کتا ہی ہے خواہ تو اس کو سونے کا طوق ہی پہنا دے	(الکلب) کلبٌ ولو طوّقتہ ذھبًا
یعنی مجھے ایسا کام کرنے کے لئے مجبور کیا کہ جو محال ہے۔ چونکہ مچھر میں ہڈی نہیں ہوتی اس لئے گودا بھی نہیں پایا جاتا	تو نے مجھے مچھروں کے گودے (کے نکالنے) کی تکلیف میں ڈال دیا	(کلّفتنی) مخّ البعوض
رات گئی رات کی بات گئی	رات کی بات کو دن مٹا دیتا ہے	(کلام) اللیل یمحوہ النہار
زبان میٹھی دل کڑوا	قول شہد جیسا اور فعل فزرے جیسا اسل گھاس کی قسم کی ایک روئیدگی کو بھی کہتے ہیں کہ جو تالاب میں پیدا ہوتی ہے اس کی چٹائیاں اور چیلیاں بنتی ہیں پشتو میں اسے فزرے کہا جاتا ہے چونکہ اس کا ذائقہ نہایت تلخ ہوتا ہے اس لئے یہاں یہ روئیدگی	(کلامٌ) کالعسل وفعل کالاسلِ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	بھی مراد لی جا سکتی ہے	
(کلامٌ) لینٌ وظلمٌ بیّنٌ	بات نرم اور ظلم صریح	سنگین دل ست گرچہ بظاہر ملایم ست
(کلامہ) ریحٌ فی القفص	اس کی بات پنجرہ میں ہوا ہے	
لکل (کلامٍ) جوابٌ	ہر بات کا جواب ہوتا ہے	
رُبّ (کلمۃٍ) سلبت نعمۃً	بعض کلمہ نعمت کو چھین لیتا ہے	یعنی خاموشی بہتر ہے
(الکیس) نصف العیش	معاملہ فہمی نصف عیش ہے	

باب اللام

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(تلبّدی) تصیدی	زمین سے چمٹ (اور) شکار کر	یعنی کامیاب ہونے کے لئے چالبازی سے کام لے
(لبس) لہ جلد النّمِر	اس نے اس کے لئے چیتے کا چمڑہ پہن لیا	یعنی اپنی عداوت کو ظاہر کر دیا
(اللحظ) اصدق انباءً من اللفظ	نگاہ لفظ سے زیادہ سچی خبر دیتی ہے	
اذا (تلاحت) الخصومُ تسافهت الحلومُ	جب دشمن گالی گلوچ پر اتر آتے ہیں تو بردبار بھی حماقت پر اتر آتے ہیں	
من (لاحاک) فقد عاداک	جس نے تجھے برا بھلا کہا اس نے تجھ سے	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
	دشمنی کی	
(الذّ) من الغنیمة الباردة	ٹھنڈی غنیمت سے زیادہ لذیذ	ایسی نعمت مراد ہے کہ جو بلا مشقت حاصل ہو جائے
(الزم) للمرء من ظلّه	آدمی کے لئے اس کے سایہ سے زیادہ لازم (لازم کے معنی ساتھ لگا رہنے والا)	
(الزم) من الیمین للشمال	اس سے زیادہ ضروری کہ جس قدر شمال کے لئے جنوب ہے	
(لسان) الحال ابین من لسان المقال	حال کی زبان قال کی زبان سے زیادہ واضح ہے	
(لسان) الجاهل مالکٌ له ولسان العاقل مملوکٌ معه	جاہل کی زبان اس کی مالک ہے اور عاقل کی زبان اس کی مملوک ہے	
(لسان) من رطبٍ ویدٌ من خشب	زبان تر کھجور سے اور ہاتھ لکڑی سے	یعنی زبان تو رسیلی ہے مگر کام پڑنے پر خشکی دکھاتا ہے
(لسان) المرء من خدم الفواد	آدمی کی زبان دل کی خادم ہے	
(اللقم) تورث النقم	لقمے بدانجامی کو وارث بناتے ہیں "لقم جمع لقمہ" نقم جمع نقمہ جس کے معنی ہیں المکافاة بالعقوبة	رشوت مراد ہے
لو (القمة) عسلة لعضّ	اگر میں اسے شہد چٹاتا تو وہ میری	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
یعنی مجھے اس سے تکلیف ہی پہنچی جیسا کہ چھاگل اٹھانے والا پسینہ پسینہ ہو جاتا ہی۔	انگلی کو کاٹ کھاتا مجھے اس سے چھاگل کا پسینہ ملا	اصبعی (لقیتُ) منه عَرَقَ القربة
عرب میں دستور ہی کہ جب اونٹ کو چرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے تو اس کی رسی کو کوہان پر ڈالدیا جاتا ہی مراد یہ ہے کہ وہ جدھر جائے اسے جانے دو۔	اس کی رسی اس کے کوہان پر ڈالدے	(الق) حبله علی غاربه
یعنی دوسروں کی طرح ہمت سے کام لے	ڈولوں میں اپنا ڈول ڈالدے	(الق) فی الدلاء دلوك
	سہیل اور سہیٰ کا میل کب ہوتا ہے سہیل قطب جنوبی کے قریب ایک ستارہ ہی اور سہیٰ قطب شمالی کے قریب کہکشاں میں ایک چھوٹا سا ستارہ ہے	اَنّٰی (یلتقی) سُهیل و السهیٰ
	جو بہادروں کے مقابلہ میں آتا وہ زخمی کیا جاتا ہے	من (یلق) ابطال الرجال یُکلم
	بعض ملامت کیا گیا بے گناہ ہوتا ہی	رُبّ (ملوم) لا ذنب له
	بعض ملامت کیا گیا بے عذر ہوتا ہی	رُبّ (ملوم) لا عذر له
	بعض ملامت کرنے والا خود قابلِ ملامت ہوتا ہے	رُبّ (لائم) ملیمٌ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(اللیلُ) اخفیٰ للویل	رات تباہی کی زیادہ پردہ دار ہے	کیونکہ رات کو سنگین سے سنگین فعل کیا جا سکتا ہے
(لِین) الکلام قید القلوب	نرم بات دلوں کی زنجیر ہے	یعنی نرم گفتگو سے دل قابو میں آجاتے ہیں
من (لانت) کلمتہ وجبت محبتہ	جس کی گفتگو نرم ہوئی اس کی محبت واجب ہوئی	

باب المیم

ضرب المثل	معنیٰ	محل استعمال
(مثلَ) النعامۃ لا طیرُ ولا جملُ	شتر مرغ کے مثل کہ نہ پرند ہے اور نہ اونٹ	وہ شخص مراد ہے کہ جس کی برائی یا بھلائی کے متعلق کچھ پتہ نہیں۔ نیز وہ شخص جو فریقین
(مثلَ) ابنۃ الجبل مھما یُقل تقُل	آواز بازگشت کے مانند کہ جب جب کہا جاتا ہے وہ کہتی ہے	یعنی فلاں شخص کی رائے کچھ نہیں۔ جو کچھ سنتا ہے وہی کہدیتا ہے
من (مَحَضک) مودّتہ فقد خوّلک مھجتہ	جس نے تجھ سے خاص محبت کی اس نے اپنی جان تجھے سپرد کردی (یا اپنا خون یا خونِ دل تجھے سپرد کردیا)	
عند (الامتحان) یُکرم المرء او یُھان	امتحان کے وقت آدمی کو عزت نصیب ہوتی ہے یا ذلت	
مع (المخض) یبدو الزبد	بلونے سے مکھن نکلتا ہے	یعنی کوشش سے مقصد میں کامیابی حاصل ہوتی ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(امرّ) من الحنظل	ایلوے سے زیادہ کڑوا	
(المرءُ) باصغریه قلبه ولسانه	آدمی اپنے دل و زبان سے ہے اصغرین سے مراد زبان و دل	یعنی انسان کی خوبی کا دارومدار اس کے دل اور اس کی زبان پر ہے
(المرءُ) توّاقٌ الی مالم ینل	آدمی اس شے کا شوقین ہوتا ہے جو اسے حاصل نہیں	
(المرءُ) بخلیله	آدمی اپنے دوست کے ساتھ ہے	یعنی جیسا کسی کا دوست ہوگا ویسا ہی وہ ہوگا
(المرءُ) مرآۃُ اخیه	آدمی اپنے بھائی کا آئینہ ہوتا ہے	
کل (امرئٍ) فی بیته صبیٌّ	ہر شخص اپنے گھر میں بچہ ہے	یعنی بے تکلف اور آزاد
(المرأۃ) بلاحیاء کطعام بلا ملح	بے شرم عورت بے نمک کھانے کے مثل ہے	
(امرعتِ) العجزاء	ٹیلہ سرسبز ہوگیا	یعنی خیر کا ظہور ایسی جگہ سے ہوا کہ جہاں سے اس کی امید نہ تھی
(المزاح) لقاح الضغائن	مذاق عداوتوں کا مادۂ تولید ہے	
(المزاحۃ) تذهب المهابته	مذاق سے رعب چلا جاتا ہے	
اذالم (یمش) الزمان معک علی ماترید فامش معه علی مایرید	جب زمانہ تیری خواہش کے مطابق نہ چلے تو تو اس کی خواہش کے مطابق چل	زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ بساز
یحسب (الممطور) انّ کلاّ	بارش میں بھیگا ہوا گمان کرتا ہے کہ	یعنی مالدار شخص دوسروں کو مالدار خیال

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
مُطِرا	تمام بھیگے ہوئے ہیں	[illegible] ہرا ہی ہرے کا اندھا یعنی ایسا اندھا جس کی آنکھیں ہریاول کے زمانہ میں پھوٹی ہوں کہ...
(المعدة) بیت الداء والحمیة راس کل دواءٍ	معدہ بیماری کا گھر ہے اور پرہیز ہر دوا کا سر ہے	
لیس (للملولِ) صدیقٌ	رنجیدہ رہنے والے کا کوئی دوست نہیں ہوتا	۵ در محفل خود راہ مدہ ہمچو منے را افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را
(مَلِّکْ) ذا اْمرٍ اْمرہٗ	اہلِ کار کے سپرد اس کا کام کر دے	یعنی جو شخص جس کام کا اہل ہو اسے وہی کام سپرد کرے۔ ہر کا رے و ہر مردے جس کا کام اسی کو ساجھے یعنی مجھے اس کام کے کرنے پر مجبور مت کرو کہ جسے میں کرنا نہیں چاہتا
لا اْملکُ شدًّا ولا ارخاءً	میں نہ سختی پر قادر ہوں اور نہ نرمی پر	
من (مَنَّ) بمعروفہ افسدہٗ	جس نے احسان کر کے احسان جتلایا اس نے اسے (یعنی احسان کو) برباد کر دیا	
(المنّۃ) تھدم الصنیعۃ	احسان کا جتلانا احسان کو تباہ کر دیتا ہے	
(منعُ) الجمیع ارضی للجمیع	تمام کو روکنے نے تمام کو راضی کر دیا	یعنی ایک کو کم اور ایک کو زیادہ دینے سے شکایت پیدا ہوتی ہے۔ اگر کسی کو کچھ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		نہ دیا جائے تو شکایت پیدا ہی نہیں ہوتی
ثلثۃ (تمنع) المرء عن طلب المعالی قصر الہمۃ و قلۃ الحیلۃ وضعف الرأی	تین چیزیں آدمی کو مراتب عالیہ کی طلب سے روکتی ہیں کوتاہی ہمت قلتِ حیلہ اور ضعفِ رائے	
(موتوا) قبل ان تموتوا لیدرکوا حیوۃً ابدیاً	مرنے سے پہلے مرجاؤ تاکہ تمہیں ہمیشہ کی زندگی حاصل ہو	
(امنعُ) من عقاب الجوِّ	فضا کے عقاب سے زیادہ محفوظ	
(امنعُ) من لہاۃ اللیث	شیر کے مسوڑھوں سے زیادہ محفوظ	
کلّ (ممنوعٍ) مطبوعٌ	ہر ممنوع کی تابعداری کی جاتی ہے	یعنی ممنوع شے کی حرص ہوتی ہے
رُبّ (امنیّۃ) جلبت منیّۃً	بعض خواہش موت کو کھینچ لاتی ہے	
(المنیّۃ) ولا الدنیّۃ	موت اور نہ ذلت	یعنی موت منظور ہے ذلت منظور نہیں
(المنیّۃ) تضحک من الامنیّۃ	موت امید کی طرف سے ہنستی ہے	تقریباً اسی معنیٰ میں یہ ضرب المثل ہے تدبیر کند بندہ تقدیر کند خندہ
(تموت) الحرّۃُ ولا تاکل بثدییھا	شریف (یا آزاد) عورت مرجاتی ہے اور وہ اپنے پستانوں کی مزدوری نہیں کھاتی	یعنی وہ بھوک سے مرجانا قبول کرتی ہے مگر دودھ پلائی بننا منظور نہیں کرتی
(الموت) اھون ما بعدہ واشد ما قبلہ	موت اپنے بعد آسان ہے اور اپنے پہلے سخت ہے	
(مالٌ) تجلبہ الریاح	مال جسے کہ ہوائیں مہیا کرتی ہیں	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
تاخذہ الزوابع (المال) احصن درع یُتّقی بہا سہام الملامۃ	اسے بگولے جھپٹ لیتے ہیں مال محفوظ رکھنے والی زرہ ہے کہ جس کے ذریعہ سے ملامت کے بھالوں سے بچا جاتا ہے	
یا (ماءُ) لو بغیرک غصصتُ	اے پانی کاش کہ میرے حلق میں تیرے سوا کچھ اور اٹک جاتا	اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب وہ شخص درپئے آزار ہو جائے کہ جس سے امداد کی امید تھی جیسا کہ لقمہ اٹک جانے پر پانی سے امداد لی جاتی ہے مگر جب پانی خود ہی اٹک جائے تو امداد کس سے لی جائے۔

باب النون

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(النار) ولا العار	آگ منظور ہے اور ذلت منظور نہیں	یہ فقرہ خاصکر ان عرب بہادروں کی زبان پر سے نعرہ بن کر نکلتا تھا کہ جو دشمن کی فوجوں سے محصور ہو جاتے تھے۔ اور مر جانے کو اطاعت پر ترجیح دیتے تھے
(انائی) من الکوکب (نبح) الکلاب لا یضرّ بالسحاب	ستارہ سے زیادہ دور کتوں کا بھونکنا بادل کو نقصان نہیں پہنچاتا	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(انجز) حُرٌّ ما وعَدَ	شریف نے جو وعدہ کیا وہ پورا کر دیا	
مَن (نجا) برأسه فقد ربح	جو اپنا سر سلامت لے گیا وہ فائدہ میں رہا	جان بچی لاکھوں پائے خیر سے بدھو گھر کو آئے
(نحتَ) اثلتهٗ	اس نے اس کے حسب و نسب کو عیب لگایا	
(النحو) فی الکلام کالملح فی الطعام	گفتگو میں نحو ایسی (ضروری) ہے جیسا کہ نمک کھانے میں	
(الندمُ) علی السکوت خیرٌ من الندَم علی القول	خاموشی پر نادم ہونا بہتر ہی بولنے پر نادم ہونے سے	
(اندمُ) من الکُسَعیّ	کسعی سے زیادہ نادم	کسعی نامی ایک شخص اپنے اونٹوں کو چرا رہا تھا کہ اس نے ایک چٹان پر ایک ایسے

پہاڑی درخت کو اگا ہوا دیکھا کہ جس سے تیر کمان بنائے جاتے تھے۔ کسعی اسے دیکھ کر خوش ہوا اور روزانہ پانی دیتا رہا۔ یہاں تک کہ درخت خوب موٹا ہو گیا۔ کسعی نے اسے کاٹ کر ایک کمان اور پانچ تیر بنائے اور شکار کی غرض سے ایسی جگہ گھات لگا کر بیٹھ گیا کہ جو گورخروں کی گزرگاہ تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد ان کا ایک گلہ آیا۔ اس نے فوراً ایک گورخر پر تیر چلایا۔ جو شکار کو چیرتا ہوا ایک چٹان سے جا ٹکرایا۔ اس نے چٹان سے چنگاری نکلتی ہوئی دیکھ کر خیال کیا کہ نشانہ خطا گیا۔ اس نے باقی چار تیر بھی چلا دیئے جو اپنے شکار کو چیرتے ہوئے چٹان سے جا ٹکرائے۔ لیکن وہ یہی سمجھتا رہا کہ نشانہ خطا گیا آخر طیش میں آکر اس نے کمان کو بھی توڑ دیا چونکہ اب رات ہو گئی تھی اس لئے اسی جگہ پڑ کر سو رہا جب صبح کو اٹھا تو اس

نے دیکھا کہ پانچ گورخر شکار کئے ہوئے پڑے ہیں لہذا وہ نہایت نادم ہوا۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(النزائع) لا القرائب	نکاح کرو اجنبی عورتوں سے کہ قریبی عورتوں سے (نزوجوا مقدر ہے اس کی بنا پر نزائع منصوب ہے)	
اذا نزا) بک الشر فاقعد	جب تجھ پر شر نازل ہو تو بیٹھ جا	استقامت دکھا
عند النازلۃ) تعرف اخاک	مصیبت کے وقت تو اپنے بھائی کو پہچانتا ہے	
اللھم انزلت) بلاءً فانزل صبراً و وھبت عافیۃً فھب شکراً	یا اللہ تو نے بلا نازل کی تو صبر (بھی) نازل فرما اور تو نے عافیت بخشی تو شکر (بھی) مرحمت فرما	
انہ (نسیج) وحدہ	وہ ایک ہی بنا ہوا ہے	یعنی وہ اپنی خوبیوں میں لاثانی ہے
ان (النساء) حبائل الشیطان	عورتیں شیطان کا جال ہیں	ان کی وجہ سے طرح طرح کے گناہوں کا ارتکاب ہوتا ہے
(النشید) مع المسرۃ	شعر پڑھنا خوشی کے ساتھ ہے سے گیا ہو جب اپنا ہی جیوڑا نکل کہاں کی رباعی کہاں کی غزل	شنفری نامی ایک شخص کو اس کے دشمنوں نے پکڑ لیا اور قتل کرنا چاہا۔ انہوں نے اس سے شعر پڑھنے کی فرمائش کی جس کے جواب میں اس نے کہا کہ شعر خوشی کی حالت میں پڑھا جا سکتا ہے
(انشط) من ظبیِ مقمرٍ	چاندنی کے ہرن سے زیادہ خوش	ہرن چاندنی رات میں بہت اچھلتا کودتا اور کلیل کرتا ہے

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
اذا (نصر) الرای بطل الھوٰی	جب رائے کی مدد کی جاتی ہے تو ہوس ناکام رہتی ہے	ترک ہوس اصابت رائے کی دلیل ہے
(نصرة) الحقِ شَرَفٌ	حق کی اعانت شرافت ہے	
لو (انصف) الناسُ استراح القاضی	اگر لوگ انصاف کرنے لگیں تو قاضی آرام کرے	
لا (ینتصفُ) حلیمٌ من جھولٍ	حلیم کا انصاف جاہل سے نہیں کیا جا سکتا	
(نصفُ) العقل مُدارَاۃ الناس	لوگوں کی مدارات نصف عقل ہے	
(انضج) اخوك ثم رَمَّد	تیرے بھائی نے پکایا پھر خاکستر آلود کر دیا	یعنی کام کو اچھی طرح سے انجام دیکر پھر بگاڑ دیا
عند (النِطاح) یغلب الکبش الاجمُّ	سینگ مارنے کے وقت بے سینگ مینڈھا مغلوب ہو جاتا ہے	یعنی جو شخص تیار نہیں ہوتا وہ ناکام رہتا ہے
من (نظَرَ) فی العواقب سلمَ من النوائب	جس نے انجام پر نظر رکھی وہ مصائب سے محفوظ رہا	
لا (تنظر) الی من دونك شزرًا فانّ لکل مدٍّ جزرًا	اپنے سے کمتر کو ترچھی نظر سے مت دیکھو در حقیقت ہر مد کے لئے جزر ہوتا ہے	
من صار (نعجةً) اکله الذئب	جو بھیڑ بنا اسے بھیڑئیے نے کھا لیا	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(نِعمَ) کلبٌ من بؤس اھلہ	کتا اپنے آقا کی مصیبت سے بھلا چنگا ہوگیا	ایک قبیلہ کی بھیڑوں اور بکریوں میں وبا پڑ گئی! اور وہ بتعداد کثیر مر گئیں جنھیں کھا کر اس قبیلہ کے کتے موٹے ہو گئے
مثل (النعامۃ) لا طیرٌ ولا جملٌ	شترمرغ کے مثل ہے نہ پرندہ ہے اور نہ اونٹ	یعنی نہ کسی کی برائی میں اور نہ بھلائی میں
(نفخت) فی غیر ضرامٍ	تو نے بغیر آگ کے پھونک ماری	بے موقعہ کام کرنے والے کو کہا جاتا ہے
ما بھا (نافخ) ضرمۃٍ	اس میں (یعنی گھر میں) چنگاری کا پھونکنے والا نہیں	یعنی گھر میں کوئی نہیں
(انفذُ) من السھم	تیر سے زیادہ پار ہونے والا	
(انفر) من ظبیٍ	ہرن سے زیادہ بھاگنے والا	ہرن کی بھڑک مشہور ہے
(نفسُ) عصامٍ سوّدت عصاما	عصام کی ذات نے عصام کو سردار بنا دیا	اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو اپنی ذاتی قابلیت سے اعلیٰ رتبہ تک پہنچ جائے عصام شاہ نعمان کا دربان تھا اپنے ذاتی جوہر کی بنا پر دربانی سے بادشاہی تک پہنچا اس کے بارے میں یہ شعر مشہور ہے نفسُ عصامٍ سوّدت عصاما وعلّمتہ الکرّ والاقداما وصیّرتہ ملکاً ھماما

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		یعنی عصام کی ذات نے عصام کو سردار بنا دیا اور اسے حملہ آور ہونا اور آگے بڑھنا سکھا دیا اور اسے اولوالعزم بادشاہ بنا دیا
ما ینفع الکبد یضرّ الطحال	جو شے جگر کو فائدہ پہنچاتی ہے وہ تلی کو نقصان پہنچاتی ہے	ہر کام میں نفع نقصان دونوں کا پہلو ہوتا ہے
لا ینفع حذرٌ من قدرٍ	تقدیر کے مقابلہ میں ڈر فائدہ نہیں دیتا	
ما تنفع الشفعة فی الوادی الرّغب	معمولی بوندا باندی وسیع وادی میں کوئی نفع نہیں پہنچاتی	
وما تنفعُ السیوف بلا رجالٍ	بغیر آدمیوں کے تلواریں بے سود ہیں	
ثلثة لا ینتفعون من ثلثة شریف من دنیٍّ وبارٌ من فاجرٍ وحکیمٌ من جاهلٍ	تین کو تین سے فائدہ نہیں پہنچتا شریف کو کمینہ سے نیک کو فاجر سے اور حکیم کو جاہل سے	
من جعل نفسه عظماً اکلتهُ الکلاب	جو اپنے کو ہڈی بنا دے اسے کتے کھا ڈالتے ہیں	سختی اور درشتی کے اختیار کرنے سے منع کیا گیا ہے
النقد صابون القلب	نقدی دل کا صابون ہے	دل میں پریشان خیالات نہیں آتے
ما نقص من مالك ما	جس شے نے تیری عقل میں افزونی	یعنی نصیحت سے مال کو نقصان نہیں پہنچتا

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
زاد فی عقلِكَ	کی اس نے تیرے مال میں کمی نہیں کی	
من لم (یقنع) لم یشبع	جو قناعت نہیں کرتا اس کا پیٹ نہیں بھرتا	
من (نقل) الیكَ فقد نقلَ عنكَ	جس نے تجھ تک (بات یعنی غیبت) پہنچائی وہ تیری طرف سے بھی پہنچائے گا	ہر کہ عیب دگراں پیش تو آورد وشمرد بے گماں عیب تو پیش دگراں خواہد برد
(انقل) من فیئٍ	سایہ سے زیادہ منتقل ہونے والا	
(انقی) من الدمعة	آنسو سے زیادہ صاف	
(انکر) من شیئٍ	شے سے بڑھ کر نکرہ	ہر چیز پر شے کا اطلاق ہونے کے باعث شے سب سے بڑھ کر نکرہ ہے
(انم) من التراب	مٹی سے زیادہ سخن چین	کیونکہ مٹی ہر چیز کے نشان کو جلد قبول کر لیتی ہے
(انم) من الصبح	صبح سے زیادہ سخن چین النمیمة بمعنی سخن چینی یا سخن آراستن بدروغ	کیونکہ صبح کی روشنی ہر چیز پر سے تاریکی کا پردہ اٹھا دیتی ہے
من (نهشته) الحیّةُ حذر الرسن	جسے سانپ نے ڈسا وہ رسی سے ڈرا	دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک پیئے۔ مار گزیدہ از ریسماں می ترسد
ہل (ینهض) البازی بلا جناحٍ	کیا باز اڑنے کے لئے بغیر بازو کے پر پھیلا سکتا ہے	یعنی تعاون کرنا چاہیئے
(الناس) اتباع من غلبَ	لوگ غالب کے مطیع ہوتے ہیں	جس کی لاٹھی اس کی بھینس Might is right

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(النّاس) عبید الاحسان	لوگ احسان کے بندے ہوتے ہیں	
(النّاس) علی دین ملوکہم	لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر ہوتے ہیں	اُن کے بتے طریقے اختیار کر لیتے ہیں
لِکلِّ (اُناسٍ) فی بعیرھم خبرٌ	لوگ اپنے اپنے اونٹ سے خوب واقف ہوتے ہیں	یعنی ہر شخص اپنا حال خوب جانتا ہے
(استناق) الجملُ	اونٹ اونٹنی بن گیا	ایک کمزوری دکھانے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے
(نوم) العالم خیرٌ من عبادۃ الجاھلِ	عالم کی نیند جاہل کی عبادت سے بہتر ہے	
(نام) عصامُ ساعۃَ الرحیلِ	عصام سفر کے وقت سو گیا	
(النویٰ) اوّلُ الشجرۃِ	گٹھلی درخت کا آغاز ہے	یعنی بڑے بڑے واقعات کا دارومدار چھوٹے واقعات پر ہے

باب الہاء

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(یھبُّ) مع کل ریحٍ	ہر ہوا کے ساتھ اڑ جاتا ہے	تھالی کا بینگن - ابن الوقت جی حضوری
(اہدیٰ) من الید الی الفم	منہ کی طرف ہاتھ سے زیادہ واقف راہ	یعنی خوب واقفِ کار

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لا (تهرف) بما لا تعرف	جس سے واقف نہیں اس کے گن نہ گا	
(هرّق) على جمرك	اپنی چنگاری پر (پانی) ڈالدے	یعنی غصہ ٹھنڈا کر
اِمّا (هلكٌ) وإمّا ملكٌ	یا ہلاکت اور یا سلطنت	تخت یا تختہ
كلّ (همّ) الى فرجٍ	ہر غم کشائش کی طرف	یعنی غم کبھی نہ کبھی ختم ہوجاتا ہے
من (اهان) ماله اكرم نفسه	جس نے مال کی توہین کی اس نے اپنے نفس کی عزت کی	
ان (الهوان) للئيم مرأمةٌ	توہین کمینہ کے لئے مہربانی ہے	یعنی کمینہ کی توہین کرنے سے اس کا شر ختم ہوجاتا ہے
(الهوى) من النوى	محبت جدائی سے ہے	یعنی دوری میں محبت زیادہ ہوتی ہے
انّ (الهوى) الهوان	محبت ذلت ہے	
من (هابَ) خابَ	جو ڈرا وہ ناکام رہا	
من (هاب) الرجال تهيّبوه	جو لوگوں سے ڈرا انہوں نے اسے ڈرایا	

باب الواو

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لولا (الوئام) لهلك الانام	اگر باہمی موافقت نہ ہوتی تو مخلوق تباہ ہوجاتی	
لا (تثق) بالدولة فانها	دولت پر بھروسا مت کرو وہ ڈھلنے والی	

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
موقع سے فوراً فائدہ اٹھانا چاہیئے	سایہ ہے نعمت پر اعتماد مت کر وہ سفر کرنے والا میہمان ہے	ظلٌّ زائلٌ ولا تعتمد على النعمة فانها ضيفٌ راحلٌ
یعنی مجھے کارکردگی کا موقعہ نہیں ملتا	مجھے چھرے کے لئے کاٹنے کی جگہ نہیں ملتی	لم (اجد) لشفرةٍ محزّاً
	تنہائی برے شریک صحبت سے بہتر ہے	(الوحدةُ) خيرٌ من جليس السوء
یعنی ایک عظیم الشان مقصد کو لیکر فروعات میں نہ پڑ	ایک ڈنڈیوں کو چھوڑ	(دع) عنك بُنَيّاتِ الطريق
	ملامت کو چھوڑ دے ملامت مصیبت کی امداد ہے	(دع) اللوم انّ اللوم عون النوائب
یہ قول اضبط بن قریع کا ہے وہ اپنے قبیلہ بنو سعد سے کسی بات پر ناراض ہو کر	ہر وادی میں بنو سعد ہیں	لکل (وادٍ) بنو سعدٍ

چلا گیا لیکن دوسری جگہ اس کا مطلب حل نہ ہوا اس لئے اسے اپنے قبیلہ میں واپس آنا پڑا۔ یہ قول اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب ہر جگہ وہی مصیبت پیش آئے کہ جس سے راہِ فرار اختیار کی گئی تھی۔

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
عرب کا مشہور شاعر نابغہ شاہ نعمان کی	اے عصام تیرے پیچھے کیا ہے	ما (وراءک) یا عصام

عیادت کے لئے آیا لیکن عصام نامی دربان نے اسے اندر جانے سے روکدیا تب نابغہ نے کہا:

فانی لا الومك فی دخول ولکن ما وراءك یا عصام

اندر جانے کے متعلق میں تجھے برا بھلا نہیں کہتا اور لیکن اے عصام تیرے پیچھے کی کیا خبر ہے (یعنی بادشاہ کی طبیعت کیسی ہے)

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(الورع) شجرۃٌ اصلھا القناعۃ و ثمراتھا الراحۃ	پرہیزگاری درخت ہے اس کی جڑ قناعت ہے اور اس کا پھل آرام ہے	
حتّٰی (یرد) الضبُّ	یہاں تک کہ گوہ (پانی پر) اتر آئے	امر ناممکن مراد ہے کیونکہ گوہ کبھی پانی نہیں پیتی
(اوسعتھم) سبًّا واودوا بالابلِ	تو ان پر گالیوں کی بوچھار کرتا رہ گیا اور وہ اونٹ لے اُڑے	اس شخص کے متعلق کہا جاتا ہے کہ جو دشمن کو گالیاں ہی دیتا رہے اور نقصان کچھ نہ پہنچا سکے

اس ضرب المثل کا تعلق اس واقعہ سے ہے کہ قبیلہ بنو اسد میں سے ایک شخص حرث بن ورقاء نے زہیر کے اونٹوں پر غارت ڈالی اور اُن کو چرواہوں سمیت لے اڑا زہیر سے اور تو کچھ نہ ہو سکا وہ صرف حرث اور اس کی قوم کی ہجو اشعار میں کرنے لگا جس کی ذرہ برابر پروا حرث نے نہیں کی تب کعب نے اپنے باپ زہیر سے کہا اوسعتھم سبًّا واودوا بابلك واضرّ وابك۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
فی (سعۃ) الاخلاق کنوز الارزاق	وسعت اخلاق میں رزقوں کے خزانے ہیں	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
کن (وصیَّ) نفسِکَ	اپنا خود وصی بن	وصی اسے کہا جاتا ہے کہ جسے کسی کام کی ذمہ داری سونپی جائے
اِنَّ (المُوصَّین) بنو سھوانٍ	وصی بنائے ہوئے (یعنی جن کو وصیت کی گئی) بھولنے والے کے بیٹے ہیں	یعنی جس کسی کو کوئی ذمہ داری سونپی جائے تو اس کے ساتھ بھول چوک بھی ہے۔ کیونکہ وہ آدم کا بیٹا ہے کہ جو گندم کے استعمال کے امتناع کو بھول گئے تھے سہوان سے مراد آدم ہے
این (یضع) المخنوق یدہ	گلا گھونٹا ہوا کہاں اپنا ہاتھ رکھے	یعنی بے بسی میں کچھ نہیں ہو سکتا
ضع الفاس فی الراس	کلہاڑی سر پر رکھ	یعنی جلدی کر
من (تواضع) وقرو من تعاظم حقِرَ	جس نے تواضع کی اس کی عزت کی گئی اور جس نے تکبر کیا اس کی توہین کی گئی	ترغیب انکسار و ترک تکبر
(وعدُ) الکریم دَینٌ	شریف کا وعدہ قرض ہے	
(وعدُ) بلا وفاءٍ عداوۃٌ بلا سببٍ	بغیر وفا کا وعدہ بلا وجہ کی عداوت ہے	
(العدۃُ) عطیّۃٌ	یعنی جیسا کہ عطیہ کا واپس لینا قابل شرم ہو ویسا ہی وعدہ کے خلاف کرنا قابل شرم ہے	
(وافقَ) شنٌّ طبقۃً	چرمی لگن اپنے ڈھکن پر پورے طور آ گئی	

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
(وافق) شنٌّ طبقَةَ	شن (کا مذاق) طبقہ کے موافق آگیا	شن عقلائے عرب میں سے ایک شخص تھا اس نے

یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ جب تک اس کے مذاق کی بیوی اسے نہ ملے گی اس وقت تک وہ شادی نہ کرے گا۔ ایسی بیوی کی تلاش میں وہ عرصہ تک مارا مارا پھرتا رہا۔ ایک دفعہ اس کے ہمراہ ایک شخص سفر کر رہا تھا اور اسے اپنے گھر لے جا رہا تھا۔ راہ میں شن نے اس سے کہا ا تحملنی ام احملک (کیا تو مجھے اٹھائے گا یا میں تجھے اٹھاؤں) یعنی راستہ کاٹنے کے لئے میں سلسلہ کلام کا آغاز کروں یا تو کرے گا۔ آگے بڑھ کر دیکھا کہ ایک جگہ ایسی معلوم ہوتی ہے کہ جہاں سے کھیتی کاٹی جا چکی ہو۔ شن نے پوچھا اکل ھذا الزرع ام لا (کیا یہ کھیتی کھائی جا چکی یا نہیں) یعنی اسے فروخت کر دیا گیا اور اس کے دام کھا لئے گئے۔ کچھ آگے بڑھکر دیکھا کہ ایک جنازہ آ رہا ہے شن نے کہا احیٌّ من علیٰ ھذا النعش ام میّتٌ (اس چارپائی پر جو کوئی ہے وہ زندہ ہے یا مردہ نعش اس چارپائی یا تخت کو کہتے ہیں کہ جس پر مردہ اٹھایا جاتا ہے) یعنی کیا کوئی اس میت کا پس ماندہ ہے کہ جس سے اس کا تذکرہ زندہ و باقی رہے۔ رفیق سفر ان تینوں فقروں کا مطلب سمجھ تو گیا مگر اس نے ہر ایک کا جواب دانستہ طور سے غلط دیا۔ جب وہ شن کو لیکر گھر پہنچا تو اس کی بیٹی طبقہ نے شن کے متعلق دریافت کیا کہ یہ کون شخص ہے۔ اس نے شن کا تعارف کراتے ہوئے یہ تینوں فقرے بھی اس کے گوش گزار کئے جنھیں سن کر وہ کہنے لگی کہ ابا یہ شخص تو نہایت ذکی اور عقلمند معلوم ہوتا ہے پھر اس نے ہر ایک جملہ کا مطلب بیان کیا۔ اس نے فوراً ہی ان مطالب کا تذکرہ شن سے کر دیا جن کے سنتے ہی شن نے پیام شادی دیا جو فوراً ہی قبول کر لیا گیا اور دونوں کا نکاح ہو گیا۔ جب شن اپنی دلہن کو لے کر اپنے گھر پہنچا تو گھر والوں نے سارا قصہ سن کر کہا وافق شنٌّ طبقَةَ

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
ان لم یکن (وفاق) ففراقٌ	اگر موافقت نہ ہو تو فراق (بہتر ہے)	
(اوفیٰ) من السموال	سموال سے زیادہ وفا کرنے والا	سموال کی وفا کا قصہ یہ ہے کہ امرؤ القیس

نے روم کے سفر کا قصد کرتے وقت چند زرہیں سموال کے پاس امانت رکھیں۔ کچھ عرصہ کے بعد امرؤ القیس کے مرنے کی خبر آئی اور اس عرصہ میں شام کے کسی امیر نے سموءل کے قلعہ کا محاصرہ کر لیا اور اس کے بیٹے کو پکڑ لیا اور قلعہ کے اندر اس کے پاس پیغام بھیجا کہ امرؤ القیس کی زرہیں ہمارے حوالہ کر دو ورنہ ہم تمہارے لخت جگر کو قتل کر ڈالیں گے۔ اس پیغام کے جواب میں اس نے زرہیں دینے سے انکار کیا اور نہایت صبر و استقلال سے اپنے بیٹے کو فصیل پر سے قتل ہوتے ہوئے دیکھتا رہا۔ اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد اس نے یہ زرہیں امرؤ القیس کے وارثوں کو سپرد کر دیں۔

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
لا تقعن البحر الا سابحاً	سمندر میں اپنے کو مت ڈال مگر تیراک ہونے کی حالت میں	تعلیم احتیاط
اتق شر من احسنت الیہ	بچ اس شخص کے شر سے کہ جس پر تو نے احسان کیا	کیوں کہ دنیا محسن کش ہے
التوکل قطع القلب عن کل علاقۃ والتعلق باللہ فی جمیع الاحوال	توکل ہر علاقہ سے دل توڑنے اور تمام حالتوں میں اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑے رکھنے کا نام ہے	
من اتکل علی زاد غیرہ طال جوعہ	جو اپنے غیر کے توشہ پر بھروسہ کرے وہ بھوکا ہی رہے گا	
لا تلد الذئبۃ الا ذئباً	بھیڑی بھیڑیا ہی جنتی ہے	سانپنی کے سانپ ہی پیدا ہوتے ہیں
ہل تلد الحیۃ الا الحیۃ	کیا سانپ سانپ کے سوا جنتا ہے	
من لہ المولیٰ فلہ الکل	جس کے لئے مولیٰ ہو اس کے لئے کل ہے	غ۔ مربی بیار و مربی بخور "
اوھن من بیت العنکبوت	مکڑی کے گھر سے زیادہ کمزور	
عندک وھی فارقعہ	تجھ میں عیب ہے اس کی اصلاح کر	یعنی کسی دوسری عورت کو عیب مت لگا اپنی اصلاح کر

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	حاسد کے لئے اس کے حسد کی وجہ سے ہلاکت ہے	(ویلٌ) للحسود من حسدہ
یعنی آفاتِ لسانی کی وجہ سے جان چلی جاتی ہے	ہلاکت ہے سر کے لئے زبان سے	(ویلٌ) للراس من اللسان
یعنی عدیم الفرصت کو ایک بے کار کی مصاحبت تباہ کر دیتی ہے	ہلاکت ہے مشغول کے لئے بے کار کی وجہ سے	ویلٌ للشجی من الخلی
	ایک تباہی آسان ہے دو تباہیوں سے	(ویلٌ) اھون من ویلین

باب الیاء

محل استعمال	معنی	ضرب المثل
	ڈوبنے والے سے زیادہ مایوس	(ایأس) من غریق
یعنی وہ انصاف کرتا ہے	شریف کا ہاتھ ترازو ہے	(یدُ) الحرّ میزان
	ایک ہاتھ زخمی کر رہا ہے اور دوسرا تیری طرف سے میری دوا کر رہا ہے	(یدٌ) تشجّ و اُخری منک تاسونی
بُرے ہیں یا بھلے ہیں آپ ہی کے ہیں	تیرا ہاتھ تیری طرف سے ہی خواہ وہ شل ہو	(یدُک) منک وان کانت شلاء
زباء کا قصہ باب الالف میں گزر چکا ہے جب قصیر اور عمرو نے اس پر قابو پالیا تو اس نے یہ کہکر "بیدی لا بید یک عمرو" یعنی اے عمرو تیرے ہاتھ نہ مروں گی اپنے ہاتھ سے مروں گی" اپنی انگوٹھی میں سے	اپنے ہاتھوں سے اے عمرو نہ تیرے ہاتھوں سے	(بیدیّ) لا بیدیک عمرو

ضرب المثل	معنی	محل استعمال
		ہیرے کی کنی نکال کر منہ میں ڈال لی
ہم علیہ (ید) واحدۃٌ	وہ اس کے خلاف ایک ہاتھ ہیں	یعنی وہ سب کے سب فلاں کے مقابلہ میں بالکل متحد ہیں
ہو (عندی) بالیمن	وہ میرے نزدیک سعادتمند ہے	یعنی اس کی عزت میرے دل میں ہے
الا لا (ایمان) لمن لا صبر لہ	آگاہ رہو کہ جو صابر نہیں وہ مومن نہیں	
(یوم) السرور قصیرٌ	خوشی کا دن چھوٹا ہوتا ہے	
(یوم) المظلوم علی الظالم اشد من یوم الظالم علی المظلوم	مظلوم کا دن ظالم پر زیادہ سخت ہے مظلوم پر ظالم کے دن سے	
(یومٌ) لنا ویومٌ علینا	ایک دن ہمارے مطابق اور ایک دن ہمارے مخالف	یعنی زمانہ کسی کے لئے یکساں نہیں رہتا کہ آئین جہاں گاہے چنیں گاہے چناں باشد
(الیومَ) خمرٌ وغداً امرٌ	آج شراب ہے اور کل ہم ہے	جس وقت امرؤ القیس کو اس کے والد کے قتل ہو جانے کی خبر ملی اس وقت اس کی مجلس میں دور شراب چل رہا تھا یہ خبر سنکر اس نے یہ فقرہ کہا جس کا مطلب یہ ہے کہ اب تو شراب کا دور چلنے دو کل کو انتقامی کارروائی کی جائیگی
ان مع (الیوم) غداً	آج کے ساتھ کل ہے	کہ آئین جہاں گاہے چنیں گاہے چناں باشد

تمت بالخیر

محمد فضل قدیر ظفر ندوی۔ کیتھل

یوم الجمعہ ۲۱ ربیع الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۳ ستمبر ۱۹۳۲ء

صحت نامہ:- نہایت افسوس ہے کہ فاضل مؤلف صاحب کے مخصوص طرزِ املا کی وجہ سے کتابت کی کچھ غلطیاں رہ گئیں۔ مناسب ہے کہ مطالعہ سے قبل صحیح فرمالی جائیں۔ طابع

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۵	۲	۱۱	افصل	افعل	۴۱	۱	۹	ثئیۃٌ	رثیمئۃٌ
۸	۲	۱۲	الشّی	الشّئی	۴۱	۱	۱۲	تکنۃٌ	ثکنۃٌ
۸	۲	۱۳	الشّی	الشّئی	۴۲	۱	۱۳	ھامیش	ھامیشٌ
۱۵	۲	۴	غرقۃٌ	غرفۃٌ	۴۵	۲	۶	خنجہ	خنجر
۱۵	۲	۹	شنط	شنطاً	۴۸	۲	۵	غزار	عِذار
۱۶	۲	۱۲	یسارۃ	یسارۃٌ	۶۰	۱	۸	غلّنیۃٌ	غلّینۃٌ
۱۹	۱	۲۱	عرٌ	عَمٌ	۶۰	۱	۱۵	منجوّلۃٌ	متجوّلۃٌ
۱۹	۲	۱۱	حلم	حَلَمٌ	۶۳	۱	۲	عطریۃٌ	عطیریۃٌ
۱۹	۲	۱۷	نبخ الکلب نبخا	نبح الکلب نبحا	۶۳	۲	۵	سکرتاریۃٌ	سکرتاریّۃٌ
۲۲	۱	۳	صبنجہ	صنجہ	۶۵	۲	۱	قجلۃٌ	فجلۃٌ
۲۲	۲	۳	بتطلون	بنطلون	۶۹	۱	۱۵	الجرئیۃُ	الجزئیۃُ
۲۳	۱	۷	مدرسۃ النحب	مدرسۃ الشعب	۷۶	۲	۱۱	البصاعہ	البضاعۃُ
۲۴	۱	۱۳	شپک ڈخہ	شپکہ ڈخہ (شپیگ ڈزہ)	۷۷	۱	۶	ادن باشی	اون باشی
۲۸	۱	۵	الغضہ	الفضۃ	۷۸	۲	۱۵	تھانی	تہانے
۲۹	۲	۸	فسخۃٌ ج فسخٌ	فُسحۃٌ ج فُسَحٌ	۷۸	۲	۱۸	اغلیۃٌ	اغلبیّۃٌ
۳۱	۱	۵	طاقۃ السیاب	طاقۃ الثیاب	۷۹	۱	۱۱	ناوٗلوں	ناولوں
۳۲	۱	۱۳	فرکشتہ	فرکشۃٌ	۷۹	۲	۲	کرٗ	کرٹی
۳۸	۱	۶	مکوّک	مکوک	۷۹	۲	۷	فدّائی	قدّائی
۳۸	۱	۲	مقلمیّۃٌ	مقلمۃٌ	۸۰	۱	۱۲	آمس	امس
۳۸	۲	۱۱	شلۃٌ	شِلتۃٌ	۸۲	۲	۹	کینیا	کینا
۳۹	۱	۱۲	شنۃٌ	شنتۃٌ	۸۳	۱	۹	ناقذۃٌ	نافذۃٌ
۴۰	۱	۶	شعشۃٌ	شعشعۃٌ	۸۳	۲	۱۴	کیپ	کیمپ

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۸۶	۲	۱۷	مرفا	مرنا
۸۹	۲	۴	سیتاں	سبستاں
۹۰	۲	۱۱	قشنک	فِشنک
۹۳	۲	۱۵	شعب	شعب
۹۳	۲	۱۸	دبوٗ	دبوٗ
۹۴	۱	۱۴	مدارارہ	مدراۃٌ
۹۵	۱	۱۸	تلاشی	تلاشی
۹۵	۲	۱۷	حقبۃٌ	حقیبۃٌ
۹۶	۲	۱	اختلال	احتلال
۱۰۲	۲	۳	العد	العھد
۱۱۲	۱	۱۱	الکتاب	الکذب
۱۱۳	۲	۱	کپڑوں	کیڑوں
۱۱۴	۱	۵	آلی	الٰی
۱۲۸	۳	۳	کا	کار
۱۲۸	۲	۹	ہوگی	ہوگئی
۱۲۹	۱	۹	الاخر	للآخر
۱۳۱	۱	۳	البنۃ	النیہ
۱۳۱	۱	۵	راغبہ	راغیہ
۱۳۵	۳	۱۶	شاہ	ساہ
۱۴۱	۱	۱۱	حوال	حول
۱۴۷	۲	۲	افضل	فضل
۱۴۷	۱	۱۲	احشک	اَحُشُکَ
۱۴۸	۱	۱۰	مغضیۃ	مغضبۃٌ
۱۴۹	۱	۶	ایتھا	اُدمیتھا
۱۵۰	۱	۶	فتعقی	فتُعقّی
۱۵۱	۳	۱	تیروں	نیزوں
۱۵۸	۳	۸	بمرکش	بمرگش
۱۵۹	۱	۱	النخادل	التخاذل
۱۶۳	۲	۱۵	اگاہ	آگاہ
۱۶۳	۲	۱۷	کہاجائے	کیاجائے
۱۶۷	۳	۳	شواں کرد	تواں کرد
۱۶۸	۱	۶	تخوصہ	تحوصہ
۱۷۱	۳	۱۲	حیرانی	حیران
۱۷۳	۱	۱۴	الفرع	الضرع
۱۸۳	۱	۷	الجدر	الجدد
۱۸۴	۲	۴	غیب	غیبت
۱۹۰	۱	۱۲	بتقیہ	یتقیہ
۱۹۱	۲	۱	پراہ	پرواہ
۱۹۲	۱	۵	نفس	نفسی
۱۹۷	۳	۱	سہسوار	شہسوار
۱۹۸	۱	۳	شمرۃ	ثمرہ
۲۰۵	۱	۴	عثرہ	عاثرۃ
۲۰۵	۱	۶	عثرہ	عاثرۃٌ ترو تازہ
۲۱۱	۲	۱۰	کھجوریں	کھجوریں
۲۱۱	۱	۱۱	کحلِ	تحملِ
۲۱۴	۲	۱	لیتا	لینا
۲۲۴	۳	۱	ان اسطع ردا لما	ان استطیع ردا لما مضی
۲۳۴	۳	۱	دلائم	ملائم
۲۴۱	۱	۳	الملاتہ	الملاومۃ
۲۴۱	۱	۹	نیج	نبح
۲۴۷	۳	۳	ہر	پر

بفضل خدا

شروانی پرنٹنگ پریس علی گڑھ میں لوہے
اور پتھر دونوں قسم کے چھاپوں میں عربی، فارسی،
اُردو، ہندی، انگریزی کا ہر قسم کا کام نہایت صحّت
اور کفایت کے ساتھ ہوتا اور وقت پر دیا جاتا ہے
کتابوں کی فرمائش اور ہر قسم کی خط و
کتابت کے لئے پتہ :

محمد مقتدیٰ خاں شروانی علی گڑھ

کانفرنس گزٹ علی گڑھ

(یعنی)

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا تعلیمی و اصلاحی اخبار

جو زیر نگرانی

جناب نواب صدر یار جنگ بہادر آنریری سکرٹری کانفرنس

مہینہ میں چار بار شائع ہوتا ہی اور اس میں علی گڑھ کی تعلیمی تحریک، مسائل تعلیم و تربیت، موجودہ نظام تعلیم اور اصلاح تمدن و معاشرت پر بحث کی جاتی ہی۔ ہندوستان کے اسلامی پریس نے نہایت عمدہ و حوصلہ افزا الفاظ میں اس پر ریویو کیا ہی اور اس کے اخلاقی و اصلاحی بلند پایہ مضامین کی خاص طور پر مدح و ستائش کی ہی۔ طلبہ، اساتذہ، والدین اور عام ناظرین غرض سب کے لئے اس کا مطالعہ مفید اور ضروری ہی۔ اخبار بہت عمدگی و نفاست سے اچھے کاغذ پر چھپتا ہی اور متعدد تعلیم یافتہ و لائق اصحاب اس میں بلند پایہ مضامین لکھتے ہیں اور جدید تالیفات پر خاص اہتمام سے ریویو کرکے ارباب تالیف کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہی۔ نمونہ ایک کارڈ لکھنے پر مفت ملتا ہی۔ قیمت سالانہ تین روپیہ (عے)

اڈیٹر: محمد اکرام اللہ خاں ندوی

ملنے کا پتہ: صدر دفتر کانفرنس سلطان جہاں منزل علی گڑھ